U48751.

Title - FEHRIST AKHBARAAT-E-HIND.

Author - ~~MA~~ Mehboob Alam.

Publisher - Khadimul Taleem Press (Lahore).

Date - 1904.

Pages - 156.

Subjects - N.A.

فہرستِ اخباراتِ ہند

اس میں تمام ہندوستان کے ہر زبان کے

(۶۴۰) اخبارات اور رسالجات کا نام

معہ مقام۔ زبان۔ میعادِ اشاعت اغراض و

مقدارِ قیمت وغیرہ ضروری امور سمیت درج ہے

سنہ ۱۹۰۴ء

کارخانہ پیسہ اخبار کے خادم التعلیم سٹیم پریس لاہور میں منشی محمد عبدالعزیز

مینجر کے اہتمام سے طبع ہوئی

فہرست اخبارات ہند

بعض اوقات اہل ملک کو کوئی اخبار خریدنے کے لیئے اپنے مطلب کا اچھا اخبار یا رسالہ انتخاب کرنے کے واسطے اور بعض اوقات سوداگروں کو اخبارات میں اشتہار دینے کے لیئے یا عوام النّاس کو ملک کے اخبارات کی واقفیت پیدا کرنے کے لیئے ہندوستان میں ہر زبان میں چھپنے والے اخبارات کی فہرست کی ضرورت پڑتی ہے مگر ایسی مستقل فہرست کہیں نہیں ملتی۔ خریداران پیسہ اخبار نے بارہا مجھسے دریافت کیا۔ کہ اخبارات کی فہرست کہاں سے ملسکتی ہے۔ اور متواتر میں نے انہیں بتلایا ہے کہ یا تو ٹھیکر ڈائرکٹری میں جس کی قیمت چھبیس روپئے ہیں۔ ایسی فہرست انگریزی میں چھپتی ہے۔ اور یا کارخانہ پیسہ اخبار کی نادر جنتری بابت [illegible] میں اخبارات کی فہرست اُردو میں چھپی تھی۔ جس کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ اس لیئے میں نے ارادہ کیا کہ ایک جدید فہرست اخبارات ہند اُردو میں چھاپی جائے۔ کہ جس سے اخبار کا نام مقام پتہ نشان زبان قیمت اور مقصد معلوم ہو سکے۔ چنانچہ یہ چند اوراق اُمید ہے۔ یہ خدمت حسب اطمینان ناظرین انجام دے سکینگے۔ کیونکہ ان میں بڑی احتیاط سے اخبارات و رسالجات کے نام درج کرنے کی کوشش کیگئی ہے۔

اور اگر اسے کبھی دوبارہ چھپنے کا موقع ملا۔ تو اس میں مختلف اخبارات کی عمر اور مالک یا منیجر کا نام بھی لکھنے کی کوشش کیجائیگی۔

ہندوستان میں اخبار نویسی کی حالت آج کل عجیب انقلاب کی ہے جیساکہ ہر ملک میں تہذیب کی ابتدائی حالت میں ہوتا ہوگا۔ اخبارات بہت کم سرمایہ سے جاری کئے جاتے ہیں۔ معمولی لیاقت اور تجربہ کے آدمی بلا کسی خاص اصول کے عموماً اخبار جاری کرتے ہیں۔ اس لیئے [illegible] کی عمر لمبی نہیں ہوتی [illegible] ہو جاتے ہیں۔ ایک نیا اخبار [illegible] اخبارات کا ہمپلہ سمجھا جا [illegible]

[illegible] یہ سمجھتے کہ [illegible] ہوا کرتی ہے [illegible] ہا سکے جلدی [illegible] سے بند ہوتا

ایک ایک دو بارہ یا سہ بارہ جاری ہو جاتے۔ جبکہ ملک کے اخبارات کی یہ حالت ہے
تو ان کی ایسی فہرست تیار کر سکنا کہ جو ہر لحاظ سے مکمل ہو۔ بہت مشکل ہے۔ چنانچہ
مسلسل فہرست میں کہ جس کے مکمل کرنے کی ہر طرح سے کوشش کی گئی ہے۔ ممکن ہے
بعض اخبارات جو بند ہیں۔ وہ جاری دکھا دیے گئے ہوں۔ اور چند دوسرے جو
ابھی جاری ہوئے ہیں۔ یا دیر سے جاری ہیں۔ مگر مشہور نہیں ہیں۔ ان کے نام درج
نہ ہو سکے ہوں۔ تاہم بہ حیثیت مجموعی اسے مکمل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۱۹۴۳
محبوب عالم لاہور

الف

ابزرور (انگریزی) بیرون دہلی دروازہ لاہور سے ہر بدھ اور ہفتہ کے روز شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ برٹش انڈیا کے لیے ۱۰ روپیہ بیرون انڈیا سکہ یا ہر ایک پونڈ۔ مقصد: مسلمانوں کی ترقی و بہبود۔

ابا بیل (بنگالی) راجہ نوبو کرشن سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپیہ سالانہ۔ اس میں کہانیاں، نظمیں، علمی اور سائنٹفک مضامین ہوتے ہیں۔

ایپرپوائنٹ (انگریزی) ماڈلیے سے ہر شام کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت ماہوار تین روپئے بلا محصول۔ مقصد کونسروٹیو جیسا ہے۔

اپنیا ز لوینس (ہندی) الہامی پریس بنارس شہر سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپیہ پیشگی۔ مقصد: خالص قومی۔ مذہبی اور شوقیہ افسانے بھی اس میں درج ہوتے ہیں۔

اتفاق (اردو) سادھورہ سے ہر مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپیہ۔ مقاصد: عام خبریں اور مختلف واقعات۔

اچکی رینبک - مقام گارو تورا ضلع کوہ گارو آسام سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ چار آنے۔ مقاصد: مذہبی اور تعلیمی۔

اچنیا وکتا - (ہندی) کلکتہ سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے۔ معہ محصول ڈاک۔ مقاصد: قومی، ملکی اور مذہبی۔

اخبار اسلام (گجراتی) بمبئی سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپیہ۔ مقصد: مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت وغیرہ۔

اخبار انجمن ہند (اردو) لکھنؤ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ دس روپئے۔ محصول ڈاک ۱۲ آنے۔ مقصد: سوشل وغیرہ

اخبار دار السلطنت و اردو گائیڈ (اردو) ۱۸۵۸ء
سے ہر جمعرات کو نمبر ۱۹ دھرم تالہ لین۔ کولوٹولہ کلکتہ سے شایع ہوتا تھا۔ (اب کچھ
عرصہ سے بند ہے۔ چندہ سالانہ ۶ روپے۔ مقصد:۔ حکمرانوں اور رعایا کے درمیان
اچھے خیالات پھیلانا۔

اخبار سررشتہ تعلیم اودھ "ایجوکیشنل گزٹ" (اردو)
ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو نول کشور پریس لکھنؤ سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ
دو آنے۔ مقصد:۔ مضامین مفیدہ صیغۂ تعلیم کے قواعد وغیرہ۔

اخبار سوداگر سماچار بمبئی (گجراتی) بمبئی سے سوائے اتوار کے ہر
روز شایع ہوتا ہے۔ چندہ:۔ لوکل خریداروں کے لئے ۱۰ روپیہ۔ اور بیرونی خریداروں
کے لئے ۱۶ روپیہ ۱۲ آنے۔ مقاصد:۔ تجارتی اور عام تعلیم۔

اخبار عام۔ (اردو) ۱۸۷۱ء سے شہر لاہور سے روزانہ اور ہفتہ
وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ:۔ روزانہ ۱۴ روپیہ۔ ہفتہ وار دو روپے ۸ آنے
مقاصد:۔ پولیٹکل۔ سوشل اور عام خبریں۔

اخبار قیصری۔ (اردو) جالندھر شہر سے ہفتہ وار شایع ہوتا تھا۔
کچھ عرصہ سے بند ہے۔ چندہ:۔ ۱۰ روپیہ۔ ۸ روپے۔ اور ۴ روپے ۱۲ آنے۔
مختلف مدارج کے خریداروں کے لئے۔ مقصد:۔ مضامین۔ خبریں اور نوٹ

اخبار ہفتہ وار۔ (اردو) ہر ہفتہ کو لاہور سے شایع ہوتا تھا۔ (اب
چار پانچ سال سے بند ہے۔ سالانہ چندہ:۔ پانچ روپے۔ مقصد:۔ تعلیمی اور تجارتی
ترقی۔

ارکان ٹائمز۔ (انگریزی) اکیاب آرفن پریس اکیاب سے ہر سہ شنبہ
اور شنبہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے ۱۶۔ اور بیرونجات کے
خریداروں سے ۱۸ روپئے ہے۔ اس کا مقصد عام خبروں کا بہم پہنچانا ہے۔

ارکان نیوز۔ (انگریزی) اکیاب سے ایک روپیہ ماہوار چندہ پر شایع
ہوتا ہے۔

اردو اخبار (اردو) ہر انگریزی مہینے میں ۴ دفعہ لاہور

ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ ۸ آنے۔ مقاصد:۔ ملکی اور عام مضامین اور خبریں

اُردوئے معلّٰی (اُردو) علی گڑھ سے ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصول چار روپیہ مقاصد:۔ لٹریچری۔ تاریخی۔ علمی۔ اخلاقی وغیرہ مضامین اور اُردو لٹریچر کی ترقی۔

ارورینبس پرکاش (اُردو) لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ ہے۔ مقصد:۔ سوشل ریفارم۔

آرہ (انگریزی) نمبر ۱ اشٹنگ سٹریٹ کلکتہ ہر مہینے کی سولھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۳ روپے ۸ آنے۔ مقصد:۔ آرمینیں لٹریچر اور پالٹکس (ملکی معاملات) پر بحث۔

آریہ (انگریزی) مدراس سے ہر مہینہ کے آخری ہفتے میں شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپئے۔ مقصد:۔ مذہب فلسفہ علم ادب اور سائنس کی ترقی۔

آریہ پترا۔ (اُردو) آریہ سماج آرفینج (یتیم خانہ) بریلی سے ہر مہینے کی ۳۰ تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ ۴ آنے۔ آریہ سماج آرفینج کو چندہ دینے والوں کو یہ رسالہ مفت دیا جاتا ہے۔ مقاصد:۔ مذہبی۔ سوشل۔ اخلاقی وغیرہ۔

آرمی نیوز (اُردو) ہر دوشنبہ کو شہر لودیانہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان۔ برہما۔ عدن و بلوچستان میں معمولی کاغذ پر تین روپئے چار آنے ممالک غیر سے۔ اعلےٰ کاغذ پر چار روپئے چار آنے۔ مقاصد:۔ صنعت و حرفت۔ زراعت فوجی اور سول خبریں وغیرہ:۔

آریہ پتریکا (انگریزی) لاہور سے ہر ہفتے کی شام کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپئے۔ مقاصد مذہبی۔ سوشل اور اخلاقی وغیرہ۔

آریہ پربھا (بنگالی) ابین سنگھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی ۲ آنے ہے۔ مقصد:۔ ہندوستان قدیم کی عظمت اور مشاقی فنون کو بالتشریح بیان

ا۔

آریہ درپن (اُردو و ہندی) شاہجہانپور سے ماہوار شایع ہوتا ہے چندہ سنہ ۲ روپئے۔ یہ ایک مذہبی اور سوشل رسالہ ہے۔ اور اہل ہنود کی شادی بیوگان

کے پشتبہ کا مؤید۔

آریہ دھرم پرکاش (گجراتی) بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے ہے۔ مقصد:۔ ہندو دھرم کو وید کے مطابق ظاہر کرنا۔

آریہ سماچار (اردو) میرٹھ سے ہر مہینے کے آخیر میں شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ ایک روپیہ چار آنے ہے۔ آریہ سماج کے اصول اور ویدک کی صداقت کو ظاہر و ثابت کرنا۔

آریہ ورت (ہندی) رانچی سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپیہ آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد:۔ مذہبی۔ سوشل۔ مارل۔ وغیرہ وغیرہ۔

آزاد (اردو) لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ اعلا کاغذ دو روپیہ۔ معمولی کاغذ ایک روپیہ۔ مقاصد:۔ علمی۔ اخلاقی۔ اور تاریخی مضامین

اڑیہ اینڈ نیا سمباد (اڑیہ) بالاسور سے ہر بدھ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپیہ۔ مقصد:۔ پالیٹکس وغیرہ۔

آسام (آسامی اور انگریزی) گوہٹی سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپیہ ہے۔ مقصد:۔ آسامی علم ادب کو بڑھانا اور رعایا کے حالات سے گورنمنٹ کو آگاہ کرنا۔

آسام سول لسٹ ہر چار ماہی کے بعد شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ ہے۔

آسام گورنمنٹ گزٹ۔ ہر ہفتہ کو آسام سیکریٹریٹ شلانگ سے انگریزی۔ بنگالی اور آسامی زبانوں میں چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ معہ محصول نو روپیہ۔

اسائلم پریس المناک ڈائرکٹری اینڈ کمپینڈیم آف انٹیلیجنس۔ (انگریزی) ہر جنوری کے پہلے ہفتہ میں ماونٹ روڈ مدراس سے شایع ہوتا ہے چندہ پانچ سے سات روپیہ فی کاپی۔ (جلد کے مطابق) مقاصد:۔ ہر قسم کی واقفیت بہم پہنچانا۔

اشٹن کھریدے پانچاگوت۔ (سنسکرت) پانچ کار ٹولی سٹریٹ

کلکتہ سے شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ بارہ روپئے - مقصد :- آیورویدک طریقہ سے ادویات کے استعمال پر بحث وغیرہ -

اسوسیریٹ ہینڈ ٹر ولیس گزٹ (انگریزی) ایڈیٹر - ڈیو ڈ جونز لین کلکتہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ پانچ روپئے ہے - مقصد :- محققوں اور سیاحوں کے انٹرسٹ کو ترقی دینا -

آصف الاخبار (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ عوام سے تین روپئے - مستند شعرا سے دو روپئے آٹھ آنے مقاصد :- مغربی اور مشرقی تاریخی مضامین - ملکی اور سوشل معاملات - اخلاقی - انگریزی فسانوں کے تراجم وغیرہ -

اصلاح (اردو) ماہوار رسالہ کجوہ سے شایع ہوتا ہے - اغراض مذہبی اسلامی خصوصاً اہل تشیع کی تائید :- قیمت ع۱

آفتاب پنجاب اور خالصہ پرکاش - ہر سوموار کو لاہور سے اردو میں شایع ہوتا تھا - (کچھ عرصے سے بند ہے) سالانہ چندہ تین روپئے ہے - مقاصد :- خبریں پولٹیکل اخلاقی اور سوشل -

آفتاب ہند - (اردو) شہر جالندھر سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصولڈاک تین روپئے - رؤسا سے بارہ روپئے - مقصد :- عام خبریں اور مضامین -

افسانہ (اردو) ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو حیدرآباد دکن سے شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ تین روپئے سکہ انگریزی و تین روپئے آٹھ آنے سکہ حالی - مقصد :- انگریزی ناولوں کا ترجمہ سلسلہ وار شایع کرنا -

افضل الاخبار - دہلی سے ہفتہ وار اردو میں شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپیہ - مقاصد :- پولٹیکل اور سوشل مضامین :-

اسس (انگریزی) قیصر باغ لکھنؤ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے قیمت دس روپئے مع ڈاک اور آٹھ روپئے تعلقات - مقصد :- بی - آئی - ایسوسی ایشن کے تعلقداروں کا آرگن :-

اکسچینج پرائس کرنٹ مارکٹ رپورٹ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتہ شایع ہوتی ہے - چندہ سالانہ گیارہ روپئے دس آنے - فی کاپی چار آنے

مقاصد:- عام سوداگری خبریں اور نرخ وغیرہ -

آگرہ اخبار (اردو) آگرہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ بارہ روپئے - مقصد:- خبریں اور لٹریچر (علم ادب)

آگرہ اڈورٹائیزر اینڈ ایجوکیشنل ہیرلڈ - چندہ پانچ روپئے سالانہ معہ محصول ڈاک - مقصد:- تعلیمی - اشتہارات کا عمدہ ذریعہ ہے -

آگرہ کالج میگزین - (انگریزی) ہر مہینے کے اخیر میں آگرہ کالج سے شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ - کالج کے طلباء کے لئے ایک روپیہ - اور عوام کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنے - مقاصد:- تعلیمی اور علمی - یہ اخبار کالج اور اس کے طلباء کے لئے مخصوص ہے -

آگرہ کمرشیل میسنجر - (انگریزی) ہر مہینے کی پانچویں اور بیسویں تاریخ کو پرتاب پور چھاؤنی سے شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ دو روپئے ہے - مقصد:- مذہبی - تجارتی اور اخلاقی وغیرہ وغیرہ -

آگرہ گارڈ اینڈ ڈائرکٹری (انگریزی) آگرہ سے شایع ہوتا ہے چندہ آٹھ آنے - یا ایک شلنگ - مقصد:- آگرہ اور اس کے باشندوں اور بیرونی تاجروں اور سوداگروں کے متعلق دلچسپ واقفیت بہم پہنچانا -

آگرہ میڈیکل جرنل - انگریزی اور اردو میں وکٹوریہ پریس آگرہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ دو روپئے چار آنے - مقاصد:- جراحی دایہ گری اور حفظان صحت وغیرہ -

الاحسان (اردو) ہر اسلامی مہینے میں ایک بار قصبہ کڑا ضلع الہ آباد سے شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ دو روپئے پیشگی - مقاصد:- تصوف اور اخلاق کے متعلق مضامین -

البدر (اردو) ہر جمعہ قادیان سے شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ ہندوستان میں دو روپئے چھ آنے ہندوستان سے باہر تین روپئے چھ آنے - معتقدیان

مرزا صاحب قادیانی کا اخبار ہے۔

البشیر (اُردو) اٹاوہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپئے چار آنے سالانہ۔ مقاصد:۔ پولیٹیکل و سوشل۔

البنج بانکی پور (اُردو) بانکی پور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے چھ روپئے۔ مقاصد:۔ ملکی و تمدنی ترقی۔ سوشل اور اخلاقی اور ریختانہ مضامین

الحق (سندھی) حیدرآباد سندھ سے شایع ہوتا ہے ہفتہ وار۔ مقاصد:۔ مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت وغیرہ۔

الحکم (اُردو) قادیان۔ ضلع گورداسپور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت پانچ روپئے سالانہ۔ مقصد:۔ مرزا غلام احمد صاحب ساکن قادیان کے پیروں کے لئے مخصوص ہے۔ مضامین مذہبی۔ علمی۔ اور سوشل اور عام خبریں بھی ہوتی ہیں۔

اسٹریٹ پولیس نیوز (انگریزی) کلکتہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان اور لنکا کے لئے چار روپئے۔ ممالک غیر کے لئے چھ روپئے ہے۔ اور شنگھائی۔ ہانگ کانگ۔ وغیرہ کے لئے پانچ روپئے ہے مقصد نام سے ظاہر ہے۔

الکیمپہ راگزٹ (اُردو) وزیرآباد سے مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ۳ روپئے۔ ممالک غیر سے ۳ شلنگ۔ مقاصد:۔ عام معاملات اور خبریں

المرواریہ امین آباد لکھنؤ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے مقاصد:۔ علم ادب متعلقہ نسواں۔

المورا اکبری (ہندی) اپریل ۱۹۰۸ء سے المورا سے ہفتہ میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپئے چار آنے معہ محصول۔ لوکل خریداروں سے ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:۔ سوشل اور مارل ترقی۔

الوچونا (بنگالی) یہ رسالہ نمبر تیرا سی چیتپور روڈ ہوڑہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ چار آنے معہ محصول ڈاک۔ مقصد:۔ سوشل۔ مذہبی

اور ملکی معاملات پر بحث کرنا۔

امپیریس (انگریزی) ٹھیکر سپنک اینڈ کمپنی سے چھپ کر اسے جے بارکر (کلکتہ) کی طرف ہر دو ہفتے کے بعد شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پیشگی سولہ روپئے فی کاپی ایک روپئہ۔ عام واقعات کا ایک باتصویر رسالہ ہے۔

امپیریل (انگریزی) یہ پندرہ روزہ اخبار دہلی سے شایع ہوتا ہے سالانہ چندہ ۱۶ روپئے۔ مقاصد:۔ تجارت۔ زراعت۔ اور سوشل ریفارم وغیرہ۔

امپیریل اڈورٹائیزر۔ زراعت۔ تجارت اور دستکاری وغیرہ کا ایک پانزدہ روزہ رسالہ ہندوستان میں مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔

امپیریل پیپر (اردو) ہر ہفتہ کو لاہور سے شایع ہوتا تھا۔ (آٹھ دس سال سے بند ہے) سالانہ چندہ بارہ روپئے۔

امپیریل فورٹنائٹلی (انگریزی) امپیریل بک ڈپو پریس سے ہر پہلی اور پندرھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے۔ مقاصد:۔ تجارت زراعت۔ تعلیم نسواں۔ ٹمپرنس۔ حفظان صحت۔ سوشل ریفارم اور دیگر معاملات پر بحث وغیرہ۔

امرتا بازار پتریکا (انگریزی) کلکتہ سے روزانہ۔ ہفتہ وار اور ہفتہ میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بالترتیب بیس و پانچ اور گیارہ روپئے ہے۔ مقصد پبلک رائے کو پیش کرنا۔ اور اہل ملک کے حقوق کی وکالت کرنا۔

اندرا پرکاشیکا۔ (انگریزی اور تلیگو) اٹش پکا محل ۱۹۱۔ مونٹ روڈ مدراس سے ہر بدھ اور ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپئے۔ مقصد پولیٹیکل۔ سوشل اور جنرل۔

انتخاب لاجواب (اردو) کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپئے ہے۔ اس میں دنیا بھر کے عجائبات علم وادب۔ علوم رسم ورواج۔ سوانح عمریاں۔ فسانے۔ دلچسپ کہانیاں۔ اور دیگر مفید کارآمد اور دلچسپ باتیں دنیا کے ہر مذاق کے اخبارات اور کتب سے انتخ

درج کی جاتی ہیں یعنے ہندوستان بھر میں اپنی قسم کا اُردو ولائیٹ لٹریچر کا اکیلا ماہوار رسالہ ہے۔

انتھروپولوجیکل سوسائٹی آف بمبئی جرنل آف

(انگریزی) ایک سال میں تین بار بمبئی سے چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ چندہ فی جلد جس میں ۳ نمبر ہیں۔ چوبیس ۲۴ روپیہ۔ مقصد:۔ علم انسانی کو ترقی دینا۔

انڈین اینررور

(انگریزی) ۴۰ سکیاز سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصولڈاک تین روپیہ۔ مقصد:۔ ملکی تجارتی اور صنعتی خبریں۔

انڈین آرمی لسٹ

(انگریزی) سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ انڈیا ۸ ہیسٹنگز سٹریٹ کلکتہ کے زیر اہتمام چھپ کر ہر چار مہینے کے بعد شایع ہوتی ہے قیمت تین روپیہ آٹھ آنے معہ محصول۔

انڈین اگریکلچرسٹ

(انگریزی) ۳ چورنگی روڈ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چودہ روپیہ معہ محصول۔

انڈین امپائیر

(انگریزی) ۳ موہن لال میرلین شام بازار کلکتہ سے ہر منگل کو شایع ہوتا ہے۔ تین روپیہ سالانہ قیمت پتلے کاغذ کے لئے اور پانچ روپیہ موٹے کاغذ کے لئے۔ مقاصد:۔ ملکی تعلیمی اور صنعتی۔

انڈین امپورٹ اینڈ اکسپورٹ ٹریڈ جرنل

(انگریزی) ۷ ہمیڈوز سٹریٹ سے انڈین ٹکسٹیل جرنل کمپنی لمیٹڈ بمبئی کی طرف سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت ۹ روپیہ یا ۱۲ شلنگ۔ سوداگروں۔ تاجروں اور دستکاروں وغیرہ کے لیئے ایک عمدہ رسالہ ہے۔

انڈین ایمینی لیس

(انگریزی) ۴ ڈلہوزی سکوئر کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ یہ بلا قیمت تقسیم ہوتا ہے۔ اس میں علمی اشتہار درج ہوتے ہیں۔

انڈین انٹی کویری

(انگریزی) بی۔ ای۔ ایس پریس بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ بیس روپیہ سالانہ۔ مقصد:۔ ہندوستان کی قدیم عمارات کے متعلق تحقیقات۔

انڈین انجینیرنگ (انگریزی) سات گورنمنٹ پلیس سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ اٹھارہ روپئے۔ یا ایک روپیہ فی کاپی۔ مقصد:- انجینیری کا ایک با تصویر رسالہ

انڈین ایکو (انگریزی) ۴۰ سکلیا رسٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت معہ محصول تین روپئے۔ مقصد:- سوشل صنعتی اور ملکی مضامین۔

انڈین اینڈ ایسٹرن جرنل۔ (انگریزی) ۱۲ اکلائیو سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ہندوستان اور سیلون کے لئے محصول ڈاک معاف) ۱۰ روپیہ۔ (معہ ڈائری کے) مقصد:- انجینیرنگ اور اس سے متعلق مضامین۔

انڈین اینڈ سپورٹس بلیز گائیڈ ٹو دی ٹرف۔ دیکھو ایشین پاکٹ بک۔

انڈین ایونجلیکل ریویو (انگریزی) ۲۰ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت پانچ روپئے سالانہ۔ فی کاپی ایک روپیہ چار آنے ایک مذہبی (عیسائی) رسالہ ہے۔

انڈین بریڈشاء (انگریزی) ہندوستان کے ریلوے مسافروں کے لئے ایک گائیڈ ہے۔ چار ڈلہوزی سکوئر کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی آٹھ آنے یا سالانہ پانچ روپئے۔

انڈین پروگریس (انگریزی اور مرہٹی) بمبئی سے ہر سوم وار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت نو روپئے۔ مقاصد:- ملکی معاملات تجارتی اور سوشل مضامین

انڈین پلانٹرز گزٹ اینڈ سپورٹنگ نیوز (جس میں ہینر سپورٹنگ نیوز بھی شامل ہے) ۴ ہیسٹنگ سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ معہ محصول بیس روپئے۔ ششماہی گیارہ روپئے۔ مقصد:- باغبانی اور ورزشوں وغیرہ کا اخبار رسالہ ہے۔

انڈین پلانٹنگ اینڈ گارڈننگ (انگریزی) ۵۰ الونسل ہوس سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ سولہ روپئے۔ ممالک غیر

ایک پونڈ آٹھ شلنگ چندہ فیس معہ محصول ڈاک۔ مقاصد: باغبانی اور زراعت۔

انڈین ٹیکسٹس - (انگریزی) اسٹیم سٹریٹ بمبئی سے شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چھ روپئے ہے۔

انڈین ٹریڈرز جرنل اینڈ دی انڈین بازار (ریا ہند وسود) ۲۷ ہیمڈ ورسٹریٹ فورٹ بمبئی سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو گجراتی میں شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپئے محصول ڈاک معاف۔

انڈین ٹریڈ گزٹ - (انگریزی) ہر سوم وار کو پورن پریس کلکتہ سے شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد: تجارتی دنیا کی ضروریات کو رفع کرنا۔ اور ہر نئی ایڈیشن نئے لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچانا۔

انڈین ٹریولرز گائیڈ - (انگریزی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپئے۔ فی کاپی آٹھ آنے۔ مقصد: ہر قسم کی ریلوے کی خبریں۔

انڈین ٹیکسٹائل جرنل (انگریزی اور ورنیکلر) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت سات روپئے یا ۹ شلنگ ہے۔ ٹیکسٹائل اور انجنیئری دستکاریوں کا ایک عمدہ رسالہ ہے۔

انڈین ٹیلیگرافسٹ (انگریزی) الہ آباد سے ماہوار شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت چھ روپئے عہ۔ مقصد: علم برق کی ترقی اور انڈین ٹیلیگراف ڈیپارٹمنٹ کے ممبروں کے لئے عام دلچسپ خبریں بہم پہنچانا۔

انڈین جرنل آف ایجوکیشن - (انگریزی) مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپئے آٹھ آنے۔ غیر ممالک سے سات روپئے آٹھ آنے۔ مقصد: تعلیمی۔

انڈین چرچ مین (انگریزی) بشپ کالج ۲۲۴ لوئر سرکلر روڈ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپئے۔ ایک مذہبی رسالہ ہے۔

انڈین ڈرگسٹ (انگریزی) کانپور سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ مقصد: ہندوستانی ادویات۔

انڈین ڈیلی ٹیلیگراف (انگریزی) لکھنؤ سے روزانہ شائع

ہوتا ہے قیمت سالانہ چوبیس روپیے مقصد:- صوبجات متحدہ کے لئے دنیا کے تمام حصص سے آمدہ تار خبروں کا شایع کرنا-

انڈین ڈرگسٹ (انگریزی) کانپور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے مقصد:- ہندوستانی ادویات-

انڈین ڈیلی نیوز (انگریزی) ۱۹ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے روزانہ شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تیس روپیے معہ ششماہی سولہ روپیے معہ سہ ماہی نو روپیے ماہوار تین روپیے- مقاصد:- آزاد اخبار ہے- تجارتی- عام اور جہازی خبریں-

انڈین ڈیلی نیوز اوورلینڈ سمری (انگریزی) ۱۹ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے- چندہ سالانہ بارہ روپیے بلا اور پندرہ روپیے معہ محصول ڈاک- مقصد:- ہفتہ بھر کی خبروں کا خلاصہ-

انڈین ریویو- (انگریزی) اسپلینیڈ مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے- سالانہ قیمت پانچ روپیے ہے- مقصد:- تمام دلچسپ اور مفید امور پر بحث کرنا-

انڈین سائکلسٹ (انگریزی) ایک باتصویر ہفتہ وار رسالہ ۱ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے- قیمت سالانہ آٹھ روپیے- ششماہی پانچ روپیے- سہ ماہی تین روپیے- فی کاپی دو آنے-

انڈین سپکٹیٹر اینڈ وائس آف انڈیا- (انگریزی) انگلو پرنٹنگ پریس دلال سٹریٹ فورٹ بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے- قیمت سالانہ ہندوستان کے لئے دس روپیے- ممالک غیر کے لئے ایک پونڈ معہ محصول مقصد:- سوشل اور پولیٹکل امور پر بحث-

انڈین سپورٹس مین (انگریزی) ۱۹ لال بازار کلکتہ سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چوبیس روپیے- مقصد:- کھیل کود- تماشے وغیرہ-

انڈین سپورٹنگ ٹائمز- (انگریزی) دی ٹائمز آف انڈیا پریس بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے- قیمت بارہ روپیے سالانہ- مقصد:- ہر قسم کی ورزشیں کھیلیں- تماشے اور شکار وغیرہ-

انڈین سنڈے سکول جرنل (انگریزی) ویسلین مشن پریس کلکتہ سے ہر مہینے کی دسویں اور پندرھویں تاریخ کے درمیان شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپئے سالانہ۔ مقاصد:- نوجوانوں کو بائبل کی تعلیم کی طرف مائل کرنا۔

انڈین سوشل ریفارمر (انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چار روپئے۔ مقصد:- مارل اور سوشل ترقی۔

انڈین فارسٹر (انگریزی) پائنیر پریس الہ آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ روپئے۔ فی کاپی ایک روپیہ۔ مقاصد:- فارسٹری۔ زراعت شکار اور سیر و سفر وغیرہ۔

انڈین فوٹوگرافر (انگریزی) ۴۲ دھرم ٹولہ سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپئے۔ محصول ڈاک معاف۔ مقصد:- فوٹوگرافی کے متعلق مضامین۔

انڈین فیلڈ (انگریزی) آٹھ ہیر سٹریٹ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل بائیس روپئے۔ مفصلات پچیس روپئے۔ مقصد:- ہر قسم کی ورزشیں اور کھیلیں۔ نیچرل ہسٹری۔ باغبانی۔ تاش۔ شطرنج وغیرہ۔

انڈین کرانیکل - دیکھو بہار ہیرلڈ اور انڈین کرانیکل۔

انڈین کرسچین میسنجر (انگریزی اور رومن اردو) یہ پندرہ روزہ رسالہ لکھنؤ سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے آٹھ آنے معہ محصول۔ اس کا مقصد دیسی عیسائیوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔

انڈین لاء رپورٹس (انگریزی) گورنمنٹہائے بنگال۔ مدراس۔ بمبئی۔ اور صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ کی طرف سے ۱۸۷۶ء سے ماہوار شایع ہوتی ہیں۔ سالانہ قیمت بائیس روپئے آٹھ آنے ہے۔

انڈین لنسٹ (سابق میڈیکل رپورٹر) (انگریزی) پانچ رائڈ سٹریٹ سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ روپئے۔ مقصد:- جراحی طب صحت عامہ اور علم طبی خبریں۔

انڈین لیڈیز میگزین (انگریزی) ایک باتصویر ماہوار رسالہ

منیجر سینیانا دھن ایم اے ایڈیٹر لاج رایاپیٹا مدراس کی طرف سے شائع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چار روپیے -

انڈین مرر (انگریزی) ۹۸ کریک رو کلکتہ سے روزانہ شائع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چوبیس ۲۴ روپیے - مفصلات بتیس ۳۲ روپیے - ممالک غیر (براہ برنڈزی) چونسٹھ ۶۴ روپیے -

انڈین میکینک (انگریزی) یہ پانزدہ روزہ اخبار جہنپورہ سے شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ دو روپیے - ہندوستان میں صنعت و حرفت کو پھیلانا اس کا مقصد ہے -

انڈین میتھوڈسٹ ٹائمز (انگریزی) ۵ صدر سٹریٹ کلکتہ سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیہ ہے - ویزلین چرچ ہندوستان کا آرگن ہے -

انڈین میڈیکل ریکارڈ (انگریزی) پچاس ۵۰ پارک سٹریٹ کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھتیس ۳۶ روپیے - مقاصد :- طبی سائنس اور طبی خبریں -

انڈین میڈیکل گزٹ (انگریزی) پانچ و چھ گورنمنٹ پلیس کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ ہندوستان ۱۲ روپیے - ممالک غیر چودہ روپیے - مقصد :- طب - جراحی - حفظان صحت اور عام طبی خبریں -

انڈین میڈیکو چیرر جیکل ریویو (انگریزی) بمبئی (مدراس و لنڈن سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ ۹ روپیے - مقصد :- عملی طب - جراحی اور حفظان صحت کی ترقی -

انڈین میسنجر آف دی سیکرڈ ہارٹ - (انگریزی) رومن کاتھولک عیسائیوں کا مذہبی رسالہ بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ -

انڈین میونسپل جرنل سینٹری ریکارڈ - (انگریزی) انڈین ٹیکسٹائل جرنل کمپنی لمیٹڈ بمبئی کی طرف سے ہر مہینے کو شائع ہوتا ہے

قیمت سالانہ دس روپئے آٹھ آنے - یا پندرہ شلنگ - انجینروں - ٹھیکہ داروں حفظان صحت کی انجمنوں وغیرہ وغیرہ کے لئے ایک باتصویر اخبار ہے -

انڈین نیشن - (انگریزی) اکرزلین سکاری ٹولہ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے - قیمت معہ محصول چھ روپئے - فی کاپی چار آنے - مقصد :- علمی سوشل اور ملکی معاملات پر بحث -

انڈین واچ مین - (انگریزی) انگیت پوری بمبئی سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ ایک روپیہ آٹھ آنے معہ محصول ایک عیسائی اخبار ہے -

انڈین والنٹیر ریکارڈ اینڈ ملٹری نیوز (انگریزی) ۴ بنٹینک سٹریٹ کلکتہ سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت دس روپئے - مقصد :- ہندوستان اور سیلوں کے والنٹیروں کے متعلقہ معاملات پر بحث اور جنرل ملٹری خبریں -

انڈین وٹنس (انگریزی) چھیالیس ۴۶ دہرم ٹولہ سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چھ روپئے معہ محصول ڈاک - مقصد :- مذہبانہ عیسوی -

آن گارڈ - (انگریزی) شملہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ دو روپئے - آرمی ٹمپرنس ایسوسی ایشن کا آرگن ہے -

انگلش میل - (انگریزی) پی اینڈ او میل سٹیمر کی رسیدگی پر بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ آٹھ روپئے - مقصد :- انگریزی خبریں -

انگلش مین (انگریزی) ۹ ہیر سٹریٹ کلکتہ سے ہر اتوار کو چھپ کر شایع ہوتا ہے - قیمت فی کاپی چار آنے - سالانہ پینتالیس ۴۵ روپئے - مقصد :- عام انگریزی خبریں

انگلش مین اوورلینڈ میل - (انگریزی) ۹ ہیر سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو چھپ کر شایع ہوتا ہے - قیمت فی کاپی آٹھ آنے - سال بھر کے لئے ۱۶ روپئے - مقاصد :- ہفتہ بھر کی خبروں کا خلاصہ انگلستان کے لئے -

انوار الاسلام (اُردو) سیالکوٹ سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک دو روپیئے۔ واعظین اسلام سے ایک روپیہ آٹھ آنے غیر مذاہب سے ایک روپیہ چار آنے۔ مقصد:۔ اسلام کے نور سے کفر و شرک کی تاریکی کو دُور کرنا وغیرہ۔

انوسندھانا (بنگالی) الوسندھانا پریس کلکتہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپیے سالانہ قیمت فی کاپی دو آنے۔ یہ ایک علمی رسالہ ہے جس میں سوشل۔ مذہبی اور ملکی مضامین ہوتے ہیں۔

او۔ انیگلو۔ لسی تانا (انگریزی اور پرتگالی) بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپئے۔ لوکل پانچ روپئے بمبئی سے باہر اور چھ روپئے ہندوستان کے لیئے۔ مقصد:۔ برٹش انڈیا کی پرتگالی کمیونٹی کا آرگن۔

اودھ اخبار (اُردو) نولکشور پریس لکھنؤ سے روزانہ اور ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت (روزانہ) بتیس روپئے اور ہفتہ وار نو روپئے۔ مقصد:۔ اُردو اور ہندی تعلیم کا نشو و نما۔ فلسفہ۔ عام معاملات اور خبریں۔

اودھ پنچ۔ (اُردو) مطبع شام اودھ لکھنؤ سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ معہ محصول ڈاک تیرہ آنے سالانہ۔ مقاصد:۔ ملکی۔ تمدنی و اخلاقی اور پنچایتی مضامین۔

اودھ ریویو۔ (اُردو) لکھنؤ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت اعلیٰ کاغذ پر بارہ روپئے۔ اس سے کم درجے کے کاغذ پر پانچ روپئے آٹھ آنے سالانہ اصول اور مقصد:۔ تمام ضروریات پر بحث کرنا۔ ایک ناول سلسلہ وار چھاپنا۔ اور ہر مہینے کسی مشہور آدمی کا فوٹوگراف دینا۔ (کچھ عرصے سے بند ہے۔)

اودھ سماچار (ہندی) نولکشور پریس لکھنؤ سے ہر مہینے کی ساتویں چودھویں۔ اکیسویں اور اٹھائیسویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپئے ہفتہ وار کے لیئے۔ مقصد:۔ ترقی تعلیم و فلسفہ۔ اور عام معاملات پر بحث اور خبریں۔

اورینٹل۔ (انگریزی) چالیس نائن چند دت سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپئے آٹھ آنے۔ ہندوستانی۔ لٹریچر سائنس

اور آرٹ کو ترقی دینا اس کا مقصد ہے۔

اولڈ چرچ ہیرش میگزین - (انگریزی) گیارہ مشن رو کلکتہ سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شایع ہوتی ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے مقصد:۔ مذہبی مضامین کے علاوہ بہت سے عام دلچسپی کے مضامین بھی ہوتے ہیں۔

ایپی فنی (انگریزی) آکسفورڈ مشن ہاؤس بیالیس ۴۲ کارنوالس سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ اختیاری (تخمیناً چار آنے سالانہ) مقصد تعلیم یافتہ دیسیوں کو عیسائیت سے واقف کرنا۔

ایکسچینج اینڈ ڈیلی نیوز - اکتوبر ۱۸۷۰ء سے روزانہ - دو روزہ اور ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ ماہواری - روزانہ ایڈیشن دو اور چار روپئے۔ دو روزہ تین اور چار روپیہ ایک آنہ - اور ہفتہ وار کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنے۔

ایجوکیشن گزٹ (بنگالی) چنسورہ سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپئے۔ عام ایڈیشن دو روپئے۔ مقصد:۔ تعلیم۔

ایڈورڈ گزٹ (اردو) قصور سے ہر چہارشنبہ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک دو روپئے ہے۔ مقصد:۔ عام اخباری مضامین۔

ایڈورڈ گزٹ (اردو) شاہجہان پور سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک تین روپئے آٹھ آنے۔ مقاصد:۔ گورنمنٹ کی وفاداری اور مفید عام مضامین۔

ایڈوکیٹ (انگریزی) امین آباد لکھنؤ سے ہفتہ میں دو بار یعنی منگل اور جمعہ کے روز شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ نو روپئے دس آنے۔ مقصد:۔ پولیٹکل۔

ایڈوکیٹ آف انڈیا - بمبئی سے ہر شام کو انگریزی میں شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ باشندگان بمبئی سے بیس ۲۰ روپئے۔ اور بیرونجات سے تیس ۳۰ روپئے۔ فی کاپی دو آنے۔ مقصد:۔ ایک آزاد نویس اخبار۔

الیسٹ (انگریزی) ماہوتوں ڈھاکہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ پیشگی آٹھ روپئے - مابعد دس روپئے۔ مقاصد: مشرقی بنگال کے تعلیم یافتہ

لوگوں کا ریپریزنٹیٹو۔

ایسٹرن پیپل۔ (عربی اور عبرانی) نمبر ۱۱ ڈیوڈ جوزف لین کلکتہ سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے پندرہ روپئے۔ بیرونجات سے اٹھارہ روپئے۔ مقصد:۔ آزادانہ رائے اور عام خبریں۔

ایسٹرن سٹار (انگریزی) سنتھیا گیم پریس سات سکینڈ لائین بیچ مدراس سے ہر سوموار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پیشگی چار روپئے مابعد چھ روپئے۔ مقصد:۔ مذہبی۔ سوشل۔ ملکی۔ اور علمی خبریں۔

ایسٹ کوسٹ نیوز (انگریزی) والٹیر وزاگاپٹم سے ہر سوموار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپئے۔ مقاصد:۔ عام۔

ایسٹرن گارڈین (انگریزی) اگمور۔ مدراس سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ ماہوار نو آنے مقصد:۔ سوشل۔ اخلاقی۔ تعلیمی اور ملکی معاملات جو جنوبی ہند کے یوریشین اور اینگلو انڈین ایسوسی ایشن کے لئے باعث دلچسپی ہوں۔

ایشین (انگریزی) اٹھانوے ۹۸ کلائیو سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ لوکل خریداروں سے چوبیس ۲۴ روپئے۔ اور دیگر سے معہ محصول ستائیس ۲۷ روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ کھیل و کود شکار اور دوڑ گھوڑوں کے متعلق تمام واقعات کا شایع کرنا۔

ایشین پاکٹ بک اف انڈین سپورٹس اینڈ گائیڈ ٹو دی ٹرف۔ (انگریزی) ہر سال ماہ مئی کو اٹھانوے کلائیو سٹریٹ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت با چندہ سات روپئے آٹھ آنے۔ بمعہ محصول ڈاک سات روپئے بارہ آنے۔ ہندوستان۔ برہما۔ اور سیلون کی تمام گھوڑ دوڑوں اور بازیوں کا گائیڈ۔

ایگریکلچرسٹ شتکاری (مرہٹی) ۱۸۹۲ء سے مقام امراؤتی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے چھ آنے۔ مقصد:۔ دیسی زراعت کی ترقی۔

ایگریکلچرل اینڈ آرٹ جرنل - یہ رسالہ ۱۸۹۵ء میں جاری ہوا تھا بنگالی زبان میں ٹھاکر پور ایگریکلچرل سوسائٹی راج شاہی کی طرف سے ماہوار شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے -

اینگلو ورنیکلر اخبار (اردو و انگریزی) ہر ماہ کی پہلی - آٹھویں سولھویں اور چوبیسویں کو گوجرانوالہ سے شائع ہوتا ہے قیمت چار روپئے - طلباء سے تین روپئے - ممالک بیرون سے بارہ شلنگ - مقصد - ملکی - اخلاقی مضامین اور واقعات -

الورہ پبلک سپر چارک (آریہ) لاہور سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ عام خریداروں سے ایک روپیہ چار آنے طلباء سے ایک روپیہ مقصد [illegible]

الوننگ میل (انگریزی) بنگلور سے ہفتہ میں تین بار شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ لوکل بارہ روپئے - مفصلات سولہ روپئے - مقصد - عام معاملات پر [illegible]

ب

باس متی (بنگالی) ایک سو پندرہ ۱۱۵ - ڈوگرے سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے - چندہ دو روپے سالانہ - مقاصد :- معاملات ملکی - سائنس علم ادب وغیرہ وغیرہ -

بالاسور سمباد پترکا (اڑیہ) سمنت پریس بالاسور سے ہر جمعرات کے روز شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دو روپئے ہے - مقصد :- ملکی معاملات علم ادب اور خبریں -

بال بودھ سینوہ (مرہٹی) بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ دو آنے ہے - بچوں کا ایک باتصویر رسالہ ہے -

بابا بھٹی پترکا (بنگالی) اٹھتیس ۳۸ تھیوڈ ن سٹریٹ بیکن لین کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ دو روپئے دس آنے سالانہ - مقصد :- بنگال کے فرقہ اماشٹ کو نئی روشنی سے منور کرنا -

بچوں کا اخبار - (باتصویر) (اردو) کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دو روپئے چھ آنے ہے - اس قسم کا اور کوئی اردو اخبار ہندوستان میں شایع نہیں ہوتا - مقاصد :- بچوں کی دلچسپی اور تربیت تعلیم -

بدھسٹ (انگریزی) قیمت سالانہ چار روپئے - یہ ایک مذہبی اخبار بودھ مذہب کا ہے -

بدھی پرکاش - (گجراتی) احمد آباد سے ۱۸۵۰ء سے ماہوار جاری ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے - فی کاپی تین آنے - مقصد :- گجراتی علم ادب کو ترقی دینا -

برٹش انڈین ناظر سناگرہا - بار سیال سے غیر معین مواقع پر شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ معہ محصول پانچ روپئے پانچ آنے ہے - مقصد :- ہندوستانی قانون کا خلاصہ -

برٹش برہما اڈورٹائزر (انگریزی) ۱۸۷۰ء سے رنگون سے روزانہ چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ اشتہارات۔

بردوان سنجیبانی (بنگالی) بردوان سے ہر منگل کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ لوکل تین روپیہ۔ بیرونجات سے تین روپئے بارہ آنے ایک سوسائٹی اور ملکی معاملات پر آزادانہ بحث کرنے والا ہندو اخبار ہے۔

برمن میسنجر (برہمی) امریکن بپٹسٹ مشن پریس رنگون سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ چھ آنے۔ ایک مذہبی رسالہ ہے۔

برہما ڈائرکٹری اور ڈائری۔ (انگریزی۔ برہمی۔ تامل اور چینی) ہر سال ماہ نومبر میں شایع ہوتی ہے۔ قیمت فی کاپی معہ محصول ڈاک دو روپے آٹھ آنے ہے۔ مقصد:۔ اپر اور لوئر برہما کے متعلق ہر قسم کے حالات۔

برہما گزٹ (انگریزی اور برہمی) رنگون سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے بارہ۔ اور بیرونجات کے خریداروں سے پندرہ روپے اور قیمت فی کاپی آٹھ آنے ہے۔ مقصد:۔ گورنمنٹ کے احکام ونوٹسوں وغیرہ کو شایع کرنا۔

برہما گیانا بوتھنی (تامل) نیشنل پریس بنگلور سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل ایک روپیہ آٹھ آنے اور بیرونجات دو روپئے۔ مقصد:۔ برہم اصولوں کا پرچار۔

برہما ہیرلڈ نیوز۔ (برہمی) رنگون سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے بارہ روپئے۔ بیرونجات کے خریداروں سے پندرہ روپئے۔

بروچ سماچار۔ (انگریزی وگجراتی) ۱۸۶۹ء سے جاری ہے۔ بڑوچ سے ہر جمعرات کو چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے تیرہ آنے معہ محصول۔ مقصد:۔ ملکی اور عام خبریں۔

بشیر الاخبار۔ (اردو) بشیر پریس دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپئے ہے۔ مقصد:۔ اردو علم ادب کی ترقی۔ اور پولیٹکل سوشل۔ مارل مضامین اور عام خبریں بہم پہنچانا۔

بلوچستان گزٹ (انگریزی) کوئٹہ سے روزانہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بالترتیب چوبیس ۲۴ اور بارہ ۱۲ روپئے ہے۔ مقصد: پولیٹیکل سوشل وغیرہ

بلوچستان ہیرلڈ (انگریزی) ہر سوم وار کو کوئٹہ سے شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد: خبریں ایڈیٹوریل وغیرہ۔

بمبئی پنچ (باتصویر) بھنڈی بازار بمبئی سے ہر سوم وار کو اردو میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ مقصد: سوشل پولیٹیکل اور مارل مذاقیہ مضامین وغیرہ۔

بمبئی ڈایوسیسن ریکارڈ (انگریزی) بی۔ ای۔ ایس پریس بائکلا بمبئی سے ہر سہ ماہی کے بعد شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ بلا محصول اور ایک روپیہ چار آنے مع محصول۔ مقصد: علاقہ بمبئی میں عیسائی کام کی اشاعت

بمبئی کیتھالک اگزامنیر (انگریزی) ۱۸۵۰ء میں جاری ہوا ہر ہفتے کو اگزامنیر پریس فورٹ بمبئی سے چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے آٹھ روپے۔ اور ہندوستان کے لئے دس روپئے مع محصول ڈاک۔ کیتھالک عیسائی حقوق کی حفاظت اور تشریح۔

بمبئی گارڈین (انگریزی) ہر ہفتے کو کھیتواڑی میں روڈ بمبئی سے شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپئے۔ یا سات شلنگ چھ پنس ہے۔ مقصد: عیسائی مشنریوں اور مشنوں کے متعلق تمام واقعات اور خبریں شائع وغیرہ۔

بمبئی گزٹ (روزانہ) بمبئی سے ہر صبح کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے اڑتالیس ۴۸ روپئے۔ اور بیرونجات سے باون ۵۲ روپئے مقصد: علمی۔ ملکی اور تاریخی (ہفتے میں دو بار) چندہ لوکل خریداروں سے بارہ ۱۲ روپئے مع محصول سے دس روپئے۔ (ہفتہ وار) ۱۸۴۳ء سے جاری ہے۔ عمدہ موسم میں ہر ہفتے کو مانسون (برساتی موسم) میں ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ

لوکل بارہ روپے۔ مفصل دس روپے۔

بمبئی گزٹ اوورلینڈ سمری - (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتے وار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ بارہ روپے ہے - مقصد :- ملکی - علمی - اور تاریخی -

بمبئی گزٹ پرائس کرنٹ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت گیارہ روپے آٹھ آنے ہے - مقصد :- تجارتی -

بمبئی گزٹ ویکلی بجٹ (انگریزی) ہر ہفتے کو بمبئی سے شایع ہوتا ہے - چندہ بارہ روپے سالانہ ہے - مقصد :- علمی - ملکی اور تاریخی -

بمبئی مارکٹ رپورٹ اینڈ ٹریڈ پرائس (انگریزی) - ٹائمز آف انڈیا بمبئی کے دفتر سے ہر ہفتے کو شایع ہوتی ہے - قیمت کاپی چار آنے اور چندہ سالانہ دس روپے - مقصد :- تجارتی رپورٹ -

بمبئی ویدھار - (مرہٹی) کانڈیوادی ہیروتی وردا پریس - بمبئی سے روزانہ اور ہفتے وار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ چار روپے آٹھ آنے - اور دو روپے چار آنے بالترتیب ہے - مقصد :- ہر قسم کی اصلاح بحد اعتدال -

بمبئی ینگ مینز منتھلی (انگریزی) ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو ینگ مینز کرسچین ایسوسی ایشن اپالو بندر بمبئی کی طرف سے شایع ہوتا ہے - اس ایسوسی ایشن کے ممبروں، موئیدوں - اور چندہ دہندوں کو مفت دیا جاتا ہے - یہ بمبئی ینگ مینز کرسچین ایسوسی ایشن کا سرکاری آرگن ہے -

بندھاؤ (بنگالی) گرلش پریس ڈھاکہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ تین روپے ہے - مقصد :- علمی ترقی -

بنگاباسی - (بنگالی) ۳۸ اٹھتیس - دو بھوانی چرن دت لین کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دو روپے - جو ہر حالت میں پیشگی لیا جاتا ہے - مقصد :- مذہبی اور ملکی واقفیت -

بنگا باندھو - (بنگالی) ڈھاکہ سے پندرہ ۱۵ روز کے بعد شایع ہوتا ہے - چندہ دو روپے چار آنے سالانہ

بنگالی بجوفی - ۹ مرزاپور سٹریٹ کلکتہ سے ہر منگل کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپیہ ہے۔ مقصد:۔ سوشل۔

بنگال آرمی لسٹ - (دیکھو انڈین آرمی لسٹ)

بنگال ٹائمز - (انگریزی) ڈھاکہ سے ہر بدھ اور ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چوبیس ۲۴ روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ کنسرویٹو اور بہبودی ملک۔

بنگال سول لسٹ - (انگریزی) بنگال سیکریٹریٹ بک ڈپو کلکتہ سے ہر سہ ماہی کے بعد شایع ہوتی ہے۔ اس میں بنگال گورمنٹ کے تمام گزیٹیڈ عہدہ داروں کی فہرست اور اُن کی ملازمتوں کے حالات درج ہوتے ہیں قیمت فی کاپی تین روپئے ہے۔

بنگال میگزین - (انگریزی) ۱۸۷۲ء میں جاری ہُوا۔ ہیرلڈ پریس کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چھ روپئے پیشگی۔ مقاصد:۔ مذہبی اور ملکی۔

بنگالہ اور رپورٹر - (بنگالی) میمن سنگھ سے دس ۱۰ روپئے سالانہ قیمت پر شایع ہوتا ہے۔ مقصد:۔ اُن قانونی پریکٹیشنروں کے لئے ہے۔ جو انگریزی نہیں جانتے۔

بنگالی (انگریزی) سوموار کے سوائے روزانہ ۲ کولوٹولہ سٹریٹ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت لوکل خریداروں سے اٹھارہ ۱۸ روپئے۔ دیگر خریداروں سے بائیس ۲۲ روپئے۔ ہفتے میں دو بار یعنے منگل اور جمعہ کی ایڈیشن سات روپئے سالانہ۔ مقصد:۔ ملکی۔ اخلاقی۔ مذہبی اور سوشل معاملات پر بحث وغیرہ۔

بنگالی گزٹ (بنگالی) بنگال سیکریٹریٹ بک ڈپو کلکتہ سے ہر منگل وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپئے آٹھ آنے معہ محصول ڈاک۔ مقصد:۔ احکام گورمنٹ کی اشاعت۔

بنگالی مشنری گلینر (بنگالی) کلکتہ سے ہر مہینے کے پہلے

ہفتے میں چھپتا ہے۔ چندہ ایک روپیہ سالانہ۔ مقصد:۔ مشنری خبریں وغیرہ۔

بنگوبدابیروکوسیکا۔ (بنگالی) سترہ گوبند چند دھرلین کلکتے سے روزانہ شایع ہوکر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ اس میں صرف اشتہار ہوتے ہیں۔

بنگا بھومی (بنگالی) ۲۰۵ کالج سٹریٹ سے منگل وار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے پیشگی۔ مقصد:۔ سوشل مسائل

بھارت پرکاش۔ (گجراتی) احمدآباد میں اٹھارہ جلدوں میں چھپتا ہے۔ چندہ تین روپئے۔ مقصد:۔ مہابھارت کا ترجمہ چھاپنا۔

بھارت جیون۔ (ہندی) بنارس شہر سے ہر سوم وار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے معہ محصول۔ مقاصد:۔ مذہبی اور سوشل۔

بھارت سدھار (اردو) ۱۸۸۹ء میں جاری ہوا۔ لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا تھا۔ سالانہ چندہ دو روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ پولٹیکل اور سوشل۔

بھارت مترا۔ (ہندی) ستانویں موکتارام بابو سٹریٹ کلکتہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ دو روپئے سالانہ۔ مقاصد:۔ ملکی معاملات پر بحث۔

بھارت مرتند (بھاشا) پرتاپ پریس جودھہ سے ماہوار (شکلا پرتی پدا) شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے چھ آنے۔ خاص مقصد:۔ پنڈت گٹولال جی مرحوم ساکن بمبئی کی یادگار۔

بھارتی۔ (بنگالی) چھبیس بالی گنج سرکلر روڈ کلکتہ سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ لوکل تین روپئے۔ اور بیرون جات تین روپئے چھ آنے۔ مقصد:۔ علمی روشنی سے ملک کو منور کرنا۔

بہار بندھو - (ہندی) بانکی پور سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ لوکل خریداروں سے ایک روپیہ چار آنے - بیرونجات سے دو روپے - مقاصد: مارل - سوشل - سائنٹفک اور مذہبی -

بہار ٹائمز - (انگریزی) ہر جمعہ کو بانکی پور اور بھاگلپور سے شایع ہوتا ہے - چندہ چھ روپئے سالانہ - مقصد: گورنمنٹ کی خیر خواہی اور ملکی معاملات پر آزادانہ بحث - اور صوبہ بہار کے معاملات کو گورنمنٹ کے پیش کرنا -

بہار سوشل سرکل - (انگریزی) دینا پور سے سنہ ۱۹۲۷ء سے ماہوار چھپ کر شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ - مقصد: - اخلاقی - سوشل سائنٹفک اور مذہبی - اس میں قصے - کہانیاں - لطیفے - اور عام دلچسپی کی خبریں بھی ہوتی ہیں -

بہار گارڈین - (انگریزی) بانکی پور سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ لوکل خریداروں سے ایک روپیہ - بیرونجات سے ایک روپیہ چھ آنے - مقصد: - اخلاقی اور ٹمپرنس اصلاح -

بہار نیوز - (انگریزی) بھاگلپور سے ہر بدھ وار کو چھپ کر شایع ہوتا ہے - چندہ عوام سے چار روپئے اور طلبا سے دو روپئے سالانہ - مقصد: - نوجوانوں کی سوشل اور اخلاقی حالت کو ترقی دینا -

بہار ہیرالڈ (انگریزی) سنہ ۱۸۷۴ء سے بانکی پور سے ہر بدھ وار ہفتے کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دس روپئے - اور اجرت اشتہارات چار آنے فی سطر - مقصد: - بہار کے زمینداروں اور کاشتکاروں کے حقوق کی نگہبانی کرنا -

بھومی ہار برہمنا پترکا - (ہندی) مظفر پور سے ماہوار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ ایک روپیہ - مقصد: - سوشل - مذہبی اور اخلاقی اصلاح بھومی ہار برہمنوں کا ایک آرگن ہے -

بیسویں صدی (اردو) لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے -

قیمت سالانہ ایک روپیہ ہے - مقاصد :- علمی - تاریخی - اور عام دلچسپی کے مضامین -

پبلکین - (انگریزی اور مرہٹی) پونا سے ہر شام کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ پندرہ ۱۵ بلا محصول ڈاک - یہ ایک آزاد اخبار سوسائٹی کا ہے -

---

پ

پولیس ایڈووکیٹ (اردو) ہر جمعہ کو لاہور سے شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ عوام سے چار روپیے - معمولی سارجنٹوں اور کنسٹیبلوں سے تین روپیے - مقصد :- بہبودی و فلاح محکمۂ پولیس :-

پاور اینڈ گارڈین (انگریزی) دو سو تینتیس ۲۳۳ - بو بازار کلکتہ سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ چار روپیے مقصد :- آزادانہ رائے ملکی معاملات پر -

پائنیس پیپر - (انگریزی) اور ڈنس پریس لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے مع محصول ڈاک -

پائنیر (انگریزی) پائنیر پریس الٰہ آباد سے روزانہ شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ اڑتالیس روپیے - مقصد :- پولٹیکل اینگلو انڈین سر برآوردہ اخبار -

پائنیر میل (انگریزی) پائنیر پریس الہ آباد سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چھبیس روپیے - ششماہی تیرہ ۱۳ روپیے - سہ ماہی سات روپیے مقصد :- ہفتہ بھر کی ہندوستانی خبروں کا خلاصہ -

پبلک (اردو) ہر انگریزی مہینے کی پہلی - آٹھویں - پندرھویں ۱۵ اور بائیسویں ۲۲ تاریخ کو لودیانے سے شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت معہ محصول

ڈاک دو روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ ملکی و اخلاقی وغیرہ۔

پبلک گزٹ۔ (اردو) امرتسر سے مہینے میں چار دفعہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت تین روپئے سالانہ۔ مقصد:۔ سوشل۔ ملکی اور تجارتی۔

پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کلاسیفائڈ لسٹ۔ ششماہی قیمت دو روپئے۔ سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ انڈیا کلکتے کی طرف سے شایع ہوتا ہے۔

پرجابندھو۔ (انگلو گجراتی) احمد آباد سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ پولٹیکل اور سوشل وغیرہ۔

پرجامتر پارسی فرینڈ۔ (گجراتی) کراچی سے ہر بدھ اور جمعہ کے روز شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بیرونجات سے پانچ روپئے اور شہر والوں سے چار روپئے۔ مقصد:۔ پولٹیکل اور سوشل۔

پراگرس۔ (انگریزی) ایس۔ پی۔ سی کے پریس مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک تین آنے۔ ہندوستانی اور سیلون کے تعلیم یافتوں کے لئے ایک رسالہ ہے۔

پرامود سندھو (انگلو مرہٹی) پرامود سندھو پریس امراوتی سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے۔ بلا محصول ڈاک۔ مقصد:۔ سوشل۔ تجارتی اور دیگر معاملات پر بحث کرنا۔

پربھات (سندھی و انگریزی) حیدرآباد سندھ سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے۔ مقاصد:۔ پولٹیکل اخبار ہے۔ قیمت سالانہ چار روپئے۔

پرو بھاکار۔ (انگلو مرہٹی) کھیت واڑی بمبئی سے اتوار کے سوائے ہر روز شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپئے آٹھ آنے پیشگی۔ مقصد:۔ پولٹیکل و سوشل۔

پروسیڈنگس آف ایشیاٹک سوسائٹی

بنگال - ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چار روپئے - اور محصول آٹھ آنے - مقصد :- ایشیا اور ایشیائی اشیا کی تحقیقات -

بیپیدارسک (بنگالی) - میڈیکل سٹور سلہٹ سے ہر مہینے کی پہلی اور سولھویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپئے بعض اوقات اس میں انگریزی مضامین بھی ہوتے ہیں - اس کا مقصد :- عام خبریں بہم پہنچانا - اور پبلک امور گورنمنٹ کے پیش کرنا ہے -

پلانٹر (انگریزی) ۱۰۱ اپر بازار سٹریٹ کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - سالانہ قیمت بتیس روپئے ششماہی بارہ روپئے سہ ماہی سات روپیہ - مقصد :- چائے - قہوہ - نیل - اور دیگر زراعتی اشیاء کے متعلق مضامین :-

پلانٹنگ اوپینین (انگریزی) مدراس سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ پندرہ روپئے - مقاصد :- جنوبی ہند کی زراعت و کاشتکاری کی ترقی اور اس کے متعلقہ معاملات پر بحث -

پنجاب اڈورٹائزر (انگریزی) لاہور سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو مفت شائع ہوتا ہے - مقاصد :- تجارتی مضامین اور اشتہارات

پنجاب ان ٹیلی جنسر (انگریزی) امرتسر سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ پیشگی نو روپئے - مابعد پندرہ روپئے - مقصد :- رفاہ عام مضامین اور عام خبریں وغیرہ -

پنجاب ٹائمز - (انگریزی) ایجرٹن پریس راولپنڈی سے ہر بدھ اور ہفتے کو شائع ہوتا تھا قیمت سالانہ ۱۰ روپئے پیشگی - مقصد :- سوشل اور پولیٹکل -

پنجاب ٹریڈ جرنل - (انگریزی) لاہور سے شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا تھا - مقصد :- تجارتی اشتہارات اور مضامین -

پنجاب ریکارڈ یا ریفرنس بک فار سول آفیسر
(انگریزی ایڈیشن) حصہ جوڈیشل ماہوار اور اگزیکٹو (انتظامی) سہ ماہی وار لاہور سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ چوبیس ۲۴ روپئے۔ فی کاپی تین آنے۔ مقصد:۔ سول اور فوجداری مقدموں کی رپورٹیں سرکاری احکام۔ اور پنجاب کے متعلقہ ایکٹ شایع کرنا۔ (اُردو ایڈیشن) جوڈیشل حصہ ماہوار اور اگزیکٹو حصہ سہ ماہی وار لاہور سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ آٹھ روپئے چار آنے فی کاپی بارہ آنے۔ مطبع سول اینڈ ملٹری گزٹ لاہور اس کے پبلشر ہیں۔

پنجاب سول لسٹ (انگریزی) گورنمنٹ پنجاب کی طرف سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت آٹھ روپئے ہے۔ مقاصد:۔ فہرست عہدہ داران پنجاب۔

پنجاب گورنمنٹ گزٹ۔ (انگریزی) لاہور سے ہر جمعرات کے روز شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پندرہ روپئے آٹھ آنے۔ فی کاپی آٹھ آنے۔ مقاصد:۔ گورنمنٹ پنجاب کے احکام و اشتہارات کو شایع کرنا دکھانا۔

پنجۂ فولاد۔ (اُردو) لاہور سے ہر مہینے میں چار دفعہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے تین روپئے۔ ممالک غیر سے چار روپئے۔ مقاصد:۔ پولیٹیکل اور سوشل مضامین۔ عام خبریں اور شعر و سخن وغیرہ:۔

پنڈت (گوجراتی وہندی و انگریزی) گرگام سے صرف دیسی فوج کے افسروں کے ترقیوں وغیرہ کی اشاعت کے لئے شایع ہوتا ہے۔ اور اس کی آمدنی ایک یتیم خانہ کے لئے وقف ہے۔ قیمت سالانہ چار روپئے۔

پورنو چندرودئے (بنگالی ہندی) سترہ و اٹھارہ کلکتے سے سوائے اتوار کے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ آٹھ روپئے۔ مقصد:۔ اشتہارات

پولیس نیوز (اُردو) میرٹھ سے ہفتے میں چار بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ سات روپئے۔ مقصد:۔ پولیس ریکارم اور عام خبریں۔

پونا اوبزرور۔ (انگریزی) ایک ملکی اور فوجی ہفتہ وار رسالہ پونا سے روزانہ

شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تیس روپئے۔ مقصد :۔ ہر قسم کے معاملات و واقعات

پبلک فرینڈ (انگریزی) نیلور ۔ مدراس سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپئے۔ محصول ڈاک معاف ۔ مقصد :۔ عام واقعات اور رائیں۔

پبلک ہیرالڈ (انگریزی) آگرے سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت شہر والوں سے نو روپئے غیر ونجات سے دس روپئے آٹھ آنے۔ ایک آزاد نولبل اینگلو انڈین اخبار ہے۔

پیسہ اخبار (روزانہ) کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے سوائے اتوار کے ہر روز شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تیرہ و پندرہ روپئے۔ مقصد :۔ پولیٹیکل مارل اور سوشل معاملات و واقعات پر بحث۔ اور دنیا بھر کی تازہ خبریں۔

پیسہ اخبار (اردو) خادم التعلیم سٹیم پرنٹنگ ورکس لاہور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک ۲ فی روپیہ مقاصد :۔ اخلاقی ملکی ۔ معاشرتی صنعتی ۔ مضامین اور عام دلچسپ خبریں وغیرہ ۔ تمام ہندوستان کے اردو اخبارات میں زیادہ اشاعت رکھتا ہے۔

پبلی انٹالوجیا انڈیکا ۔ (انگریزی) سرکاری پبلیکیشن ہے کلکتہ سے غیر مقررہ اوقات میں شائع ہوتا ہے قیمت فی پلیٹ چار روپئے ۔ اس میں زمانہ قدیم کے ناپید شدہ حیوانات یا متحجر چیزوں کی تحقیقات درج ہوتی ہے ۔

پیلیسن ۔ (انگریزی اور تامل میں) اوپی جفنہ سیلون سے ماہوار شائع ہوتا ہے ۔ قیمت پچاس سینٹ فی کاپی ۔

پیورٹی اسروٹ ۔ (انگریزی) ہفتہ وار لاہور سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ طلباء سے ایک روپیہ آٹھ آنے ۔ عوام سے دو روپئے ۔ مقاصد :۔ اخلاقی و روحانی مضامین :۔

ت

تاج الاخبار (اردو) ایجوکیشن پریس راولپنڈی سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت چار روپے پیشگی - مقصد :- ملکی ، قومی اور اخلاقی -

تالیف و اشاعت - (اردو) ہر مہینے کی پہلی اور پندرھویں تاریخ کو لاہور سے شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک ایک روپیہ دو آنے ہے -

تامل زنانہ میگزین (تامل) ٹریلیکین مدراس سے ہر مہینے کی اکیسویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ بارہ آنے - مقاصد : تعلیمی - ہندوستانی لیڈیوں کو علم کی روشنی سے منور کرنا - اور مذہبی و قومی مضامین لکھنا -

تامل وارکرائی - (تامل انگریزی) کالی کٹ سے ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ سم آنے - مقصد :- ملکی فوج کے متعلق مضامین اور خبریں -

تتوابودھنی پتریکا - بنگالی اور انگریزی ۵۵ اپرسرکلر روڈ کلکتے سے ہر بنگالی مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے چھ آنے - مقصد : مذہبی مضامین

تتواکومدی (بنگالی) برہموشن پریس کلکتے سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے - مقصد :- مذہبی - قومی اور تعلیمی معاملات

تفریح (اردو) لکھنؤ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت معہ محصول ڈاک ایک روپیہ آٹھ آنے - مقصد :- عام معاملات پر بحث -

تندرستی (اردو) ایک طبی رسالہ ہنت چرن داس اینڈ سنز کے ہاں سے ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ :- مضامین حفظان صحت وغیرہ - اور اشتہارات ادویات کارخانہ -

تنجور ٹائمز المعروف بہ سوتھ انڈین ٹائمز (انگریزی) کمبا کونام ضلع تنجور سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے بعض اوقات تامل میں بھی شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ پانچ روپئے مقصد :- عام تعلیم ضلع بھر کے پالٹیکس اور عام خبریں۔

تہذیب النسواں - (اردو) لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپئے چار آنے پیشگی ہے مقاصد: مستورات کے لئے اخلاق و خانہ داری اور تربیت اولاد کے متعلق مضامین چھاپنا۔

تھیاسوفسٹ - (انگریزی) ادیار - مدراس سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ہندوستان - برہما اور سیلون کے لئے آٹھ روپئے ممالک یورپ کے لئے ایک پونڈ یا پانچ ڈالر - مقصد: مشرقی لٹریچر سائنس اور مذہب

تھیاسوفک گلینر (انگریزی) بمبئی سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپئے مقصد :- سائنس - تھیاسوفی اور مذہب -

تھیکرس انڈین ڈائرکٹری (انگریزی) تھیکر سپنک اینڈ کمپنی کلکتے کی طرف سے سالانہ شایع ہوتا ہے - قیمت علاوہ محصول بتیس روپئے۔

ٹ

ٹائمز آف آسام (انگریزی) دبروگڑھ سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت پانچ روپئے سالانہ - مقصد :- آسام اور آسامیوں کے حقوق کی حفاظت اور چائے کی تجارت وغیرہ -

ٹائمز آف انڈیا - (انگریزی) بمبئی سے روزانہ شایع ہوتا ہے قیمت اڑتالیس روپئے سالانہ - مقصد :- عام خبریں -

ٹائمز آف انڈیا (ہفتہ وار) بمبئی سے ہر بدھ وار کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ روپئے - مقصد :- ہندوستانی اور ممالک غیر کی خبریں :-

ٹائمز آف انڈیا - (اوورسیز ایڈیشن) ہر ہفتے کو انگریزی میں بمبئی سے شایع ہوتی ہے - قیمت سالانہ پندرہ روپئے - مقصد :- ہندوستانی خبریں -

ٹائمز آف انڈیا المینک یا بمبئی ڈائرکٹری (انگریزی) بمبئی سے ہر جنوری کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتی ہے - قیمت فی کاپی دس روپئے -

ٹائمز آف سیلون - کولمبو سے روزانہ شایع ہوتا ہے - قیمت ششماہی انیس ۱۹ روپئے مع محصول پیشگی - مقصد :- کاشتکاروں کی ترقی -

ٹراپیکل اگریکلچرسٹ (انگریزی) کولمبو سے ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت سولہ ۱۶ روپئے سالانہ - کاشتکاروں کا آرگن ہے -

ٹریبون (انگریزی) لاہور سے ہر منگل - جمعرات اور ہفتے کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت سولہ ۱۶ روپئے پیشگی - مقصد :- ملکی - فوجی - تعلیمی وغیرہ -

ٹریڈ اڈورٹائیزر - (اردو) دہلی سے ماہوار شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے مقصد اشتہارات -

ٹریڈ اینڈ نیویگیشن اکونٹس - (انگریزی) کسٹم ہاؤس کلکتے سے اگست کے مہینے میں شایع ہوتا ہے - قیمت بیس ۲۰ روپئے سالانہ بلا محصول مقصد شرح اعداد و شمار وغیرہ -

---

ج

جادو (اردو) ہر شنبہ کو جادو پریس شہر جہاں پور سے شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ رؤسا سے چھ روپئے - اور عام خریداروں سے دو روپئے پیشگی مقصد ملک اور قوم کی بہبودی اور فلاح -

جام جمشید (گجراتی) منگلور سٹریٹ فورٹ بمبئی سے روزانہ شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ بارہ ۱۲ روپئے - مقصد :- تازہ خبریں - سوشل - ملکی

اور تجارتی ترقی۔

جام صحت (اُردو) لاہور سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے۔ مقاصد:۔ حفظ صحت اور مفید مضامین حکمت

جامع العلوم (اُردو) مرادآباد سے ہفتہ وار شایع ہوتا تھا۔ (کچھ عرصے سے بند ہے) سالانہ قیمت چار روپے۔ مقصد: تھیاسوفی۔ مسمریزم۔ ملکی معاملات

جرنل۔ (انگریزی) نو ہیر سٹریٹ کلکتہ سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک آنہ فی کاپی۔ قیمت سالانہ اُن اشخاص کے لیے جو اخبار انڈین ڈیلی نیوز کے خریدار ہیں۔ پانچ روپے۔ وہ جو خریدار نہیں ہیں چھ روپے۔ یہ ایک ہفتہ وار اخبار اور میگزین ہے۔

جرنل آف دی ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال۔ (تین حصوں میں) حصہ اوّل تاریخ۔ علم ادب وغیرہ۔ حصہ دوم فزیکل سائنس اور نیچرل ہسٹری۔ حصہ سوم علم الانسان وغیرہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ کی طرف سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپے آٹھ آنے۔

جرنل آف دی فوٹوگریفک سوسائٹی آف انڈیا (انگریزی) سٹاڈن پارک سٹریٹ کلکتہ سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دس روپے۔ مقصد:۔ فوٹوگرافی کی ترقی۔

جرنل آف دی یونائیٹڈ سروس آف انڈیا (انگریزی) گورنمنٹ سنٹرل برانچ پریس شملہ سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے فی کاپی۔ مقصد: سنگری اور فوجی۔ آرٹ سائنس اور لٹریچر کی ترقی۔

جریدۂ روزگار۔ (اُردو) مدراس سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت

جفنہ کیتھالک گارڈین (انگریزی) کرائیسو رجفنہ سیلون سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چار روپے آٹھ آنے - مقصد :- عیسوی مذہبی اور ملکی -

جلوہ محبوب (اردو) حیدرآباد دکن سے ہر مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ عام سے چھ روپے - اور طلباء سے چار روپے -

جنانا بودھنی (تامل) مدراس سے ہر مہینے کی بیس تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپے آٹھ آنے - مقصد :- لٹریچر - آرٹ سائنس

جنم بھومی (بنگالی) ۴۷ - آکولوٹولہ سٹریٹ کلکتے سے ماہوار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت بارہ آنے - مقصد :- مذہبی اور سوشل مضامین

جین گزٹ (ہندی) آرہ سے ہر مہینے کی پہلی اور سولھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دو روپے آٹھ آنے - مقصد :- سوشل - مذہبی اور تاریخی مضامین -

جینی - (ناگری) الہ آباد سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے سالانہ قیمت ایک روپیہ معہ محصول - مقصد :- سوشل اور مذہبی مضامین

جیوش گزٹ - نو پولک سٹریٹ کلکتے سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ پندرہ روپے - مفصلات اٹھارہ روپے -

چ ح خ

چارو ورتا (بنگالی) میمن سنگھ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے چھ آنے سالانہ۔

چرچ مشنری گلینر (انگریزی) مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ آنے۔ مقصد: مشنری حالات

چکتسا کا (بنگالی) ۱۹۱ نائن چندو دت سٹریٹ کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ دو روپے مع محصول۔ مقصد:- طبی سائنس

چلڈرنس فرینڈ (اردو و ہندی) میتھوڈسٹ مشن لکھنؤ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ چھ آنے مقصد:- مذہبی

چلڈرنس لمپ (سنگالی) کولمبو میں ماہوار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- بچوں کو مذہبی تربیت دینا۔

چندر و دیا (کناری) دھار واڑ بمبئی سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے پانچ آنے معہ محصول ڈاک مقصد: سوشل- اخلاقی اور ملکی مضامین۔

چنسرا برتا بوہا (بنگالی) با دھا بیٹولا چنسرے سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ ہگلی چنسرا- اور چندر نگر کے لئے ایک روپیہ سالانہ مفصلات ایک روپیہ بارہ آنے معہ محصول- مقاصد: عام واقعات ہندو سوسائٹی متعلق- ہندو مذہب- ملکی معاملات ہر قسم کی ضروری خبریں وغیرہ وغیرہ

چودھویں صدی (اردو) ہر مہینے میں چار دفعہ راولپنڈی سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عام سے چھ روپے اور طلباً

سے چار روپے۔ مقاصد:- قومی۔ اخلاقی اور ملکی معاملات پر بحث۔

چوکلمبا سنسکرت سیریز (سنسکرت) ودیا ویلاس پریس بنارس سے سکریٹری چوکلمبا سنسکرت بک ڈپو کی طرف سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ہندوستان کے لئے سات روپے آٹھ آنے۔ غیر ممالک پندرہ شلنگ۔ محصول ڈاک معاف۔ مقصد: سنسکرت کی کمیاب اور قدیمی کتابوں کو شایع کرنا۔

چھترا (بنگالی) ۱۶۶ مانک ٹولہ سٹریٹ کلکتہ سے ہر پندرہ روز کے بعد شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنے اور بیرونجات کے خریداروں کے لئے ایک روپیہ بارہ آنے معہ محصول مقاصد:- خبریں۔ عام واقعات دلچسپ کہانیاں۔ مضامین اور شعر و سخن۔

چھوٹا ناگپور نیوز (انگریزی) ۱۳ ڈیوڈ جوزف لین کیننگ سٹریٹ کلکتہ میں چھپ کر الن ستھیوسن پرولیسے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ چندہ ہندوستان کے لئے سالانہ سات روپے آٹھ آنے۔ اور ممالک یورپ کے لئے دس روپے۔

چیمبر آف کامرس بمبئی (انگریزی) ۱۸۳۶ء سے جاری ہے۔ قیمت ماہوار دس روپے۔ مقصد:- تجارت برآمد اور درآمد کے تفصیلی حالات

چیمبر آف کامرس پرائس کرنٹ مدراس (انگریزی) مدراس منیل پریس مدراس سے ہر پندرہ روز کے بعد شایع ہوتا ہے قیمت فی کاپی چار آنے اس میں عام تجارتی مضامین ہوتے ہیں۔

حافظ صحت (اُردو) ایک طبی رسالہ زبدۃ الحکماء حکیم غلام نبی صاحب لاہور کے ہاں سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت

حبل المتین (فارسی) میڈیکل کالج اسٹریٹ نمبر چار۔ کلکتہ

سے ہر دوشنبہ کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ ہندوستان و برہما ۱۲ روپے ایران و افغانستان پچاس قران - دولت عثمانی و مصر پانچ مجیدی - یورپ و چین تیس فرانک - روس و ترکستان دس منات - مقاصد :- علوم و وقائع سیاسی و منافع دولتی و فوائد ملتی پر بحث -

حیدر آباد کرانیکل - (انگریزی) ہفتے میں تین بار یعنی سوم وار - بدھ وار اور جمعہ کو ۱۸۹۴ء سے ابراڈو سے - مدراس سے شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ۲۵ روپے ہے - مقصد :- سوشل اور پولیٹکل خبریں -

خالصہ اخبار - (پنجابی) خالصہ پریس لاہور سے پنجابی میں شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ تین روپے چار آنے - مقاصد :- مذہب سکھ کے اصولوں کی ترقی اور ان کی سوشل حالت کی اصلاح وغیرہ -

خلاصہ نظائر اور فوج داری ماہوار (اردو) فتح گڑھ سے ماہوار شائع ہوتا ہے - ہر دو کے لئے سالانہ چندہ چار روپے نو آنے - مقصد :- قانونی نوٹ اور فوج داری قواعد وغیرہ -

خیر خواہ عالم (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ چھ روپے ہے - مقصد :- عام و خاص مضامین اور خبریں -

---

د

دارجیلنگ وزیٹر - (انگریزی) دارجیلنگ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ چھ روپے فی کاپی دو آنے - مقصد :- ضلع دارجیلنگ کی عام خبریں - تمام سیاحوں اور یوروپین باشندوں کے نام اور تجارتی نرخ -

دبدبہ قیصری (اردو) بریلی سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا تھا - (کچھ عرصہ سے بند ہے) قیمت سات روپے مع محصول ڈاک - مقصد :- عام خبریں اور ملکی معاملات -

ڈسٹرکٹ گزٹ - (انگریزی) شوپیٹو سے ماہوار ۲ آنے فی کاپی قیمت پر شائع

ہوتا ہے۔

دلچسپ (اُردو) اختر پریس امرتسر سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ۔ مقصد:۔ دلچسپ اُردو لٹریچر۔

دکپروکاش (بنگالی) کاکینہ رنگ پور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے۔ مقاصد:۔ ملکی سوشل اور مذہبی۔

دوست ہند (اُردو) ہر جمعہ کو بھیرہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت عوام سے چار روپئے سالانہ۔ مقاصد:۔ ملکی مضامین و خبریں وغیرہ۔

دنیان پرکاش۔ (انیگلو مرہٹی) پونا سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ۔ محصول ڈاک تیرہ آنے۔ مقصد:۔ سوشل، ملکی اور تجارتی اصلاح۔

دنیان چکشا۔ (دو زبان) بدھوار پیٹ۔ پونا شہر سے ہر بدھوار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپئے ہے۔ مقصد:۔ ملکی معاملات تجارت اور خبریں۔

دنیان ساگر (مرہٹی) کولہاپور سے ہر سوموار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت پانچ روپئے تیرہ آنے۔ مقصد:۔ سوشل اور پولٹیکل۔

دنیا نودیا۔ (انگریزی اور مرہٹی) بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ تیرہ آنے۔ مقصد:۔ مذہبی اور سوشل۔

دھرما تتوا پرکاشک پیرو ٹینیا (بنگالی) ۱۸۸۰ء میں جاری ہوا۔ ہندو دھرم سوسائٹی۔ کالی گھاٹ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ۔ محصول ڈاک معاف۔ مقصد:۔ عیسائیت اور ہندو دھرم پر بحث۔

دھرم تتوا۔ (بنگالی) ۳ رمناتھ موزمدار سٹریٹ کلکتہ سے ہر مہینے کی پہلی اور سولھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے چار آنے مع محصول۔ اور دو روپئے آٹھ آنے لوکل خریداروں سے مقصد

پیوڈسیفیشین کے مذہب کی اشاعت۔

دھرم پرچارک۔ (بنگالی) بنارس شہر سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:۔ مذہبی اور سوشل۔

دھرم داچاپن۔ (پنجابی) لودھیانہ سے ہر مہینے کے بعد شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین کاپیوں کے لئے بارہ آنے۔ آٹھ آنے فی کاپی مقصد:۔ سوشل اور مذہبی خبریں عورتوں اور بچوں کے لئے۔

دہلی پنچ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپے سالانہ یہ ایک ظریف اخبار ہے۔

دیسی مترا (گجراتی) ہر جمعرات کو سونی فالیہ۔ سورت سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے دو روپے بیرونجات سے دو روپے تیرہ آنے مقصد:۔ عوام الناس کی خیر خواہی۔

ڈ ذ

ڈائجسٹ۔ (انگریزی) ماہوار لاہور سے شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ پیشگی چار روپے اور مابعد پانچ روپے ہے۔ مقاصد:۔ ہندوستانی مقدمات کے مختصر نوٹ اور دیگر قانونی مضامین۔

ڈائمنڈ۔ (انگریزی) کوہ مسوری سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ سالانہ مقصد:۔ بیش قیمت پتھر فولادی اشیاء۔ قوت کہربائی اور وقت کے متعلق دلچسپ واقفیت۔

ڈالوسیز ریکارڈ (انگریزی) سی۔ ایم۔ ایس پریس کوٹیام سے دو مہینے میں ایک بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک آنہ فی کاپی دیسیوں کے لئے دو آنے فی کاپی یوروپینوں کے لئے۔ مقصد:۔ مشنری خبریں وغیرہ۔

ڈویژن آف نالج ایجنسی۔ (تامل) ٹرپلیکین۔ مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ۔ چار روپے باریک کاغذ۔ اور پانچ روپے موٹا کاغذ۔ مقاصد:۔ دیہاتی لوگوں میں حفظان صحت کی ترقی کا خیال پھیلانا اور عام

واقفیت بہم پہنچانا۔

ڈکشنیا ورت (مرہٹی) کولھاپور بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ۔ مقصد:۔ سوشل۔ ملکی۔ مذہبی اور دیگر مضامین

ڈھاکہ گزٹ۔ (انبگلو ورنیکلر) ڈھاکہ سے ہر سوموار کو چھپکر شایع ہوتا ہے۔ چندہ چھ روپیہ سالانہ۔ مقصد:۔ ملکی اور سوشل مضامین۔

ڈیلی پوسٹ (انگریزی) ۱۹۰۱ء سے جاری ہے۔ ۵ ار ینڈیڈ ینسی روڈ بنگلور سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار۔ تین اور دو روپیہ حسب مقدرت۔ مقصد:۔ خبریں۔

ڈیلی ٹیلیگراف اینڈ دکن ہیرلڈ (انگریزی) پونا سول لائینز سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بتیس روپیہ۔ مقصد:۔ آزادانہ رائے۔

ذوالقرنین۔ (اُردو) بدایوں سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ تین روپیہ ہے۔ مقاصد:۔ تعلیمی ترقی۔ سوشل ریفارم (اصلاح رسوم وتمدن) اور فن زراعت کی ترقی۔

ر

راجپوتانہ گزٹ (اُردو اور ہندی) چراغ راجستان پریس سے بازار پرانی منڈی اجمیر سے مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت رئیسوں سے دس، عام سے پانچ۔ اور طلباء سے تین روپے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ راجپوتانے کے متعلق اور عام خبریں۔ موتی بیگم صاحبہ بیوہ مولوی مراد علی صاحب ہوشیار مرحوم اس کی مالک ہیں۔

راجستان سماچار۔ (ہندی) اجمیر سے ہر بدھ اور ہفتے کے روز شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پانچ روپیہ معہ محصول۔ مقاصد:۔ ملکی۔ قومی۔ مذہبی اور تجارتی۔

زاد اشدو (بنگالی) گِرِش پریس ڈھاکہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔

قیمت ایک روپیہ سالانہ۔ مقصد:۔ لٹریری اور سوشل ریفارم۔

راست گفتار و ستیہ پرکاش (انگریزی و گجراتی) بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت چھہ روپے سالانہ۔ سات روپے آٹھ آنے معہ محصول۔ ایک ہفتہ وار اینگلو ورنیکلر اخبار ہے۔

راسک متر۔ (دیوناگری۔ ہندی) چوک کانپور سے ہر مہینے کی پچیس تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ چار آنے۔ مقاصد:۔ شعر و سخن۔

رائل کرانیکل (انگریزی) کلکتے سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پندرہ روپے۔ ہندوستان کے شرفاء و رؤسا وغیرہ کا واحد اور ممتاز اخبار۔

رسالہ خلاصۂ نظائر۔ (اردو) فتح گڑھ سے ہر پہلی اور پندرہویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے چار آنے۔ مقصد:۔ قانونی مضامین

رسالہ مہر دلغریز۔ (اردو) فتح گڑھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ دو آنے۔ ناول اور دیگر مفید مضامین مہیّا کرنا۔

رشتی و دیا میگزین سنہ ۱۹۰۱ء میں جاری ہوا۔ گرگام بمبئی سے گجراتی میں ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ چار آنے۔ مقصد:۔ مذہبی سوشل اور اخلاقی۔

رفیق نسواں (اردو و ہندی الگ الگ) ہندی ایڈیشن کا نام ابلا ہتکارک ہے۔ لکھنؤ میتھوڈسٹ مشن پریس سے روزانہ شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ

رفیق ہند (اردو) لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا تھا۔ اب کچھ عرصے سے بند ہے۔ قیمت بارہ روپے سالانہ۔ مقصد:۔ ملکی۔ اخلاقی اور علمی وغیرہ۔

رنگ پور دکپرو کاش (بنگالی) کاکینہ رنگ پور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے بارہ آنے معہ محصول۔ مقصد:۔ ملکی۔ سوشیل اور مذہبی۔

رنگون اڈورٹائزر (انگریزی) ہنتھا وادی پریس رنگون سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت چھ روپے آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد:۔ ہفتہ بھر کی خبریں اور اشتہارات۔

رنگون ٹائمز۔ رنگون سے اتوار کے سوائے ہر روز شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے چالیس روپے۔ مفصلات سے باون ۵۲ روپے۔

رنگون ڈائوسیز کوارٹرلی پیپر (انگریزی) ہنتھا وادی پریس رنگون سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے سالانہ ایک عیسائی مذہبی رسالہ ہے۔

رنگون گزٹ (انگریزی) دو رنگون گزٹ لاکا پریس رنگون سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت لوکل چار روپے۔ مفصلات سے پانچ روپے ماہوار ولکلی بجٹ سات روپے سہ ماہی۔ مقصد:۔ خبریں۔

رنگون گورنمنٹ ٹیلیگراف گزٹ (انگریزی) روزانہ ساڑھے نو بجے صبح۔ بارہ بجے دوپہر ڈھائی بجے بعد دوپہر اور پانچ بجے شام کے اور اتوار کے روز دس بجے صبح اور پانچ بجے شام کے گورنمنٹ ٹیلیگراف پریس رنگون سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت بارہ ۱۲ روپے ماہوار۔ مقصد:۔ سٹیمروں کی نقل و حرکت ہندوستان اور غیر ممالک کے تار خبروں کی دیرکی اوسط۔ بے پتہ تار خبروں کی فہرست۔ وغیرہ۔ وغیرہ۔

روہیلکھنڈ گزٹ (اردو) بریلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ہندوستان کے لئے تین روپے۔ ممالک غیر چھ روپے مقاصد ملکی اور سوشل۔

رہبر (اردو) ۱۸۸۸ء میں جاری ہوا۔ مراد آباد سے ہفتہ وار

شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پانچ روپے۔ مقصد:۔ پولٹیکل مضامین۔

ریاض الاخبار (اُردو) گورکھپور سے ہفتے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ روپے۔ مقصد:۔ سوشل۔ ملکی۔ اور علمی۔

ریسنگ کیلنڈر کلکتہ ٹرف کلب کے لئے تھیکر سپنک اینڈ کمپنی کے پریس میں پانزدہ روزہ چھپتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ روپے۔ اس اخبار کا اتیول رسالانہ جلد بھی چھپتی ہے۔ قیمت پانچ روپے۔

رئیس و رعیت (انگریزی) ولنگٹن سٹریٹ کلکتے سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پیشگی بارہ روپے مابعد اٹھارہ روپے۔ مقصد: سوشل و ملکی۔

ریلوے (انگریزی) کلکتے سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت دس روپے سالانہ۔ اس میں ریلوے۔ سڑکوں۔ نہروں۔ اور محکمہ تعمیرات کے متعلق حالات درج ہوتے ہیں۔

ریویو آف ریلیجنس (انگریزی و اُردو) قادیان ضلع گورداسپور سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ انگریزی ایڈیشن چھ روپے۔ اردو ایڈیشن دو روپے۔

زبدۃ الاخبار (اُردو) لاہور سے مہینے میں چار بار شایع ہوتا تھا۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ۔ مقاصد:۔ عام دلچسپی کے مضامین اور خبریں۔

زمیندار۔ کارخانہ پیسہ اخبار سے ماہوار شایع ہوتا تھا۔ اب کچھ عرصہ سے بند ہے۔ زراعت، اغبانی، علاج المواشی کا ماہوار رسالہ۔ قیمت سالانہ تین روپے۔

زمیندار (اُردو) ہر مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے۔ مقاصد: زراعت۔ ترکاری وغیرہ۔

زمانہ (اُردو) ہر ... شیخ پیر بخش بریلی سے شایع ہوتا ہے۔ چھپائی سالانہ اعلیٰ کاغذ تین روپے۔ معمولی کاغذ دو روپے۔ مقصد: ملکی اخلاقی قومی

علمی وغیرہ۔

س

سارا ساوی سندرا لیسہ (سنگالی) کولمبو سے ہر منگل راز جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپئے۔ مقصد: ملکی۔ سوشل۔ علمی اور مذہبی۔

سا منتیا سیروج (ہندی) میرٹھ شہر سے ہر مہینے کی بارہ تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپئہ چودہ آنے۔ مقصد: ملکی۔ سوشل اور اخلاقی۔

سنتھ اوبلینر (برہمی) رنگون سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ نو آنے۔ مقصد: انٹرنیشنل سنڈے سکول کی خبریں۔

سنتھ سکول پیپر (سنگا۔ کیرین پوکرین اور برہمی) مشن پریس رنگون سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ نو روپئے۔ مقصد: انٹرنیشنل سنڈے سکول کے اسباق۔

سپد صد بشیر کا (انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے پانچ آنے معہ محصول۔ مقصد: مذہبی۔ قومی اور تعلیمی۔

سپاک (بنگالی) ڈھاکہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپئہ۔ مقصد: مذہبی اور قومی۔

سپریم کورٹ سرکلر۔ گورنمنٹ پرنٹنگ آفس کولمبو سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپئے اور پچیس سنٹ۔

ستارہ ہند (اردو) مراد آباد سے مہینہ میں چار بار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت عوام سے تیرہ روپئے دس آنے۔ مقصد: ملکی اور عام خبریں۔ مضامین۔

ستری بودھ (گجراتی) بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے۔ پارسیوں اور لیڈیوں کے لئے ایک اچھا رسالہ ہے۔

ستواسدھانی (تلیگو) مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت دو روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:- علم ادب - سائنس - فلسفہ اور مذہب۔

سیتہ ویکا - باتصویر (کناری) منگلور سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ آنے۔ معہ محصول ایک روپیہ چار آنے۔ مقاصد:- پند و نصائح اور عام خبریں۔

سیتہ لوکایا (صداقت کا نور) (سنگالی) کولمبو سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ چار آنے۔ ایک عیسائی مذہبی رسالہ ہے۔

ستیہ واتھلبتیہو کرالیان (تامل) جفنہ سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ اور پچیس سینٹ۔ مقصد:- مذہبی اور ملکی۔

سٹوڈنٹس فرینڈ (انگریزی) ۲۰۳ - دہار سٹریٹ - دھوبی تلاؤ - بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے۔ مقاصد:- دلچسپ - تعلیمی - امور و مضامین کو باتصویر شایع کرنا۔

سٹوڈنٹس گزٹ (انگریزی) ۸۴ کونسل سپرنٹ سٹریٹ مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپئہ۔ محصول ڈاک معاف۔ مڈل اور ہائی سکولوں کے طلباء کے لئے ایک اچھا رسالہ ہے۔

سٹیٹسمین اینڈ فرینڈ آف انڈیا - (انگریزی) کلکتے سے ایک روز میں پانچ اڈیشن شایع ہوتی ہیں قیمت سالانہ چوبیس روپئے۔

سٹیمپس (انگریزی) ۲ منگولین سٹریٹ کلکتے سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۱۲ آنے۔ مقصد:- استعمال شدہ ٹکٹوں کے حالات وغیرہ۔

سجنا نیر کا (تامل) اکلپس پریس ناگاپٹم سے ہر سوموار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان کے لئے چار روپئے۔ برہما اور نو آبادیوں

کے لئے پانچ روپے۔ مقصد:۔ سوشل اخلاقی۔

سجناگرتی سدھاکر۔ (ہندی و دیوناگری) اودے پور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھ روپے۔ محصول ڈاک آٹھ آنے مقصد:۔ اخلاقی۔ تاریخی اور عام مضامین اور خبریں۔

سدھاکار (مرہٹی) اپین۔ ضلع کولابہ سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ تیرہ آنے۔ مقصد:۔ مذہبی اور ملکی خبریں۔

سراج الاخبار (اردو) ہر دوشنبہ کو جہلم سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے تیرہ آنے۔ مقصد:۔ عام واقعات اور خبریں شائع کرنا

سرور زگار (اردو) ہر مہینے میں چار بار آگرے سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت اہل شہر سے چار روپے۔ مفصلات سے پانچ روپے۔ مقاصد: گورنمنٹ کی خیر خواہی اور لٹریچر کی ترقی وغیرہ

سری راجہ یوگی (انگریزی و تلیگو) کوکناڈا سے ہر سوموار کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے۔ مقصد:۔ مذہبی۔ اخلاقی اور پالٹیکس

سری وینکٹیشر سماچار۔ (ہندی) گرگام بمبئی سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے آٹھ آنے۔ مقصد: ملکی۔ سوشل مذہبی۔ تعلیمی اور اخلاقی۔

سلاودینک۔ (بنگالی) کلکتے سے روزانہ شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے پانچ روپے۔ اور مفصلات سے دس روپے۔ معہ محصول۔ مقصد: ملکی خیر خواہی

سماج (بنگالی ٹائمز) چار و لیس لین کلکتے سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپے۔ مقصد:۔ سوشل۔ اخلاقی سنجاری وغیرہ

سناتن دھرم گزٹ (اردو) لاہور سے ماہوار شائع

ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے آٹھ آنے - ایک سناتن دھرمی مذہبی رسالہ ہے

سنٹرل پراونسز سول لسٹ - سہ ماہی وار ایک روپیہ بلا محصول ڈاک - صوبجات وسطی کے حکام سول کے ناموں کی فہرست ہے -

سنٹرل پراونسز گورنمنٹ گزٹ (انگریزی اور ہندی) ناگپور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ انگریزی ایڈیشن کے لئے سات روپیہ چار آنے بلا محصول اور نو روپے معہ محصول - ہندی ایڈیشن کے لئے چار روپے سالانہ

سنٹرل پراونسز لا رپورٹس - (انگریزی) سیتا بلڈی ناگپور سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ چار روپے - مقصد :- قانون کی اشاعت

سنجی بنی (بنگالی) کلکتے سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے قیمت دو روپے سالانہ - مقاصد :- اخلاقی - قومی - اور مذہبی اصلاح -

سنچری پبلشنگ کمپنی اڈورٹائیزر (انگریزی) بائیکلا بمبئی سے ہفتہ وار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے - مقصد :- اشتہارات شایع کرنا -

سندھ آفیشل گزٹ (انگریزی و سندھی) کراچی سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک چھ روپے بارہ آنے مقصد :- سرکاری احکام شایع کرنا -

سندھ ٹائمز - (انگریزی) کراچی سے ہر جمعرات اور اتوار کو شایع ہوتا ہے قیمت بارہ روپئے سالانہ - مقصد :- ملکی و قومی -

سندھ سدھار - (عربی سندھی) سندھ گزٹ اور کمرشل پریس کراچی کی طرف سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپے - مقصد :- ملکی اور قومی - اور عام معاملات پر رائے زنی کرنا -

سندھ گزٹ (انگریزی) کراچی سے پیر اور جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے ۲۰ بیس اور مفصلات سے چوبیس ۲۴ روپئے۔ مقصد:- پولٹیکل اور سوشل

سندھ گزٹ (عربی سندھی) ۱۸۷۶ء سے بیرسٹر کمپنی اور سندھ گزٹ کی طرف سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپئے۔ مقصد:- ملکی اور قومی ترقی۔

سنگباد پربھاکار (بنگالی) کلکتے سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دس روپئے۔ غرباء سے صرف تین روپئے۔ مقصد:- جنرل سوشل اور پولٹیکل۔

سنگا بودھنی (تلیگو) سر اداپرس بلاری سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے بارہ آنے۔ مقصد:- مذہبی و اخلاقی ترقی

سواد یش متر (تامل) مدراس سے ہر شام کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت چودہ روپئے سالانہ۔ مقصد:- ملکی اور قومی مضامین

سوتھ انڈین پوسٹ (انگریزی) ناگاپٹم سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت بارہ روپئے معہ محصول۔ مقصد:- عام۔

سوتھ انڈین ریلوے گائیڈ (انگریزی) ترچناپلی سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو آنے۔ مقاصد:- رہنمائی۔

سوراسو یسندا رلسیہ۔ پٹیہ۔ کولمبو سے ہر منگل اور جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ شہر والوں سے پانچ روپئے۔ مفصلات سے چھ روپئے مقصد:- بدھ مذہب کے معاملات اور سنگالی زبان میں خبریں۔

سورج پرکاش (اردو) امرتسر سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے چھ آنے۔ مقاصد:- طبی۔

سول اینڈ ملٹری گزٹ۔ (انگریزی) ۱۸۷۲ء سے روزانہ لاہور سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ اڑتالیس ۴۸ روپئے ششماہی اٹھائیس ۲۸ روپئے اینگلو انڈین اخبار ہے۔

سول اینڈ ملٹری نیوز (اُردو) لودھیانہ - پنجاب سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ چار روپے بارہ آنے - محصول ڈاک معاف - مقصد :- فوجی اور سوشل خبریں

سیالکوٹ پیپر (اُردو) سیالکوٹ سے مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ عوام سے پانچ روپے - اور اہل شہر سے چار روپے - مقاصد :- ملکی - سوشل - اور مارل مضامین

سیلون اگزامینر (انگریزی) کولمبو سے روزانہ اور سہ ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ چونتیس ۳۴ روپے بلا محصول ڈاک - مقصد :- تمام قوموں - مذہبوں اور فرقوں میں باہمی اتفاق پیدا کرنا -

سیلون اگزامینر (انگریزی) کولمبو سے ہر شام کو شایع ہوتا ہے - چندہ بارہ روپے پچاس ۵۰ سینٹ سالانہ (لوکل) اٹھارہ روپے پچاس ۵۰ سینٹ (دیگر مقامات) -

سیلون پیٹرائٹ اینڈ ویکلی اڈورٹائیزر - (انگریزی) جافنا سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ سیلون اور ہندوستان سات روپے پیشگی - ممالک یورپ سات روپے پانچ آنے - مقاصد :- پولٹیکل سائنس اور لٹریچر -

سیلون چرچ مشنری گلینر (انگریزی) کولمبو سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ پچاس ۵۰ سنٹ ہے - مقصد :- مذہبی اور مشنری خبریں -

سیلون ریویو - (انگریزی) کولمبو سے چار روپے سالانہ پیشگی اور پانچ روپے مابعد قیمت پر ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت فی کاپی پینتالیس ۴۵ سینٹ معہ محصول ڈاک - مقاصد :- لٹریچر اور ملکی معاملات

سیلون کیتھالک میسنجر (انگریزی) سینٹ لوسیا پریس کولمبو کی طرف سے ہر منگل اور جمعہ کو شایع ہوتا ہے - چندہ آٹھ روپے سالانہ - مقصد :- سیلون کی مذہبی - سوشل اور ملکی حالت پر بحث کرنا -

سیلون گورنمنٹ گزٹ - (انگریزی - سنگالی - تامل)

گورنمنٹ پرنٹنگ آفس کولمبو سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ روپئے۔ مقصد:۔ قانونی احکامات اور اشتہارات کا شایع کرنا وغیرہ سنگالی اور تامل کے لئے سالانہ چندہ تین روپئے۔

سینٹ انڈریو (انگریزی) کلکتے سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت آٹھ آنے۔ ہندوستان اور سیلون میں چرچ آف سکاٹ لینڈ کے کام کی حالات وغیرہ

سینٹ میتھیاس پیروکیل مگزین (انگریزی) ویپری مدراس سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی تین آنے۔ ایک عیسائی مذہبی رسالہ ہے۔

ش

شباہ چنتک (ہندی) ایک ہفتہ وار اخبار۔ قیمت طلباء اور اُستادوں سے ایک روپئے آٹھ آنے مع محصول ڈاک۔

شبھا سچکا (اینگلو ونیگلہ) ستارا شہر سیچہ بھوانی سے ہر جمعہ کی شام کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپئے تیرہ آنے۔ ملکی۔ تجارتی۔ اور عام خبروں کا ایک علمی اخبار۔

شتکاری (مرہٹی) امراؤتی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے چھ آنے۔ مقصد:۔ زراعت۔

شحنہ ہند و طوطی ہند۔ (اردو) میرٹھ سے ہر مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپیے۔ مقاصد:۔ گورنمنٹ کی خیرخواہی۔ مسلمانوں کو شرک و بدعت سے بچانا۔ اور حمایت اسلام۔

شریف (اردو) لاہور سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپئے ہے۔ مقاصد:۔ ملکی اور معاشرتی مضامین اور خبریں۔

شعلۂ طور (اُردو) گلی بازار کانپور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ پانچ روپیہ۔

شمس الاخبار (اُردو) ٹرپلیکین مدراس سے ہر سوموار کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ روپیہ چودہ آنے۔ مقاصد:- ملکی - سوشل اور مذہبی۔

شمشیر قلم (اُردو) لاہور سے کبھی کبھی ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیہ۔ مقصد:- ملکی معاملات پر بحث۔

شملہ بلیٹن (انگریزی) شملے سے ہر جمعہ کو شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- اشتہارات

شملہ کوریئر (انگریزی) شملے سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ اور لوگوں میں مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- اشتہارات۔

شملہ نیوز (انگریزی) شملے سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ سات روپیہ چار آنے۔ ایک آزاد کنسرویٹو اخبار ہے۔

شوکت اسلام (اُردو) حیدرآباد دکن سے ۱۸۹۱ء سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ روپیہ۔ ریاست کے آزادانہ معاملات کو ترقی دینا۔

ص

صحیفہ (اُردو) بجنور سے مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھ روپیہ۔ اہل شہر اور کم استطاعت لوگوں سے چار روپیہ۔ مقاصد: ملکی اخلاقی اور علمی ترقی۔

ض

ضیاء الاسلام (اُردو) امرتسر سے ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ پیشگی معہ محصول ایک روپیہ چار آنے - اہل شہر سے ایک روپیہ - مقصد: مسلمانوں میں اتفاق و یکجہتی پیدا کرنا - مخالفین اسلام کے اعتراضوں کے جواب دینا -

---

ط

طب حیوانات (اُردو) میرٹھ سے آٹھ روپے چار آنے سالانہ قیمت پر شایع ہوتا ہے - مقصد: طب حیوانات -

طلسم حیرت مدراس نیچ (اُردو) شریفیہ پریس مونٹ روڈ سے مہینے میں تین بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھ روپے پیشگی - اور نو روپے مابعد - مقصد: - عام خبریں اور لٹریچر -

---

ع

عروج - دیکھو مہر نیمروز بجنور -

عصر جدید - (اُردو) میرٹھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے قیمت مع محصول ڈاک تین روپے سالانہ - مقاصد: - مسلمانوں کی تمدنی اصلاح اور قومی ترقی - محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے سکشن اصلاح تمدن کا یہ آرگن ہے -

علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ (اُردو و انگریزی) ہر ہفتے کو علی گڑھ سے شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دس روپے محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا آرگن ہے - مقاصد: - قومی تعلیمی - اخلاقی - ملکی - وغیرہ -

علی گڈھ منتھلی - (اُردو و انگریزی) - ماہوار علی گڈھ سے شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپے ہے - محصول ڈاک معاف - مقاصد: -

اخلاقی۔ تاریخی علمی۔ اور قومی مضامین۔

ف

فتنہ (اردو) دفتر ریاض الاخبار گورکھپور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ مذاق کا ذرا سا پرچہ ہے۔ قیمت

فرینڈ آف انڈیا (انگریزی) ۱۸۲۱ع سے جاری ہے تین چورنگی روڈ کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت دس روپیہ مع محصول ڈاک۔

فرینڈ آف برہما (برمی) رنگون سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت ماہوار ایک روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ۔ ایک ورنیکلر اخبار ہے۔

فرینڈ آف سولین (انگریزی) (بمبئی) ۱۸۹۸ع سے جاری ہے۔ ہر ہفتہ کو دس روپیہ سالانہ قیمت پر شائع ہوتا ہے۔ قیمت فی پرچہ چار آنے ہے۔ مقصد:۔ اشتہار۔ ایڈیٹوریل۔ لوکل اور ممالک غیر کی خبریں۔

فوٹوگرافک جرنل آف انڈیا۔ (انگریزی) تھیکر سپنک اینڈ کمپنی کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پانچ روپیہ آٹھ آنہ۔ محصول ڈاک معاف ہے۔

فورآنڈر ریلیو۔ نے کلکتہ سے تھیکر سپنک اینڈ کمپنی کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔

فورٹ سینٹ جارج گزٹ (انگریزی) ہے۔ گورنمنٹ پریس مدراس سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی آٹھ آنے اور سالانہ چار روپیہ۔ مقصد:۔ گورنمنٹ مدراس اور اس کے ماتحت محکموں کے احکام اور اشتہارات شائع کرنا وغیرہ۔

فورسا (گجراتی) بمبئی سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپیے سالانہ۔ یہ ایک علمی رسالہ ہے۔

فینکس (انگریزی) کراچی سے ہر بدھ اور ہفتے کے روز شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے بارہ اور بیرون جات سے پندرہ روپیہ ہے مقصد عام پالیٹکس۔

ق

قاسم الاخبار (اینگلو اردو) چامراج پریس ونگلور سے ہر پیر اور جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت گورنمنٹ سے اٹھارہ روپیے۔ عوام سے ۶ روپیے مقصد:۔ ملکی معاملات سوشل اور تجارتی خبریں۔

قیصر الاخبار (اردو) کرنال پنجاب سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۳ روپیے ۱۲ آنے۔ مقصد:۔ پولیٹکل اور سوشل مضامین پر بحث کرنا۔

قیصر ہند (گجراتی و انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپیے پانچ روپیے دس آنے معہ محصول۔ ایک آزادنویس ترقی پذیر اخبار ہے۔

قیصری (مرہٹی) ساد ھاشولوپا سے ہر منگل وار کو شایع ہوتا ہے سالانہ قیمت ایک روپیہ تیرہ آنے معہ محصول۔ مقصد: ملکی تعلیم اور عام معاملات پر آزادانہ بحث۔

ک

کاٹھیاواڑ ٹائمز - کاٹھیاوار سے انگریزی میں روزانہ اور گجراتی میں ہفتہ میں دو دفعہ شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ اکیس ۲۱ روپے چار آنے مع محصول ڈاک

کاسما پالیٹن (انگریزی) سیکولر پریس بھوانی پور کی طرف سے ماہوار شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپے مقصد - سائنس اور آزادانہ خیالات کو پھیلانا -

کاشف الاخبار - (اردو) گرگام بمبئی سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت بارہ روپے - مقصد: - عام اور سائنٹفک خبریں

کاشف العلوم (اردو) ہر قمری مہینے کے آخر میں دہلی سے شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ مع محصول ڈاک وغیرہ دو روپے نو آنے ششماہی پیشگی ایک روپیہ بارہ آنے - مقاصد: - مذہبی - اخلاقی اور طبی مضامین -

کاستی پوربہاشی - (بنگالی) کاستی پور پریس - باریسال سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ نقد ایک روپیہ - بذریعہ ڈاک ایک روپیہ آٹھ آنے - مقصد: - ملک کی خیر خواہی - وکل عدالتوں اور دیگر لوگوں کے اشتہارات وغیرہ -

کانپور کیمپ گزٹ (انگریزی) چھاؤنی کانپور سے ہفتہ وار [illegible] سالانہ دو روپے - مقصد: - لوکل خبریں اور [illegible]

کایستھ [illegible] (اردو) [illegible] سے ہر مہینے کی [illegible] کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت تین روپے - مقصد: - کایستھوں کی سوشل - اخلاقی اور تعلیمی ترقی -

کایستھ سماچار (انگریزی) گیا سے ہر [illegible] شایع ہوتا ہے -

قیمت سالانہ تین روپیہ۔ مقصد:۔ سوشل اور اخلاقی ترقی کا سبقتوں کی تعد[illegible]
اور عوام کی عموماً۔

کائمبٹور سپکٹیٹر (انگریزی اور تامل) کائمبٹور سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپیہ۔ مقاصد:۔ علمی، سوشل، ملکی اور مذہبی۔

کپاس و تجارت (اردو) لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپیہ ہے۔ مقاصد: صنعت و حرفت و تجارت۔

کرزن گزٹ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت چار روپے سالانہ۔ مقاصد:۔ علمی۔ مذہبی وغیرہ۔

کرسچین پیٹریاٹ (انگریزی) میتھوڈسٹ ایپسکوپل پبلشنگ ہاؤس ماؤنٹ روڈ مدراس کی طرف سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ ہندوستان برما اور سیلون کے لئے سالانہ چندہ پانچ روپے۔ غیر ممالک کے لئے چھ روپے۔ مقصد:۔ عیسائی مشنریوں اور ہندوستانی عیسائیوں کے حالات۔

کرسچین فرینڈ (تامل) ریلیجس ٹریکٹ سوسائٹی جافنا واقع سیلون کی طرف سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔

کرسچین کالج میگزین (انگریزی) ۱۸۸۳ء سے جاری ہے۔ ہر مہینے کی دسویں تاریخ کو ایم۔ ای پریس مدراس کی طرف سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چار روپے محصول ڈاک چھ آنے۔ مقصد:۔ علم ادب۔ فلسفہ سائنس اور مذاہب۔

کرسٹو بندھاب (بنگالی) ہر مہینے کی پچیسویں تاریخ بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ آنے۔ ایک عیسائی مذہبی اخبار ہے۔

کرناٹک پترا (انگریزی) دھارواڑ سے ہر سوموار کو

شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ للعہ روپیہ علاوہ محصولڈاک ۔ مقصد :۔ مذہبی ملکی اور سوشل

کرناٹک گرنتھ مالا

(کناری) میسور سے ماہوار شایع ہوتا ہے سالانہ قیمت دو روپیہ آٹھ آنے مقصد : علمی ۔

ککس اورینٹل ٹریولرس گزٹ اینڈ ہوم اینڈ فارن اڈورٹائیزر :۔ (انگریزی)

بمبئی سے ماہوار [illegible] بکثرت تقسیم ہوتا ہے ۔ مسافروں کے لئے ہر قسم کی واقفیت بہم پہنچائی جاتی ہے ۔ اور ہندوستانی بندرگاہوں سے جہازوں کی روانگی (دنیا کے ہر چہار طرف) کے متعلق حالات اس میں شایع ہوتے ہیں ۔

کلاسیفائڈ لسٹ آف دی اگزامینڈ اکوٹس اسٹابلشمنٹ آف دی پبلک ورکس ۔ ملٹری ورکس اینڈ ٹیلیگراف ڈپارٹمنٹس

(انگریزی) دی انڈین ڈیلی نیوز پریس ١٩ برٹش انڈین اسٹریٹ کلکتے سے سالانہ شایع ہوتی ہے قیمت دو روپیہ ہے ۔

کلکتہ اڈورٹائیزر

(انگریزی) [illegible] برٹش انڈین اسٹریٹ سے روزانہ شایع ہوتا ہے ۔ چندہ ماہواری ڈیڑھ روپیہ [illegible] ۔ مقصد : تجارتی ترقی

کلکتہ اسپورٹ ڈیلی

[illegible] (انگریزی) کلکتے سے ہر روز شایع ہوتی ہے قیمت سالانہ پانچ روپیہ ۔ مقصد : سپورٹنگ اعداد شایع کرنا

کلکتہ اسپورٹ سمری

(انگریزی) ۶ برٹش انڈین

سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتی ہے قیمت سالانہ ساٹھ روپئے۔ فی کاپی
پانچ روپئے۔ مقصد:۔ تجارتی۔

کلکتہ امپورٹ ڈیلی لسٹ (انگریزی)

یہ اخبار سرکاری تعطیلوں کے سوائے ہر روز چھپتا ہے۔ چندہ سالانہ پچاس
روپئے۔ مقصد:۔ تجارتی اشتہار و اعداد شایع کرنا۔

کلکتہ امپورٹ سمری (انگریزی) بینٹنک انڈین

سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چھتیس ۳۶ روپئے۔ فی
کاپی پانچ روپئے۔ مقصد:۔ تجارتی

کلکتہ اکسچینج گزٹ اینڈ ڈیلی ایڈورٹائزر۔

(انگریزی) ۱۲ لیون رینج کلکتہ سے اتوار کے سوائے ہر روز شایع ہوتا ہے
اور مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ کاروبار کے متعلقہ اشتہارات کا خالص
ذریعہ

کلکتہ پرائس کرنٹ اینڈ منی مارکٹ رپورٹ

(انگریزی) سر ہیل ڈفے کو بنگال چیمبر آف کامرس کی طرف سے چھپ کر شایع ہوتا
ہے۔ چندہ معہ محصول ڈاک اکتیس روپئے دو آنے۔ مقصد:۔ سوداگری
اس میں تجارت درآمد و برآمد کے صحیح اعداد اور قیمتیں دی جاتی
ہیں

کلکتہ ٹریڈ کوریئر۔ (انگریزی) ۲۹ دھرم تلا اسٹریٹ کلکتہ سے

ماہوار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ نازک اشیاء مثلاً زیورات۔ موتی
اور دیگر متفرق چیزوں کے اشتہارات۔

کلکتہ جنرل آف میڈیسن۔ (انگریزی) [illegible]

ٹولہ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پیشگی دس روپئے۔ مابعد
بارہ ۱۲ روپئے۔ مقصد:۔ طبی اور دیگر سائنس۔

کلکتہ ریویو (انگریزی) اسٹی پریس ۱۲ بینٹنک اسٹریٹ کلکتہ سے

ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ سولہ ۱۶ روپئے۔ فی کاپی چار آنے۔ مقاصد:۔

تاریخ سوانح عمریاں - ملکی معاملات - فلسفہ - علم ادب - فنون نادرہ - زراعت تجارت - قانون حالات سلطنت و حکومت اور اعداد و شمار -

کلکتہ ساٹیر آف دی ٹائمز - (انگریزی) ۲۷ دی سٹو ہر ۳ لال بازار کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ ایک روپیہ چار آنے معہ محصول - مقصد :- خاص طور سے اپنے کارخانے کے اشتہارات کا شائع کرنا -

کلکتہ کسٹم ہاؤس سٹیٹمنٹ آف ٹریڈ اینڈ نیویگیشن اکونٹس انگریزی میں کلکتہ سے شائع ہوتا ہے پہلی جلد پندرہ ۱۵ اگست کو اور دوسری جلد ۱۶ ستمبر کو چھپتی ہے - چندہ سالانہ ہر دو جلد معہ محصول ڈاک کے تین روپے - متعلقہ بحری تجارت کے حالات -

کلکتہ کمرشل گزٹ اینڈ ایڈورٹائزر (انگریزی) ۱۳ اپر سرکلر روڈ سے ہفتہ وار شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے مقصد :- اشتہارات کے ذریعہ سے ترقی تجارت

کلکتہ گزٹ (انگریزی) بنگال سیکرٹریٹ پریس کلکتے سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ لوکل خریداروں سے پندرہ ۱۵ اور مفصلات کے خریداروں سے بیس روپے - مقصد :- گورنمنٹ کے احکام اور نوٹسوں کو مشتہر کرنا -

کلکتہ ویکلی لسٹ آف منیفسٹ آف ویسلز کلیئرڈ (انگریزی) کلکتہ کسٹم ہاؤس سے ہر انگریزی میل ڈے کو شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ۱۰۰ روپے علاوہ محصول ڈاک - زائد کاپی بیس روپے - مقصد :- تجارتی اعداد و شمار -

کلکتہ ویکلی نوٹس - (انگریزی) تین ہیسٹنگز سٹریٹ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دس روپے - ششماہی پانچ روپے آٹھ آنے - سہ ماہی تین روپے - مقصد :- قانونی رپورٹیں اور واقعات وغیرہ -

کلکتہ یونیورسٹی میگزین (انگریزی) یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ کالج سکوائر کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت لوکل دو روپے ۲؎ بیرونجات دو روپے ۲؎ آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد: تعلیم یونیورسٹی کی ترقی اور مختلف یونیورسٹیوں کے طلباء کا باہمی اتفاق۔

کمرشل سٹیٹمنٹ آف امپورٹس اینڈ ایکسپورٹس گورنمنٹ پریس مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے ۲؎ آٹھ آنے۔

کو-اپریٹو بنکس بلیٹن اینڈ گنجینہ عوام الناس۔ (اردو) [illegible] ہند پریس الہ آباد کی طرف سے ہر دوسرے مہینے شائع ہوتا ہے۔ چندہ ولیج بنکس (دیہاتی بنک) کے ممبروں کے لئے [illegible] دو آنے اور عوام کے لئے ایک روپیہ دو آنے۔ مقصد: دیہاتی بنکوں کے متعلق تمام حالات کی رپورٹنگ۔

کوچین آرگس (انگریزی) ۱۳ اربلاس ڈیلر روڈ کوچین سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپے تیرہ ۱۳ آنے۔ مقصد: خبروں کی اشاعت۔

کورگ ڈسٹرکٹ گزٹ (انگریزی اور کناری) جیل پریس مرکارا کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک بارہ ۱۲ آنے۔ مقصد: گورنمنٹ کے احکام کی اشاعت۔

[illegible] (رومن اردو اور انگریزی) [illegible] سے ہر [illegible] شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے [illegible] ایڈیٹر [illegible] پبلشر [illegible]

کمرشل [illegible] المناک (انگریزی) [illegible] ۱۹ لال بازار سٹریٹ کلکتے سے سالانہ شائع ہوتی ہے۔ قیمت ایک [illegible] فی کاپی۔

کوہ نور (اردو) لاہور سے ہر منگل وار کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپے ہے۔ مقصد: سوشل اور پولیٹیکل۔ یہ اخبار غدر ۱۸۵۷ء سے ایک آدھ سال پہلے لاہور میں جاری ہوا تھا۔

کوہ نور (گجراتی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپیہ۔ مقصد: عمدہ سے عمدہ فسانے۔ دلچسپ کہانیاں اور مضامین

کچہری سماچار (انگریزی ہندی اور اردو) کچہری پریس شہر مرزاپور سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ نو آنے۔ مقصد: پولیٹیکل۔ سوشل۔ لیگل اور مذہبی وغیرہ۔

کھیدا کھیتی وادی پیترا (گجراتی) ندیاد۔ کیرا سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پندرہ روپے مع محصول ڈاک۔ مقصد: ہندوستانی زراعت کی ترقی وغیرہ

کیپٹل (انگریزی) ۹۰ کلائیو سٹریٹ کلکتے سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے تیس ۳۰ اور عوام سے چالیس ۴۰۔ مقصد: سوداگری تجارت اور مالی معاملات

کیتھالک ہیرلڈ آف انڈیا (انگریزی) کیتھالک آرفن پریس کلکتے سے ہر بدھ وار کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ خاص شہر کے لئے ۱۰ روپے۔ دیگر مقامات کے لئے بارہ ۱۲ روپے۔ مقاصد: مذہبی اور ملکی۔

کیسری (مرہٹی) پونہ سے یہ ارزان اخبار مسٹر تلک کے اہتمام سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے سالانہ۔ مقاصد: پولیٹیکل اصلاح قوم۔

گارڈنرس میگزین - (انگریزی) ۱۸۹۹ء میں جاری ہوا۔ اگری اور ہارٹی کلچرل نرسری، گوپال نگر روڈ علی پور کی طرف سے مہینے کی پندرہ تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ پیشگی۔ بالعد دو روپے مع محصول ڈاک۔ مقصد:- باغبانی، نباتات، زراعت وغیرہ وغیرہ کا ریویو۔

گارڈننگ سرکلر (انگریزی) انڈین گارڈننگ الیسوسی ایشن ۱۸۱ اپر سرکلر روڈ کلکتہ کی طرف سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپیہ۔ مقاصد:- ایک ماہوار رسالہ باغبانی زراعت وغیرہ کے لئے۔

گارڈین آف ہیلتھ - (اردو) لاہور سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے بالاہ آنے۔ مقصد، حفظان

گجرات متر او گجرات درپن - (انگریزی و گجراتی) سورت سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپے اور ایک روپیہ دس آنے محصول کے لئے۔ مقصد:- پولٹیکل اور سوشل

گجراتی - (اینگلو گجراتی) الفنسٹن سرکل۔ فورٹ بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے قیمت تین روپے سالانہ محصول ایک روپیہ دس آنے۔ مقصد، معاشرتی۔ مذہبی اور سائنٹیفک۔

گریٹ انڈین پینشولا ریلوے گائیڈ - (انگریزی) ۱۸۸۰ء میں جاری ہوا۔ ہر چہار مہینے کے بعد کاٹن پرنٹنگ ورکس میں چھپ کر شایع ہوتا ہے قیمت دو آنے فی کاپی۔ مقصد:- ریلوے ٹائم ٹیبل نقشہ انضباط اوقات ریلوے۔

گزٹ آف انڈیا (انگریزی) گورنمنٹ سنٹرل پریس

۸ ہیسٹنگز اسٹریٹ کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پندرہ ۱۵ روپئے لوکل اور بیرونی ۱۶ روپے ۸ آنے مفصلات۔

گل چین۔ (اردو) خیر آباد لکھنؤ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت دو روپئے سالانہ۔ مقصد:۔ اردو علم ادب کی ترقی۔

گوالیار گزٹ۔ (انیگلو ورنیکیولر) لشکر گوالیار سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ آٹھ روپئے محصول ڈاک ایک روپیہ دس آنے۔ مقاصد:۔ درباری احکام اور عام اشتہارات وغیرہ۔

گورکھی۔ (مرہٹی) اگرگام بمبئی سے روزانہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ روزانہ کی قیمت تین ۳ روپے سالانہ اور ہفتے وار کی نو آنے۔ مقصد:۔ پولیٹکل سوشل وغیرہ۔

گیروانا ترنگنی (سنسکرت) دھاوار سے پانزدہ روزہ شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ۔ مقصد:۔ سنسکرت زبان کی ترقی۔

لا جرنل (انگریزی) اسپلینیڈ مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ دس ۱۰ روپئے۔ مقصد:۔ قانون پر بحث اور نکتہ چینی۔

لاہور پنچ۔ (اردو) ہر بدھ کو لاہور سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپئے طلباء سے تین ۳ روپے۔ مذاق کا اخبار ہے۔

لائٹ آف دی ایسٹ۔ (انگریزی) ہر مہینے شام بازار کلکتے سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ ۵ روپئے۔ مقصد:۔ ہندو فلسفہ اور مذہب پر بحث۔

لا ہیرلڈ (انگریزی) احمد آباد سے ہر ماہ کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپئے۔ مقصد:۔ قانونی معاملات تازہ مقدمات۔

لائف لائن۔ (انگریزی) ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو رنگون سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ ایک روپیہ چھ ۶ آنے۔ مقصد:۔ پرہیزگاری اور اصلاح۔

لبرل (اردو) اعظم گڑھ سے مہینے میں چار بار شایع ہوتا ہے قیمت اہل شہر سے بلا محصول دو روپے آٹھ آنے - بیرون جات سے مع محصول پیشگی تین روپے۔ مقاصد: - گورنمنٹ اور رعایا کی خیر خواہی اور انشا پردازی

لٹل وِکلی - (انگریزی) ہر جمعہ کو الہ آباد سے شایع ہوتا ہے - چندہ پانچ روپے مع محصول - مقصد: - دیسی رسالہ ہفتے بھر کی خبریں - سوشل آرٹیکل اور قصے -

لک لو پکارانا - (سنگالی) ۱۳۹ - مالیبان سٹریٹ پیٹہ کولمبو سے روزانہ اور ہفتے میں دو بار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ۶ اور ۳ روپے - بالترتیب بلا محصول - مقصد: - تجارت - زراعت - سائنس وغیرہ -

لنکا ستاہن - ہفتے وار تامل اور انگریزی میں کولمبو سے شایع ہوتا ہے - ۱۷ جنوری ۱۸۸۰ء سے جاری ہوا - چندہ چار روپے - مقصد: - دیسیوں کے فوائد کو آزادی سے تحریک دینا -

لوک متر - (گجراتی) ہر جمعہ اور اتوار کو بمبئی سے شایع ہوتا ہے - ۱۸۶۵ء سے جاری ہے چندہ سالانہ تین روپے - مقصد: سوشل پولیٹیکل اور تجارتی

لی پیٹٹ بنگالی (فرانسیسی) چندر نگر سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے - چندہ چار روپے مع محصول پانچ روپے - اگست ۱۸۸۰ء سے جاری ہے - مقصد: - ہندوستان میں فرانسیسیوں کے فوائد کو ترقی دینا -

لیک ریفائر (انگریزی) نینی تال سے ہر پندرہ وار کو شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے - مقصد: - لوکل خبریں اور اشتہارات

لیگل کمپینین - (انگریزی) کونا گر (کلکتہ) سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ تین روپے ۸ آنے بلا محصول - مقصد: - مفصلات کے وکلا کے لیے قانونی امداد بہم پہنچانا -

لبرٹی - (انگریزی) ہفتے وار لکھنؤ سے شایع ہوتا ہے - چندہ

شہر والوں سے چار روپیہ - اور مفصلات سے پانچ روپیہ ۱۰ آنے
مقصد:- سوشل آزادی کی وکالت -

م

مارننگ پوسٹ (انگریزی) دہلی سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چالیس روپیہ - مقاصد:- کنسرویٹو اور امپریلسٹک -

مارننگ سٹار (سنگاکرین) رنگون سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ - مقاصد:- مذہبی اور عام خبریں -

مارننگ سٹار - (تامل - انگریزی) مہینے - جافنا سیلون سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ اور پچیس سینٹ - مقصد:- پراٹسٹنٹ فرقہ کا آرگن -

مارواڑی گزٹ (مارواڑی) پندرہ روز میں شب ٹولہ کلکتہ سے شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ - مقصد:- مارل سوشل -

مائی نروا (اردو) امرتسر سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ مع محصول ڈاک ایک روپیہ چار آنے ہے - مقاصد:- علمی - اخلاقی - مجلسی - تجارتی - زراعتی اور تواریخی مضامین -

مجلہ طبیہ - (اردو) ہر مہینے دہلی سے شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ دو روپیہ - مقاصد:- ملک کو طب یونانی سے مستفید کرنا - اور علم طب کی ملکی زبان (اردو) میں اشاعت کرنی وغیرہ وغیرہ - مدرسہ طبیہ دہلی کا آرگن ہے -

مترا (ہندی) بابو گنگا پرشاد گپتا دیپالی کھیرا بنارس شہر کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے - مقصد:- ہندی ناولوں کا شائع کرنا -

مترواس (ہندی) ہر دوسرے وار گو لاہور سے شائع ہوتا تھا -

سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے - مقصد: ہندو مذہب اور فلسفہ

محبوبِ عالم (اردو) ایک ہفتہ وار باتصویر رسالہ خریداران پیسہ اخبار و انتخاب لاجواب لاہور کو مفت دیا جاتا ہے - اس میں ہر قسم کے تاریخی علمی عملی - نادر - دلچسپ اور مفید مضامین چھپتے ہیں - اس میں یہ خاص التزام رکھا گیا ہے - کہ کوئی مضمون بلاتصویر نہیں ہوتا -

محمڈن (انگریزی) ٹریپلیکین مدراس سے ہر پیر اور جمعرات کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ روپے - اور ہفتے وار کے لئے آٹھ روپے پیشگی - مقصد - اسلامی معاملات

محمڈن اینگلو اورینٹل کالج میگزین (انگریزی و اردو) ہر مہینے علی گڑھ سے شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپے چار آنے مقصد: تعلیمی اور قومی -

مخبرِ ہند (اردو) میرٹھ سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت تین روپے مع محصول ڈاک - مقاصد: - پولیٹیکل - مارل اور سوشل -

مخزن (اردو) سنہ ۱۹۰۱ء سے لاہور سے اردو لٹریچر نظم و نثر کا ایک ماہوار رسالہ شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ بتفریق کاغذ تین روپے ایک روپے چار آنے دو روپے بارہ آنے ہے -

مخزن مسیحی (انگریزی اردو) ہر دو ہفتے میں الہ آباد سے شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ دو روپے - مقصد: - مذہبی اور ہندوستانی گرجاؤں کو استحکام دینا -

مدراس المناک اینڈ ڈائرکٹری (انگریزی) ہر سال یکم جنوری کو مدراس سے شایع ہوتی ہے قیمت ایک روپیہ - کپڑے کی جلد ایک روپیہ آٹھ آنے -

مدراس ٹائمز (ہفتہ وار) (انگریزی) ہر بدھ وار کو مدراس سے شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ بارہ روپے - مقصد: عام

خبریں۔

مدراس ٹائمز (روزانہ) (انگریزی) ہر صبح و شام مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ مع محصول چالیس روپے چودہ آنے مقصد: عام خبریں

مدراس جرنل آف لٹریچر اینڈ سائنس (انگریزی) کبھی کبھی مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے مع محصول۔ مقصد:۔ سائنس اور لٹریچر کو ترقی دینا۔

مدراس ریلوے گائڈ۔ (انگریزی اور تامل) سہ ماہی وار مدراس سے شائع ہوتی ہے۔ انگریزی گائڈ کی قیمت دو آنے۔ تامل کی ایک آنہ مقصد:۔ ریلوے کے اوقات اور ضروری باتوں سے اطلاع دہی۔

مدراس ریویو۔ (انگریزی) مدراس سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سات روپے۔ مقصد:۔ علمی پولیٹیکل سوشل

مدراس سٹینڈرڈ (انگریزی) مدراس سے ہر روز اور ہفتے میں تین بار شائع ہوتا ہے۔ روزانہ کا چندہ اٹھائیس ۲۸ روپے بارہ ۱۲ آنے۔ تین ۳ بار کا دس روپے ماہوار مقصد:۔ عام خبریں اور پالٹیکس۔

مدراس کرسچین انٹیلیجنسر (تامل) (ماہانہ) مدراس سے ہر مہینے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے مقصد:۔ عیسائیوں کی بہتری۔

مدراس کرسچین کالج میگزین۔ (انگریزی) مدراس سے ہر مہینے کی پندرہ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپے۔ مقصد:۔ لٹریچر فلسفہ سائنس اور مذہب

مدراس کوارٹرلی سول لسٹ (انگریزی) مدراس سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تیرہ (۱۳) روپئے۔ مقصد:۔ احاطۂ مدراس کے حکام اور عہدہ داروں کے حالات سے آگاہی۔

مدراس لاٹائمز (انگریزی) دفتر لاٹائمز مدراس سے ہر بدھ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دس (۱۰) روپئے۔ مقصد:۔ قانونی امور۔

مدراس لاجرنل (انگریزی) سکاٹش پریس مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ (۱۲) روپئے۔ مقصد:۔ قانونی مباحثہ، نکتہ چینی، نوٹس، رپورٹ اور خلاصہ۔

مدراس لیگل کمپینین (انگریزی) وزاگاپٹم سے ہر مہینے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ معہ محصول چار (۴) روپئے۔ قانونی معاملات پر بحث۔

مدراس میل (انگریزی) مدراس سے ہر روز شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ بلا محصول چوالیس (۴۴) روپئے۔ معہ محصول چون (۵۴) روپئے۔ مقصد:۔ عام خبریں۔

مدراس میل۔ (ہفتے وار) (انگریزی) ہر جمعرات کو مدراس سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ سولہ (۱۶) روپئے۔ مقصد:۔ عام خبریں۔

مدراسلہ کشمیر (اردو ہندی) لکھنؤ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ (۶) روپئے پیشگی۔

مرچنٹ ۔ ہر جمعرات کو کانپور سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین (۳) روپئے۔ مقصد:۔ موسم اور نرخ کی اطلاع۔ دستکاری اور تجارت سے متعلق خبریں۔

مرہٹہ ۔ (انگریزی) ہر اتوار کو پونے سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چار (۴) روپئے۔ مقصد:۔ پولیٹکل، سوشل، مذہبی اور علمی۔

مزرعۃ الزراعت (ناگری اردو) میرٹھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین (۳) روپئے۔ مقصد:۔ زراعت۔

مسلم کرانیکل اینڈ محمڈن آبزرور - (انگریزی) ۱-۷ عماد علی لین - کلکتے سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دس روپے - مقصد: - پولیٹکل سوشل - اور علمی اور مسلمان کمیونٹی کی ترقی -

مشیر دکن (روزانہ) اردو میں مطبع دکن پنچ حیدرآباد سے شایع ہوتا ہے - قیمت عام خریداروں سے بارہ روپے پیشگی - مقصد: - اڈیٹوریل مضامین تاروں کی خبریں اور مراسلات وغیرہ شایع کرنا -

مفصلائٹ (انگریزی) کوہ مسوری سے ہر ہفتے شایع ہوتا ہے - وہاں کے باشندوں کے لئے مفت - بیرون جات سے سالانہ چندہ چھ روپے - مقصد: - لوکل خبریں بہم پہنچانا -

مفید عام اخبار (اردو) آگرے شہر سے مہینے میں تین بار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت دس روپے - مقصد: - پالیٹکس سوشل اصلاح اور عام خبریں -

ملٹری نیوز (ہندی) لدھیانہ پنجاب سے ہر ہفتے شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ مع محصول چار روپے بارہ آنے - مقصد: - ہندوستان برہما اور غیر ممالک کی فوجی خبریں -

منتھلی پرائس کرنٹ (بنگالی و انگریزی) ۱۸۹۶ء میں جاری ہوا - ۹ کینگ سٹریٹ کلکتے سے شایع ہوتا ہے - مقصد: - روز مرہ کی مختلف ضروریات کی قیمتیں مشتہر کرنا - اور کلکتے کی منڈی کی حالت سے لوگوں کو واقف کرنا مفت تقسیم ہوتا ہے -

منتھلی سرکلر آف برٹش اینڈ فارن لٹریچر - (انگریزی) ۲۰۸ - اپر سرکلر روڈ کلکتے سے ماہوار شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے - مقصد: - برٹش اور ممالک غیر کے مصنفوں سے چیدہ تصنیفات لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچانا -

منتھلی سرکلر آف دی پنجاب میوچل ہندو فیملی ریلیف فنڈ (انگریزی و ورنیکلر) لاہور سے ماہوار شایع ہو کر

ممبروں میں مفت تقسیم ہوتا ہے۔ عوام سے قیمت سالانہ چھ آنے مقصد:۔ فنڈ سے متعلقہ معاملات

منتھلی کمرشل گائیڈ (انگریزی) کلکتے سے دو حصوں میں شائع ہوتا ہے۔ حصہ اول (تجارت درآمد) ہر مہینے کی ساتویں تاریخ کو اور حصہ دوم (تجارت برآمد) تیرھویں تاریخ کو۔ چندہ سالانہ ۱۰۰ روپے بلا محصول ڈاک مقصد:۔ تجارتی حالات واعداد۔

منڈالے ٹائمز ۔ (برہمی) ہفتے میں دو بار پیر اور جمعہ کو منڈالے سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ ماہوار ایک روپیہ۔

منڈالے ہیرالڈ (انگریزی) منڈالے سے منگل جمعرات اور سنیچر کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ ماہوار معہ محصول دو روپے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ انصاف وعدل۔

مولمین اڈورٹایزر اینڈ ٹناسرم نیوز۔ (انگریزی) استھرانڈ روڈ مولمین سے ہر منگل۔ جمعرات اور ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ ماہوار قیمت تین روپیہ مقصد:۔ آزادانہ رائے۔ اور پبلک کی ترقی۔

مولونجن اینڈ ہندہا چندریکا (مرہٹی) پونہ سے ہر مہینے کے آخیر میں شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے محصول چھ آنے مقصد:۔ ترقی تعلیم۔

موہیلا (بنگالی) ۲۱ رام ناتھ موزمدار سٹریٹ کلکتے سے ہر بنگالی مہینے کے آخیر میں شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے سالانہ معہ محصول ڈاک ۔ مقصد:۔ ہندو لیڈیوں کو علم کی روشنی سے منور کرنا۔

مہاراشٹری مہیلا۔ (مرہٹی) گرگاوں (بمبئی) سے ہر مہینے کی پندرہ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپے آٹھ آنے مقصد:۔ تعلیم نسوان کی ترقی اور اس پر بحث۔

مہر نیمروز۔ (اردو) ۱۸۶۵ء سے بجنور سے ہفتہ وار شائع ہوتا

ہے۔ کچھ عرصے سے اس کا نام عروج مہر نیمروز ہو گیا ہے۔ چندہ ششماہی پانچ روپے آٹھ آنے۔ اور سالانہ نو روپے آٹھ آنے۔

میسور سٹنڈرڈ۔ البرٹ وکٹر روڈ بنگلور سے شایع ہوتا ہے۔ مقصد:۔ زراعتی۔ تجارتی۔ صنعتی وغیرہ علم ورنیکلر خواندہ اشخاص میں پھیلانا۔

میسور گورنمنٹ گزٹ (انگریزی) بنگلور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پانچ روپے چار آنے مع محصول ڈاک مقاصد:۔ گورنمنٹ میسور کی سرکاری کتابیں اور احکام وغیرہ شایع کرنا۔

میسنجر (انگریزی) ہر مہینے کلکتے سے شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے مقصد: مذہبی۔

میکلینز گائڈ ٹو بمبئی اینڈ بمبئی ڈائرکٹری (انگریزی) ہر سال بمبئی سے شایع ہوتی ہے قیمت فی جلد پانچ روپے مقصد: بمبئی کے حالات سے آگاہی اور تاریخی حالات۔

میگزین ہند (اردو و انگریزی) ایک ضمیمہ کے ساتھ میرٹھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ چار آنے۔ مقصد:۔ اخلاقی اور سائنٹیفک۔

میمائرز آف دی جیولاجیکل سروے آف انڈیا (انگریزی) وقتاً فوقتاً کلکتے سے شایع ہوتی ہے۔ چندہ حجم اور مضامین کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ مقصد:۔ سائنیس اور ملکی پیداوار پر بحث۔

میونسپل اینڈ ڈسٹرکٹ بورڈ گزٹ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ روپے۔ معمولی گذارہ آدمیوں سے چھ روپے۔ مقاصد:۔ ہندوستان اور ممالک ملحقہ کی میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے حالات۔ پولیٹیکل۔ سوشل اور مارل خبریں اور عام مضامین۔

مہرو سوڈالر - (بنگالی) کلکتے سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے -
سالانہ چندہ ۲ دو روپئے - مقصد:- مذہبی - سوشل - پالٹیکل تاریخی

ن

نارتھ انڈین چرچ مشنری گلینر - (انگریزی) اشن رو
کلکتے سے ہر مہینے کے پہلے ہفتے میں شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ مع محصول
ڈاک دو روپئے چار آنے - بلا محصول ایک روپیہ ۱۲ آنے - لوکل چودہ آنے
مقاصد:- عیسائی پادریوں کے حالات وغیرہ -

ناسک منورنجن - گرگام (بمبئی) سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا
ہے چندہ سالانہ دو روپئے -

ناصح (اردو) ہر مہینے مین چار بار پریم پرچارک پریس راولپنڈی سے شایع
ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپئے آٹھ آنے - مقاصد:- اخلاقی اور سوشل اور
تجارتی مضامین -

ناگپور اینڈ بیرار ٹائمز - (انگریزی و مرہٹی) ناگپور سے ہر ہفتے کو
شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ پانچ روپئے لوکل خریداروں سے
چار روپئے -

نالج - (انگریزی) دھاروار سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ
تین روپئے ۱۲ آنے - مقصد:- ملکی معاملات - لٹریچر - سائنس - فلسفہ
دستکاری وغیرہ -

ناول (انگریزی) ۳۲ صفحوں پر کوئی ناول نکلتا ہے - امین آباد لکھنؤ
سے شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے - مقصد:- فسانوں کے
ذریعہ سے لٹریچر پھیلانا -

نسیم آگرہ (اردو) آگرے سے ہر مہینے مین چار بار شایع
ہوتا ہے - سالانہ قیمت تین روپئے شہر والوں سے - اور پانچ روپئے

مفصلات سے - مقصد: سوشل اصلاح اور پولٹیکل مضامین -

نصرت الاخبار - (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ بارہ۱۲ روپئے - مقصد: - خبریں - پالٹیکس اور لٹریچر -

نظارہ عالم اور چائل پنچ (اردو) - الہ آباد سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ عوام سے دس روپئے - طلباء سے پانچ روپئے مقصد: - خدمت ملک و مالک

نظام الملک (اردو) مراد آباد سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ۱۲ روپئے بارہ آنے - مقصد: - پبلک کو فائدہ پہنچانا -

نور افشان (اردو و انگریزی) لدھیانہ مشن پریس کی طرف سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ اردو ایڈیشن کے لئے دو روپئے پانچ آنے - انگریزی تین۳ روپئے آٹھ آنے - اردو اور انگریزی یکجا تین۳ روپئے آٹھ آنے - مقصد: سوشل - مذہبی - (عیسائی)

نور علوم - (گجراتی) ۱۲۱ - میڈوز سٹریٹ فورٹ بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ مع محصول تین۳ روپئے - مقصد: - سائنٹفک اور لٹریری مضامین -

نیٹو اوپینین - (اینگلو مرہٹی) گرگام سے ہر بدھ وار اور اتوار کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت دس روپئے مع محصول ڈاک - مقصد: - قومی - ملکی - اور صنعتی -

نیشنل ایکو - (انگریزی) کلکتے سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چار۴ روپئے - مقصد: - دیسی حقوق کی وکالت -

نیشنل گارڈین (انگریزی) بادشاہ گنج بانکی پور سے ہر دسویں اور پچیسویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ تین۳ روپئے

مقصد:۔ باشندگانِ ہندوستان کا اخلاقی اور ذاتی نشوو نما۔

نیشنل میگزین۔ (انگریزی) کلکتے سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپئے پیشگی۔ اور آٹھ روپئے مابعد۔ مقاصد:۔ تاریخ۔ سوانح عمریاں۔ مذہبی معاملات۔ سائنس اور آرٹ۔

نیر اعظم (اُردو) مراد آباد سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت بارہ ۱۲۔ چھ ۶۔ اور چار ۴ روپئے سالانہ مقصد:۔ پولٹیکل۔ سوشل اور مارل وغیرہ۔

نیلگری نیوز اور سوتھ آف انڈیا آبزرور (انگریزی) ۱۸۹۳ء میں جاری ہوا۔ اوٹکمنڈ سے ہر منگل جمعرات اور ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پتلا کاغذ پندرہ ۱۵ روپئے۔ موٹا کاغذ پچیس ۲۵ روپئے۔ مقصد: لوکل اور جنرل واقفیت۔

نیو انڈیا۔ (انگریزی) کلکتے سے روزانہ اور ہفتے وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو ۲ روپئے (ہفتے وار) اور پندرہ روپئے (روزانہ) مقصد: ہندوستانیوں کی ملکی اور اخلاقی حالت کو ترقی دینا۔

نیوز (انگریزی) پینتیسویں ۳۵ سٹریٹ رنگون سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ چھ ۶ آنے۔ مقصد:۔ بپٹسٹ مشن کی خبریں۔

نیوز مین (مرہٹی) بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے۔ مقصد:۔ سوشل ریفارم

نیو لائیٹ (انگریزی) مہوٹلی۔ ڈھاکے سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے۔ مقاصد: نیو ڈسپنسیشن چرچ کے اصولوں کو پھیلانا

نیو مینز انڈین بریڈشا۔ ریلوے ٹائم ٹیبل ۱۸۶۲ء میں جاری ہوا۔ چار ۴ ڈلہوزی اسکوئیر کلکتے سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو

شائع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی آٹھ آنے۔ سالانہ پانچ روپئے۔

و

وائس آف انڈیا۔ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت چھ روپئے سالانہ۔ مقصد:۔ ہندوستان کے دیسی اخبارات سے ضروری مضامین اقتباس کرنا وغیرہ۔

وچار ریفلکشن (مرہٹی) دھارواڑ بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ گیارہ آنہ معہ محصول۔ مقصد: مشرقی لٹریچر فلسفہ آرٹ سائنس اور پالٹیکس وغیرہ۔

وِدیا دائینی۔ (کناری) جی۔ ٹی۔ اے پریس میسور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ طلباء کے لئے ایک روپئیہ۔ مقصد:۔ استادوں اور طلباء کے لئے ایک تعلیمی رسالہ۔

وطن۔ (اردو) لاہور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت چار روپئے سالانہ۔ ممالک بیرون سے ۸ شلنگ سالانہ۔ مقصد۔ اسلامی۔ ملکی تجارتی و تمدنی معاملات۔

وکٹوریہ پیپر۔ (اردو) سیالکوٹ سے ہفتہ میں پانچ مرتبے اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ (روزانہ) بیس روپئے اور (ہفتہ وار) ڈیڑھ روپئے۔ مقصد:۔ ملکی اور قومی۔

وکیل (اردو) روز بازار پریس امرتسر سے ہر دوشنبہ و جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عام خریداروں سے سات روپئے طلباء وغیرہ سے پانچ روپئے۔ ممالک بیرون سے ۱۲ شلنگ۔ مقصد:۔ ملکی۔ قومی اخلاقی وغیرہ۔

ویپری میگزین (انگریزی) ویپری مدراس سے ہر مہینہ کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت فی کاپی تین آنے۔ ایک عیسائی

مذہبی اخبار رہے

ویسٹرن انڈیا ٹرف کلف شیٹ

کیلنڈر - (انگریزی) انگلیرج اینڈ کمپنی بمبئی کی طرف سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ ۱۲ روپئے -

ویسٹرن سٹار - (انگریزی) تراوندرم ٹراونکور سے ہر بدھ وار اور ہفتے کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ پیشگی بارہ ۱۲ روپئے - مابعد پندرہ ۱۵ روپئے - مقصد :- عام خبریں ور ملکی معاملات

ویسٹ کوسٹ سپکٹیٹر (انگریزی) ویسٹ کوسٹ پریس کالی کٹ سے ہر جمعرات اور اتوار کو شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپئے - مقاصد :- ہندوستان کی پولٹیکل اور سوشل حالت کو ترقی دینا -

ویکیس نیوز (انگریزی) لکھنؤ سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے سالانہ قیمت بارہ ۱۲ روپئے پیشگی - مقصد :- لبرل

ویکلی سیلون ابزرور - (انگریزی) کولمبو - سیلون سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ تین ۳ روپئے پیشگی - مقصد :- لوکل خبریں وغیرہ -

ویکلی کرانیکل (انگریزی) سلہٹ آسام سے ہر منگل وار کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار ۴ روپئے معہ محصول - مقصد :- ملکی - قومی اور تعلیمی معاملات پر بحث وغیرہ -

ومیس فرینڈ - (بنگالی) چھپا النیس ۵۶ دھرم ٹولہ سٹریٹ کلکتے سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے - اور محصول ڈاک کے علاوہ مفت تقسیم ہوتا ہے - عورتوں اور بچوں کے لئے اچھا رسالہ ہے -

وینا پانی (بنگالی) اہیری ٹولہ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا

ہے۔ قیمت معہ محصول بارہ ۱۲ آنے سالانہ۔ مقاصد:۔ پالٹیکس سلٹریچر سوسائٹی اور آرٹ

ونیدھاچنایاوستار۔ (مرہٹی) بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین ۳ روپیے ۶ آنے۔ مقصد:۔ خبروں کے ذریعہ سے ناخواندہ لوگوں کی ترقی۔

وولیکاچنتامانی۔ (تامل) ٹریپلیکین مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت موٹا کاغذ پانچ ۵ روپیے۔ پتلا کاغذ تین ۳ روپیے۔ مقصد:۔ مفید علوم کا لوگوں میں پھیلانا۔

ہ

ہاربنجر (انگریزی) لاہور سے ہر پہلی اور پندرھویں ۱۵ تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ ۸ آنے۔ مقاصد:۔ ٹمپرنس اور سوشل ریفارم اور گوشت خوری سے پرہیز کی سعی۔

ہارویسٹ فیلڈ (انگریزی) میسور شہر سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو ۲ روپیے۔ مقصد:۔ ایک مشنری میگزین۔

ہتالشی (بنگالی) سووابازار لاج بتی کلکتہ سے ہر منگل وار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو ۲ روپیے۔ مقصد:۔ علمی، معاشرتی۔ اور ملکی معاملات پر بحث۔

ہتابادی۔ (بنگالی) کلکتہ سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو ۲ روپیے۔ مقاصد:۔ ملکی سوشل اور علمی ہیں۔

ہتکاری۔ (اردو) ہر سنیچر کو امرتسر سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے معہ محصول دو روپیے۔ مقصد:۔ جسمانی علمی۔ روحانی اور مجلسی ترقی۔

ہمدردِ ہند۔ (اردو) لاہور سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت تین ۳ روپے ہے۔ مقاصد:- پولٹیکل اور سوشل مضامین۔

ہنتھاوادی ویکلی ریویو۔ (برمی) ہنتھاوادی پریس رنگون سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت سات روپے دس آنے محصول ڈاک معاف مقصد:- عام خبریں۔

ہندو۔ (انگریزی) ۱۰۰ ماونٹ روڈ مدراس سے روزانہ۔ ہفتے میں تین ۳ مرتبے۔ اور ہفتے وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بالترتیب ۴۲ و ۱۸ و ۹ روپے ہے۔ مقصد:- پولٹیکل اور عام خبریں وغیرہ

ہندو آرگن (انگریزی و تامل) یہ پندرہ روزہ اخبار جافنا سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل چار ۴ روپے۔ دیگر مقامات اور ہندوستان پانچ روپے اور ۵۰ سینٹ مقصد:- ملکی معاملات اور ہندو دھرم۔

ہندو پتریکا۔ (سنسکرت و بنگالی) جیسور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:- ہندو سوشل۔ اخلاقی اور مذہبی اصلاح۔

ہندوستان ٹائمز (انگریزی) ۱۱۰-۲ رستا روڈ بھوانی پور سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ لوکل چوبیس ۲۴ روپے۔ مفصلات تیس ۳۰ روپے۔ مقصد:- ملکی واقفیت کو پھیلانا۔ اور ملکی معاملات پر عام بحث۔

ہندو جنابم سکارنی یا ہندو ریفارمر۔ (تلیگو) مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین ۳ روپے۔ مقصد:- مذہبی اور سوشل خبریں

ہندو ریفارمر۔ (تلیگو) مدراس سے تین ۳ روپے۔ چندہ سالانہ پر ماہوار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:- مذہبی اور سوشل خبریں۔

ہندوستان (انگریزی اور ہندی) انگریزی ایڈیشن ۔ ہر پیر بدھ اور جمعہ کو اور ہندی ایڈیشن روزانہ کالاکنکر او دھ سے شایع ہوتی ہے ۔ سالانہ چندہ انگریزی ایڈیشن ۔ چھ روپے عمہ محصول ۔ اور ہندی ایڈیشن دس ۱۰ روپے عمہ محصول ۔ مقصد :۔ ہندوستان کی ملکی اور سوشل حالت کو ترقی دینا۔

ہندوستان ریویو ۔ (مع کائستھ سماچار) (انگریزی) الہ آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ چار ۴ روپے بارہ آنے ہے ۔ ایڈیٹر مسٹر سنہا ہیں ۔ مقصد :۔ ایک پولٹیکل ریویو۔

ہندوستانی (اردو) امین آباد لکھنؤ سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ تین ۳ روپے ۔ مقصد :۔ ملکی ۔

ہندی بنگاباسی (ہندی) ۳۸ - ۲ بھوانی چرن دت سٹریٹ کلکتے سے ہر پیر کو شایع ہوتا ہے ۔ قیمت دو ۲ روپے سالانہ مقصد :۔ ہندی لٹریچر اور ہندو دھرم کا پرچار کرنا۔

ہندی پرادیپ (ہندی) الہ آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے ۔ سالانہ چندہ تین روپے چھ آنے ۔ مقصد :۔ ہندی لٹریچر کو ترقی دینا۔

ہوم مینیجر اینڈ ایسوسی ایشن ریکارڈ آف دی بنک مینیجر کسچین ایسوسی ایشن اینڈ بنک وینیر کسچین ایسوسی ایشن ۔ (انگریزی) کولمبو سے ماہوار شایع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ دو ۲ روپے ۔ مقصد : نام سے ظاہر ہے ۔

ہیئر سیور اینڈ کورک میگزین (انگریزی) بنگلور سے سالانہ شایع ہوتا ہے ۔ چندہ پانچ روپے آٹھ آنے ۔ اور چار روپے

آٹھ آنے دجلد کے مطابق) مقصد:- جنتری اور دیگر مفید معلومات۔

ینگ مین آف انڈیا۔ (انگریزی) ۸۶ کالج سٹریٹ کلکتے سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ۔ مقصد: ینگ مینز کرسچین ایسوسی ایشن سیلون و ہندوستان کا قومی آرگن ہے۔ نوجوانوں کی روحانی۔ اخلاقی۔ تعلیمی۔ امداد کرنا۔ اس کا خاص مقصد ہے۔

یوگا وشستھا رامائن (گجراتی) بمبئی سے شایع ہوتا ہے یوگا وشستھا کا گجراتی ترجمہ چھاپنا۔

یونائیٹڈ پراونسس آگرہ و اودھ گورنمنٹ گزٹ (انگریزی) الہ آباد سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تیرہ ۱۳ روپیہ۔ اردو نو ۹ روپیہ۔ مقصد:- گورنمنٹ احکام۔ اشتہارات اور تجاویز وغیرہ شایع کرنا۔

یونائیٹڈ سروس کرانیکل دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔

یونیورسل اڈورٹائیزر (انگریزی و اردو) بشیر پریس دہلی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ اور مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- قومی۔ اخلاقی اور تاریخی مضامین اور خبریں اور ہندوستان اور اس سے باہر ہر قسم کے کاروبار کے حالات۔

فہرست اخبارات

مرتبہ

منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور

جس میں

علاوہ ہندوستان کی ہر زبان کے تمام اخبارات و رسائل
تمام ممالک یورپ و ایشیا و امریکہ کے بھی بڑے بڑے اخبارات
کے نام اور [illegible] وغیرہ [illegible]
مشہور اخبارات درج کئے گئے ہیں

بار دوم

پیسہ اخبار قسط [illegible]

[illegible]

[illegible]

دیباچہ طبع ثانی

فرہنگ لغات [illegible] کا پہلا ایڈیشن
[illegible] سال سے ختم ہو چکا ہے۔ لیکن چونکہ دوسری
مرتبہ چھپنے سے پہلے اس میں بہت سے تغیرات
و اضافے کی ضرورت تھی اس لئے جب تک میری [illegible] الفرصتی
اسکی ترمیم جلدی نہ ہو سکی۔
اب [illegible] مقتدرہ [illegible] سرپرستی [illegible]
[illegible] کی امداد سے اسے دوبارہ چھپ
نے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس میں [illegible]
اضافے بھی کیا گیا ہے
[illegible]
(۱) یورپ اور ہندوستان میں لغت نویسی کا مختصر جائزہ
(۲) انگریزی نام [illegible] انگریزی کی فہرست میں دی
گئی ہیں۔
(۳) [illegible] لغات [illegible] جو پہلے ایڈیشن میں رہ گئے تھے
(۴) ضمیمے میں غیر ملکی تمام مشہور لغات اور [illegible]
فہرست دی گئی ہے۔
ان سب اضافوں سے [illegible] اصل
[illegible] کی [illegible] کر دیا گیا ہے

پہلا ایڈیشن کے دیباچہ میں لکھ چکا ہوں جو جمع ہو سکے
[illegible] کے حالات [illegible]
سلسلہ کے قبائل نویسی کے ابتدائی
[illegible] سبب کچھ [illegible]
[illegible] اس میں بہت سی
تغیرات کرنے پڑے ہیں —
[illegible]
لیکن دیباچہ میں دوسرے ایڈیشن کے موقعہ
مختلفہ کتب تواریخ کے عربیہ یا انگریزی کی تعلیم کے
اضافہ کر کے قلمی معلوم کیا گیا تھا اس کی صحت کر کے
ہر جہ امر ایک فہرست میں شامل ہو گئی —

حبیب

۱۵ اپریل ۱۹۰۹
لاہور

فہرست اخبارات ہند

دیباچہ طبع اوّل

بعض اوقات اہل ملک کو کوئی اخبار خریدنے کے لئے اپنے مذاق کا اچھا اخبار یا رسالہ انتخاب کرنے کے واسطے اور بعض اوقات سوداگروں کو اخبارات میں اشتہار دینے کے لئے یا عوام الناس کو ملک کے اخبارات سے سرسری واقفیت پیدا کرنے کے لئے ہندوستان میں ہر زبان میں چھپنے والے اخبارات کی فہرست کی ضرورت پڑتی ہے۔ مگر ایسی مستقل فہرست کہیں نہیں ملتی۔ خریداران پیسہ اخبار نے بارہا مجھ سے دریافت کیا ہے۔ کہ اخبارات کی فہرست کہاں سے مل سکتی ہے اور متواتر میں نے انہیں بتلایا ہے کہ یا تو ٹھیکر ڈائرکٹری ہیں جس کی قیمت پچیس ۲۵ روپے ہے۔ ایسی فہرست انگریزی میں چھپتی ہے۔ اور یا کارخانہ پیسہ اخبار کی نادر جنتری میں پچھلے اخبارات کی فہرست اردو میں چھپی تھی۔ جس کی قیمت ایک سال کی ایک روپیہ ہے۔ اس لئے میں نے ارادہ کیا۔ کہ ایک جدید فہرست اخبارات ہند اردو میں چھاپی جائے۔ جس سے اخبار کا نام مقام پتہ نشان زبان قیمت اور مقصد معلوم ہو سکے میں یہ چند اوراق امید ہے۔ کہ یہ خدمت حسب اطمینان ناظرین انجام دے سکیں گے کیونکہ نہیں بڑی احتیاط سے اخبارات و رسالجات کے نام درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اور اگر اسے کبھی دوبارہ چھپنے کا موقع ملا۔ تو اس میں مختلف اخبارات کی عمر اور مالک یا منیجر کا نام بھی لکھنے کی کوشش کی جائیگی۔

ہندوستان میں اخبار نویسی کی حالت آج کل عجیب انقلاب کی ہے جیسا کہ ہر ملک میں تہذیب کی ابتدائی حالت میں ہوتا ہوگا۔ کہ اخبارات بہت کم سرمایہ سے جاری کئے جاتے ہیں۔ معمولی لیاقت و تجربہ کے آدمی بلا کسی

خاص اصول کے عموماً اخبار جاری کرتے ہیں۔ اس لئے اخبارات کامیاب کم ہوتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کی عمر لمبی نہیں ہوتی۔ ممکن ہے۔ کہ ایک اخبار جو آج جاری ہے۔ کل خاموشی سے بند ہو جائے۔ ایک نیا اخبار پرسوں جاری ہو جائے اور دس بیس برس کے جاری اخبارات کا ہمپلہ سمجھا جائے اور ایک تیسرا اخبار جو دس یا پانچ سال سے بند تھا۔ یکایک دوبارہ یا سہ بارہ جاری ہو جائے۔ جب کہ ملک کے اخبارات کی یہ حالت ہے تو ان کی ایسی فہرست تیار کر سکنا جو ہر لحاظ سے مکمل ہو۔ بہت مشکل ہے چنانچہ اس فہرست میں جس کے مکمل کرنے کی ہر طرح کوشش کی گئی ہے۔ ممکن ہے بعض اخبارات جو بند ہیں۔ وہ جاری دکھائے گئے ہوں اور چند دوسرے جو ابھی جاری ہوئے ہیں یا دیر سے جاری ہیں مگر مشہور نہیں ہیں ان کے نام درج نہ ہو سکے ہوں تاہم بہیئت مجموعی اسے مکمل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

دفتر پیسہ اخبار لاہور
نومبر ۱۹۰۳ء

محبوب عالم

دیباچہ طبع ثانی

فہرست اخبارات کا پہلا ایڈیشن تین چار سال سے ختم ہو چکا ہے لیکن چونکہ دوسری مرتبہ چھاپنے سے پہلے اس میں بہت سے تغیرات کی ضرورت تھی اس لئے بوجہ میری عدیم الفرصتی کے اس کی ترمیم جلدی نہ ہو سکی۔ اب مسٹر محمد مقتدی خان شروانی اسسٹنٹ ایڈیٹر پیسہ اخبار کی امداد سے اسے دوبارہ چھپنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اور اس میں حسب ذیل مضامین کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔

۱— دنیا کی اخبار نویسی کی مختصر تاریخ۔

(۲) بعض انگریزی نام بغرض سہولت انگریزی حروف میں درج کئے گئے ہیں۔

(۳) لنڈن کے اخبار فروشی کی چشم دیدہ حالات۔

(۴) ضمیمہ میں غیر ممالک کی تمام مشہور اخبارات و رسالجات کی فہرست بھی ہے۔

لیکن ان سب اضافجات سے زیادہ مشکل کام اصل فہرست کی نظر ثانی اور اس میں کمی بیشی کرنا تھا۔ اور جیسا کہ میں پہلے ایڈیشن کے دیباچہ میں لکھ چکا ہوں بوجہ ہمارے ملک کے اخبار نویسی کی ابتدائی حالت کی اس فہرست میں بہت تغیرات کرنے پڑے ہیں۔

لیکن اسی دیباچہ میں دوسرے ایڈیشن کے موقع پر مختلف اخبارات کی ایڈیٹر یا مالک و منیجر کا نام جو اضافہ کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا افسوس ہے کہ اسے ابھی پورا کرنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوئی۔

۲۵ اپریل ۱۹۰۹ء محبوب عالم

اخبارات کی مختصر تاریخ

نسل انسانی کی روز افزوں ترقی کو دیکھتے ہوئے قیاس چاہتا ہے۔ کہ کوئی زمانہ ایسا بھی ہوگا کہ آدم علیہ السلام کا خاندان صرف ایک محدود حلقہ کے اندر محصور ہوگا۔ ظاہر ہے کہ اس وقت اس کی ضروریات بہت ہی تھوڑی ہونگی۔ ازاں جملہ ایک سلسلہ خبر رسانی ہے کہ اس کی بھی مطلق حاجت نہ ہوگی دگو موجودہ ترقی کر کے زمانہ میں خبر رسانی کے شوق نے گھروں کے اندر بھی ٹیلیفون لگوا دئے ہیں لیکن نسل انسانی کی افزائش اور ضروریات انسانی کی ترقی کے بعد کسی ایسے سلسلہ کا ہونا لازمی تھا۔ پھر چونکہ انسان بالطبع عجائب پرست اور جدت پسند واقع ہوا ہے۔ اس کے کان ہمیشہ نئی نئی باتیں سننے کے مشتاق رہتے ہیں۔ مگر کیسی عجیب بات ہے۔ کہ دنیا میں ہزاروں سال رہ چکنے اور اپنی نسل کو ربع مسکوں کے اکثر حصہ پر پھیلا دینے کے بعد بھی انسان کے پاس کوئی ایسا ذریعہ نہ تھا کہ ایک حصہ عالم کی اطلاع دوسرے حصہ میں آسانی کے ساتھ پہونچا سکے اس وقت جب کہ خبر رسانی کے جدید ذرائع نے دور و دراز کے مقامات کے حالات کا صحت و سرعت کے ساتھ بہم پونچنا سہل کر دیا ہے یہ بات مشکل سے خیال میں آتی ہے۔ کہ کوئی وقت ایسا بھی ہوگا کہ واقعات کو سننے کے لئے انسان کے کان ترس ترس کر رہ جاتے ہونگے۔

موجودہ ذرائع خبر رسانی کی ایجاد سے پہلے خبریں ہرکاروں کی چوکیوں سواروں کی ڈاک۔ نامہ بر کبوتروں اور اسی قسم کے بعض دوسرے ذریعوں سے حاصل کی جاتی تھیں۔ لیکن ان ذرائع خبر رسانی پر بعض وقت کے علاوہ روپیہ

نوٹ: اخبارات ہند ایک بسیط کتاب ہے جس نے سالہا سال کے توجہ اور تلاش کے بعد جمع کی ہے اس کے شائع ہو جانے کے بعد اخبارات کے مفصل تاریخ اور جملہ تر حالات منکشف ہو جائینگے۔ محبوب عالم

بھی بہت صرف ہوتا تھا۔ اور ان سے صرف گورنمنٹ اور بعض امرا ہی مستفید ہو سکتے تھے۔ عام لوگوں کے پاس دنیا کی خبریں معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔

البتہ جب کوئی قافلہ سفر سے لوٹتا ہے۔ یا سوداگر مال تجارت لے کر آتے ہیں یا کوئی سیاح وارد ہوتا تو لوگ ان سے حالات دریافت کر لیا کرتے تھے تاریخ اسلام میں ایسی مثالیں پائی جاتی ہیں۔ کہ اہم واقعات سے عام لوگوں کو بذریعہ منادی اطلاع دی جاتی ہے اگر اس قسم کا انتظام صرف پایۂ تخت حکومت اور اس کے قریب و جوار یا کم از کم سلطنت کے بڑے بڑے شہروں ہی میں ہو سکتا تھا۔ خلاصہ کلام خبروں کی اس کثرت اور اس صحت و سرعت کے ساتھ حاصل کرنے کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔

پتہ لگانا دشوار ہے کہ اخبار کی ایجاد کب اور کس طرح ہوئی۔ چین کے اخبار پیکن گزٹ کی نسبت مشہور ہے کہ یہ دسویں صدی عیسوی میں جاری ہوا تھا

مگر اس کی کوئی معتبر تاریخی شہادت موجود نہیں ہے جو بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے۔ وہ یہ ہے کہ سب سے پہلے یورپ میں ۱۶۰۵ء میں بمقام اینٹورپ ایک اخبار جاری ہوا اور دوسرے ملکوں میں اس کے بعد مختلف ممالک میں ابتداً اخبار جاری ہونے کی تاریخیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) نیوٹائڈنگن بلجیم سنہ ۱۶۰۵ء۔ (۲) فرینکفورٹ جرنل (جرمنی) سنہ ۱۶۱۵ء (۳) ویکلی نیوز (انگلستان) سنہ ۱۶۲۲ء۔ یہ تینوں اخبارات اسٹیشنروں یعنی سامان تحریر فروخت کرنے والے تاجروں نے تجارت کے طور پر نکالے تھے۔ گزٹ ڈی فرانس سنہ ۱۶۳۱ء۔ آرڈینری پوسٹ ٹائڈنڈی سویڈن سنہ ۱۶۴۳ء۔ مرکیوریس پالیٹیکس (سکاٹلینڈ) سنہ ۱۶۵۳ء۔ پورڈ پاش ٹڈنگ (ڈنمارک) سنہ ۱۶۴۴ء۔ ڈبلن نیوز لیٹر (آئرلینڈ) سنہ ۱۶۸۵ء۔ ہونیر مقدم سینٹ پیٹرز برگ (روس) سنہ ۱۷۰۳ء۔ بوسٹن نیوز لیٹر (بوسٹن۔ امریکہ) سنہ ۱۷۰۴ء۔ ہیمبرگ کارسپانڈنٹ (ہمبرگ جرمنی) سنہ ۱۷۱۴ء ڈائریو ڈی روما (اٹلی) سنہ ۱۷۱۶ء۔ گیسٹا ڈی میڈرڈ (اسپین) سنہ ۱۷۲۶ء۔

انٹیلیجنس سیڈار (نار وے) ١٧٩٢ء دی نارتھ ویلز کرانیکل (ویلز) ١٨٠٧ء ترکی میں پہلا اخبار ١٧٩٥ء میں پیرس سے اس وقت کے ترکی سفیر نے فرانسیسی میں نکالا۔ ہندوستان میں اس کا رواج انیسویں صدی کے پہلے نصف حصہ میں ہوا۔ رہی یہ بات کہ اخبارات کس طرح وجود میں آئے اس کا باعث قدیم زمانہ کے "پرچہ نویس" یا "مخبر" معلوم ہوتے ہیں جو گورنمنٹ کے علاوہ بعض امرا کی جانب سے بھی ملک کے مختلف حصوں میں تعینات رہتے تھے جب کسی پرچہ نویس کے گاہک ایک سے زیادہ ہوتے تھے تو اس کو اپنے "پرچہ خبر" کی ایک سے زیادہ نقلیں کرنی پڑتی تھیں۔ اسی طریقہ نے چھاپہ کی رواج کے بعد زیادہ منتظم صورت اختیار کر لی اور "پرچہ نویسوں" کا نام نامہ نگار ہو گیا اور "پرچہ خبر" کا "اخبار"۔ یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ قدیم پرچہ نویس معمولی لوگ ہی ہوتے تھے۔ نہیں بلکہ بعض مقتدر آدمی بھی یہ خدمت انجام دیتے تھے۔ مثلاً تاریخ سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔ کہ بعض سفیر اپنے اصلی فرائض کے علاوہ یہ کام بھی کرتے تھے۔ ظاہر ہے کہ ان کے پرچے زیادہ قابل اعتبار ہونے کی وجہ سے گراں بھی زیادہ ہوتے ہوں گے سترھویں صدی عیسوی کے شروع میں انگلستان میں کسی پرائیویٹ شخص کا ایک "انٹیلیجنس آفس" یعنی دفتر خبر رسانی بھی قائم تھا۔ جس نے ملک کے مختلف حصوں میں اپنے پرچہ نویس پھیلا رکھے تھے اور اپنے اہتمام سے لوگوں کے پاس خبریں پہنچاتا تھا یہ صورت موجودہ اخبار نویسی کے زیادہ قریب ہے۔ سترھویں صدی کے شروع میں اس قسم کی تحریریں بھی شائع ہونے لگی تھیں جس کی اشاعت کا کوئی معین وقت نہ تھا ان کو نیوز پمفلٹ کہتے تھے۔ لیکن جب لوگوں میں تعلیم بڑھی اور رسل و رسائل کے ذرائع آسان ہونے پر یہ بھی ترقی کرنے لگے۔ اور قیمت کی ارزانی نے ان کو عام دسترس کے اندر کر دیا اگر رفتار زمانہ کے ساتھ اخبار بینی کی اغراض مختلف ہو گئی ہیں۔ لیکن واقعات عالم سے آگاہ رہنے کے رجحان میں ہنوز کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔

ولایت کے وہ اخبارات جو "ایوننگ پیپرز" یعنی شام کے اخبارات کہلاتے ہیں وہ گیارہ بارہ بجے دن ہی سے نکلنے شروع ہو جاتے ہیں، ورات

تک ان کے پانچ پانچ چھ چھ ایڈیشن نکلتے ہیں اور سب سے آخری ایڈیشن "ایکسٹرا اسپیشل" تو لوگوں کو بالکل بستر ہی پر ملتا ہے۔ جس کو وہ نیم خوابی کی حالت میں پڑھتے ہیں دل چسپ اور تازہ ترین خبریں پڑھنے کا شوق اس درجہ بڑھا ہوا ہے کہ علی الخصوص خبروں کی بہم رسانی میں اخباروں کا باہم سخت مقابلہ رہتا ہے۔ اور اسی وجہ سے "نیوز ایجنسیاں" پیدا ہو گئی ہیں جو دنیا کے ہر حصہ سے اخباروں کو خبریں بھیجتے ہیں۔ اور اخبارات کو اپنے خاص نامہ نگاروں پر بھی گرانقدر رقم صرف کرنی پڑتی ہے نیوز ایجنسیوں میں ریوٹر کا نام سب سے زیادہ مشہور ہے جو اس نوع کی سب ایجنسیوں سے پہلے (۱۸۴۹ء) قائم ہوئی تھی ۔ یہ اخبارات کے وجود میں آنے کی مختصر تاریخ تھی جو عرض کی گئی ہے۔ اب یہ حالت ہے کہ یورپ امریکہ میں انسان چھوڑ حیوانوں تک کے لئے اخبارات جاری ہیں اور چند آنے کا نے والا مزدور بھی اخبار کو لازمۂ زندگی سمجھتا ہے۔ ایک روز میں چند بار سے لے کر سالانہ تک مختلف اوقات اشاعت کے اخبار اور رسالے نکلتے ہیں۔ اخبارات کی تاریخ میں سب سے زیادہ حیرت انگیز ان کا موجودہ اثر و اقتدار ہے کہ ان کی قوت کے سامنے سلاطین عظام تک کا دبدبہ ہیچ ہے۔ دنیا کے بڑے بڑے شہنشاہ اخبار نویسوں کی دوستی پر فخر کرتے ہیں۔

مسٹر روزولٹ سابق پریسیڈنٹ اضلاع متحدہ امریکہ جو چند ہی روز پیشتر دنیا کی ایک اول درجہ کی سلطنت کی گویا باگ اپنے ہاتھوں میں لئے ہوئے تھے۔ اب انہوں نے اپنے عہدہ سے سبکدوش ہو کر اخبار نویسی کا پیشہ اختیار کیا ہے اور (۷ ہزار روپے ماہوار پر) امریکہ کے مشہور ہفتہ وار رسالہ "آؤٹ لک" کی مددگار ایڈیٹری شروع کی ہے۔

ذیل کے نقشہ سے چند ممالک کے اخبارات کی نہایت تقریبی تعداد معلوم ہوگی۔ ساتھ ہی ہر ملک کی مردم شماری بھی دے دی گئی ہے۔ تاکہ معلوم ہو سکے کہ کس ملک میں اخبار بینی کے شوق نے کتنی ترقی کی ہے۔

فہرست اخبارات سنہ

نام ملک	آبادی	تعداد اخبارات
برطانیہ عظمیٰ و آئرلینڈ	۳۶۷۰۷۴۱۸	۷۹۰۲
اضلاع متحدہ امریکہ	۴۸۳۱۸۲۷	۱۵۹۰۴
فرانس	۳۷۸۸۵۹۰۵	۴۳۰۰
جرمنی	۴۹۸۴۰۵۸۷	۲۲۷۸ ۳۹۲
آسٹریا معہ ہنگری	۴۱۰۵۶۲۰۶	۳۸۹
سوئیڈن	۴۷۸۴۶۶۵	۱۳۵
ناروے	۱۹۹۹۱۷۶	۱۳۲
بلجیم	۵۹۰۹۹۷۵	۲۹۰
روس	۱۰۰۰۰۰۰۰۰	۲۸۰
اٹلی	۲۹۶۹۹۷۰۸۱	۲۵۱
اسپین	۱۵۴۶۸۶۰۰	۳۳۸
پرتگال	۴۳۰۶۵۵۴	۷۹
سوئٹزرلینڈ	۲۹۰۶۷۵۰	۶۰۰
یونان	۱۹۷۹۴۵۳	۴۶
ٹرکی	۱۹۷۵۰۰۰۰	۱۳۰
ایران	۹۶۵۴۰۰۰	۳۰
ہندوستان	۳۰۰۰۰۰۰۰۰	۱۰۰۰
چین	۳۲۰۰۰۰۰۰۰	۴۰
جاپان	۳۸۰۰۰۰۰۰	۳۵۰
مصر	۶۸۱۷۴۶۵	۴۵
کینیڈا	۵۳۷۱۳۱۵	۷۴۲
آسٹریلیشیا	۲۸۵۴۸۳۶	۵۸۴

اور اخبارات کی براعظم وار تعداد اب سے ۲۰ - ۲۵ سال پہلے کی یہ ہے۔

تعداد فی اشاعت	تعداد اخبارات	آبادی	براعظم
۴۹۵۸۳۸۲۵	۱۳۱۳۳	۳۰۱۳۵۶۰۰۰	یورپ
۸۰۷۷۰۳۶	۱۴۹۱	۱۰۰۷۱۲۸۰۰۰	ایشیا
۲۲۲۶۹۵	۱۰۰	۲۰۵۰۰۰۰۰۰	افریقہ
۲۶۸۳۱۲۲۳	۱۰۷۸۲	۶۷۰۳۲۰۰۰	شمالی امریکہ
۷۰۲۳۵۰	۶۳۵	۲۹۹۸۸۰۰۰	جنوبی امریکہ
۶۲۹۸۵۰	۵۶۵	۳۶۷۰۰۰۰	آسٹریلیشیا

جس زمانہ کے یہ اعداد ہیں اگرچہ اس کے بعد سے ہر ملک کے اخبارات میں ترقی ہوئی ہے۔ لیکن غیر متمدن ملکوں کے اخبارات کی ترقی کو اس سے کچھ نسبت نہیں ہے۔ مثلاً اوپر کے نقشہ میں جہاں ایشیا کے کل اخبارات کی تعداد ۱۴۹۱ ہے وہاں اب تنہا ہندوستان کے اخبارات کم و بیش ایک ہزار ہیں۔

لیکن آبادی کا لحاظ کیا جائے تو یہ تعداد بھی سراسر ہیچ نظر آتی ہے۔ وقس الیوانی علی ہذا۔ حالانکہ اخبار سے دنیا کو تجارتی۔ تمدنی۔ ادبی۔ معاشرتی غرض سینکڑوں طرح کے جو فائدے پہنچ رہے ہیں۔ وہ محتاج تشریح نہیں۔

اخبارات کی ترقی کے اسباب میں ریل۔ جہاز۔ ڈاک اور تار بھی نہایت اہم بانشان حصہ لیا ہے۔

اخبارات کے چھاپنے میں آج کل جو سہولتیں حاصل ہیں ان کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ امریکہ والے دو گھنٹے کے اندر ہرے درخت سے کاغذ بنا کر اخبار چھاپ دیتے ہیں۔

مشہور لا ٹر نیوز پیپر نے ۱۸۹۱ء میں اس کا تجربہ کر کے دکھایا ہے اس کام کے مختلف مدارج کی تفصیل یہ ہے

سبز درخت کو کاٹنے میں ۱۵ منٹ۔

درخت کو کارخانہ تک لیجانے میں ۵ منٹ

درخت کی چھال دور کرنے اور اس کے ٹکڑے کرنے میں ۔ ۵ منٹ

درخت کے ریشے بنانے میں ۔ ۴۰ منٹ

ریشوں کی لیٹی بنانے میں ۳۰ "

کاغذ بنانے میں ۱۵ "

اخبار کی دس ہزار کاپیاں چھاپنے اور انکو کاٹ کر اور لپیٹ کر تیار کر دینے میں کل وقت ایک گھنٹہ دس منٹ ۔)

ہندوستان کے اخبارات

ہندوستانی اخبار نویسی کی تاریخ سوا ڈیڑھ سو سال سے زیادہ قدیم نہیں ہے گو خبر نویسی کا یہاں سلاطین اسلامی کے زمانہ سے رواج چلا آتا ہے لیکن جب ان خبروں سے صرف وہ بادشاہ وقت متمتع ہو سکتے تھے ۔

ہندوستان کا پہلا اخبار کلکتہ سے اٹھارہویں صدی کے آخری راج میں نکلا جس کے مالک اور ایڈیٹر وغیرہ سب یوروپین تھے مگر صدی کے ختم ہونے تک کئی اخبار نکل چکے تھے جن میں بعض سرآوردہ اخبارات کے نام یہ ہیں ۔ ورلڈ ۔ بنگال جرنل ۔ ہرکارہ ۔ کلکتہ گزٹ (بنگال گورنمنٹ کا آرگن) ۔ ٹیلیگراف کلکتہ کوریر ایشیاٹک مرر ۔ انڈین گزٹ ۔ لارڈ ویلزلی گورنر جنرل ہند ۔ (دسمبر ۱۷۹۸ء ۶ جنوری ۱۸۰۶ء) نے اپریل ۱۷۹۹ء میں اخبارات کی نگرانی کا محکمہ قائم کیا ۔ اور اس کے متعلق قانون بنایا مگر لارڈ ہیسٹنگز نے ۱۸۱۸ء میں اس کو منسوخ کرا دیا ۔ تاہم آزادی سے لکھنے والے ایڈیٹروں کو ہندوستان سے نکال کر یورپ بھیج دینے کا طریقہ برابر جاری رہا اس وقت تک اخبارات صرف انگریزوں کے ہاتھ میں تھے ۱۸۵۰ء میں ہندوستان میں (۱۹) اینگلو انڈین اخبار تھے جن میں سے پانچ بنگال میں تھے (تین روزانہ اور دو ہفتہ وار) ممالک مغربی و شمالی (حال صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ) میں صرف دو تھے پنجاب و سندھ میں دو ۔ مدراس میں تین ایک روزانہ ایک ہفتہ میں تین بار اور ایک ہفتہ وار ۔ بمبئی میں ۵ تھے تین روزانہ اور دو ہفتہ وار ان اخبارات

کی اشاعت کی کیفیت اس واقعہ سے معلوم ہو سکتی ہے کہ ۱۸۷۵ء میں ان اخبارات ہی میں سے ایک کے ایڈیٹر نے بیان کیا تھا کہ ان کل اخبارات کے خریداروں میں سے ⅚ ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازم ہیں!!

ان میں سے کسی اخبار کی اشاعت ایک ہزار سے زیادہ نہ تھی اور خرچ صرف زیادتی قیمت اور اس زمانہ کی کمی لاگت کے ذریعے سے چلتا تھا۔ انیسویں صدی کے وسط تک کئی اخبار ہندوستانیوں کے ہاتھ میں بھی آ چکے تھے۔ مگر ہندوستانیوں کے اخبار ابتداً صرف کلکتہ اور بمبئی ہی تک محدود تھے۔

۱۸۵۳ء میں کلکتہ میں ہندوستانیوں کے دو اخبار روزانہ اور ۸ ہفتہ وار اور ہفتہ وار میں دو بار تھے۔ بمبئی میں تین روزانہ۔ ایک ہفتہ میں تین بار۔ دو ہفتہ میں دو بار۔ اور ۸ ہفتہ وار ان کے خریدار بھی چند سو سے زیادہ نہ ہوتے تھے۔ اور ان کا کام زیادہ تر والیان ریاست اور دولت مندوں کی مدد سے چلتا تھا۔ ان اخبارات کی دریدہ دہنی کی وجہ سے اس زمانہ کے گورنر جنرل لارڈ کیننگ نے ۱۳ جنوری ۱۸۵۷ء کے ایکٹ کے ذریعے سے اخبارات کی آزادی ضبط کر لی۔

مگر اسے بارہ جنوری ۱۸۵۸ء کے ایکٹ کے ذریعہ سے پھر بحال کر دیا۔ یہ قانون تو انگلو انڈین اور ورنیکولر اخبارات دونوں کے لئے عام تھا۔ مگر ۱۸۷۸ء میں لارڈ لٹن نے صرف ورنیکولر اخبارات کی روک تھام کے لئے قانون پاس کیا۔ جس کے اندر لارڈ رپن نے ۱۸۸۱ء میں ترمیم کر کے اس کی سختی کو دور کر دیا۔

اردو میں سب سے پہلے مولانا محمد حسین صاحب آزاد کے والد نے ۱۸۳۶ء میں ایک اخبار دہلی اردو اخبار کے نام سے نکالا تھا۔

اس کے بعد رفتہ رفتہ اردو اخبارات کی تعداد میں ترقی ہوتی گئی جس طرح آج کل اکثر اردو اخبارات اشتعال انگیز مضامین لکھ کر اپنی گرم بازاری کرتے ہیں اسی طرح ابتدائی اردو اخبارات امرا و روسا کی خوشامد و چاپلوسی سے کام نکالتے تھے۔ امیروں اور رئیسوں سے ان کے سالانہ وظائف مقرر ہوتے تھے اخبار نویس ششماہی یا سالانہ اپنے گاہکوں کے ہاں گشت لگاتے اور علاوہ واجب قیمت اخبار کے جو نہایت گراں ہوتی تھی انعام بھی مارتے۔ یہی وجہ

تھی کہ اس وقت اچھے اخباروں کے لئے جو خوشامد اور مداحی سے گریز کرتے تھے کوئی میدان نہ تھا۔

چنانچہ تہذیب الاخلاق جیسا رسالہ کہ جس کے ایڈیٹر سر سید احمد خان تھے نہ چل سکا اور جب تک نکلا بند ہو ہو کر نکلا۔ آخری مرتبہ جب وہ نکلا ہے تو اس کے خریداروں کی تعداد صرف ۸۰ تھی۔ جو صرف سر سید مرحوم کے دوستوں تک محدود تھی۔ اسی گرانی قیمت کا نتیجہ تھا کہ اخبارات عام دسترس سے خارج تھے۔ اردو اخبارات میں سب سے پہلے جس اخبار نے ارزانی کے اصول کو سمجھا وہ پیسہ اخبار ہے جس کی قیمت شروع ہی سے "امراء و والیان ریاست" اور "عام خریداروں" کے لئے یکساں رہی ہے یہی باعث اس کے اس قدر کثیر الاشاعت ہونے کا ہے۔ اب تک اردو اخبارات کی جو حالت ہے وہ اس بات سے بخوبی سمجھ میں آتی ہے کہ اردو کے صرف تین چار روزانہ اخبار ہیں۔ اور اردو کے دوسرے اخبارات کی تعداد بھی کچھ ایسی زیادہ نہیں ہے۔ حالانکہ ہندوستان کی آبادی میں دس کروڑ آدمی اردو بولنے اور ۲ کروڑ اردو سمجھنے والے ہیں۔ قابل لوگ اخبار نویسی کی جانب بہت کم متوجہ ہوتے ہیں یہی سبب ہے کہ اردو اخبارات کے بہت کم ایڈیٹر اپنی ذمہ واری کو نبھاتے ہیں۔

بحالیکہ تار۔ ڈاک۔ ریل۔ اور تعلیم کی ترقی سے قدرتی طور پر پبلک میں جو اخبار خوانی کا مذاق بڑھتا جاتا ہے اس سے جائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کی جانی چاہئے تھی۔ تاہم اردو اخبارات کم از کم اپنی اصناف کے لحاظ سے ضرور ترقی کر رہے ہیں اور پالٹکس۔ اخلاق۔ معاشرت۔ تمدن۔ مستورات۔ بچوں۔ ڈاک پولیس۔ تجارت۔ سول و ملٹری۔ لائٹ لٹریچر وغیرہ وغیرہ کے لئے اخبار و رسالے نکل رہے ہیں۔ اس میں شک نہیں ہے کہ ہندوستان کے اخبارات نے موجودہ حالت پر بھی ملک کی بڑی خدمت کی ہے اور اس کی ترقی میں حصہ لیا ہے گورنمنٹ اخبارات کی آواز پر توجہ کرتی ہے اور کوئی سرکاری محکمہ ایسا نہیں ہے جہاں اخبارات کے اثر کو نہ مانا جاتا ہو۔

مسٹر محمد مقتدی خان شروانی نے ہندوستان کے اخبارات کی مختصر

تاریخ اپنی ایک نظم میں بیان کی ہے جس کا ۱۰ اگست ۱۹۰۶ء کے روزانہ پیسہ اخبار سے نقل کرنا غالباً دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

نظم متعلق پیسہ اخبار

(۱) حالت ایسی بھی گذری ہے ہندوستان پر
نام تک سے کوئی اخبارات کے واقف نہ تھا

(۲) اپنے گھر ہی کی خبر ملتی تھی مدت میں کہیں
اور وہ بھی ایسی جس پر اعتبار اصلا نہ تھا

(۳) اس زمانہ میں مگر معلوم ہوتا ہے ہمیں
گویا ہندوستان پر اس وقت تھا قہر خدا

تھے ہمارے دادا پردادا اسی حالت میں خوش
باوجود اس کے کہ تھا ہر شخص ظلمت میں پڑا

جب ہوا سرکار انگریزی کے سکہ کا چلن ...
ملک میں اس وقت اخبارات کا چرچا ہوا

چونکہ ان سارے جرائد کی زبان ملکی نہ تھی
تنگ تھا ان کے افادہ کا ہندوستان پر ا۔

حضرت آزاد کے والد نے پرچہ اولیں
نام سے اخبار اردو کے یہاں جاری کیا

سب سے پہلے فخر دلی کو ہوا اس کا نصیب
ذکر ہے پچھلی صدی کے یہ سن چھتیس کا

چند پرچے اور پھر اردو میں جاری ہو گئے
جاننے والوں کو ہے معلوم لوں میں نام کیا

سب کے سب قیمت میں لیکن تھے وادا[illegible] مول
دوسرے کوئی مذاق عام سے اندر نہ تھا

اس لئے یہ سارے اخبارات ٹھہر ہی رہے
ملکی خدمت کا نہ پھل ان میں سے کوئی لا سکا
مولوی محبوب عالم نے یہ حالت دیکھ کر
کہکے بسم اللہ اک اخبار جاری کر دیا۔
اور انہوں نے نام رکھا اس کا ڈھونڈ کر
جس نے دیکھا یا سنا فوراً ہی گرویدہ ہوا
جب ہوا جاری "پیسہ" لوگ اس پر جھک پڑے
ملک کی اس کے لئے گویا تھی چشم شوق وا
اس کی ترقی کی وجہ اس کے سوا کچھ بھی نہیں
گر ترقی کا اڈیٹر نے تھا اس کے پا لیا
دیکھ ارزانی کو اس کے لوگ کرتے تھے سوال
بے تعلق "پیسہ" اور اخبار میں بتلاؤ کیا ۔ ۔ ۔ ہے
چند ہی دن میں ہوا حاصل اسے ایسا فروغ
ملک میں شور اک سرے سے دوسرے تک مچ گیا
بات جو کچھ اس نے کی وہ ہو گئی عالم پسند
چال وہ جیسی چلا سارا زمانہ چل گیا ۔ ۔ ۔ ۔
اس کی دیکھا دیکھی اخباروں کی وہ کثرت ہے آج
ہو گیا ہے ملک گویا مبتلائے مینیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
چند دن کے بعد اس میں پھوٹنے شاخیں لگیں
جس کی اک شاخ "انتخاب" اور ایک روزانہ ہوا
"بچوں" کا اخبار بچپن کے عالم میں ابھی
رتبہ رکھتا ... افادہ میں لیکن باپ کا
اس نے رکھا ہے قدم اکیسویں اب سال میں
گویا آغاز جوانی ہے ز فضل کبریا۔

ا؎ دسمبر ۱۹۰۹ء میں ۲۲ واں سال)

ہے دعا آخر میں میری عمر ہو اس کی دراز
ملک و ملت کے لئے ہو عام اس کا فائدا

لنڈن کی اخبار فروشی کے چشم دید حالات

(منقول از سفرنامہ منشی محبوب عالم صاحب)

لنڈن کے اخبارات لنڈن کے اخبارات کا مجھ سے کچھ حال نہ پوچھو۔ ایک شاعر اپنے معشوق کی نسبت لکھتا ہے ؎

گر کسے وصف او ز من پرسد
بے دل از بے نشاں چہ گوید باز

گو میرا معشوق تو بے نشان نہیں۔ لیکن اس کے متعلق میں ضرور بیدل ہوں۔ لنڈن میں سب سے زیادہ دلچسپ چیز میرے لئے اخبارات تھے۔ یہاں اخبار فروشی کی دوکانوں پر ہر قسم کے اخبارات بکتے ہیں دوکان کے ہر طرف دیواروں پر اخباروں اور خوبصورت رسالوں کے سرورق سجے ہوئے ہوتے ہیں۔ اگر ایک اخبار کے خریدنے کا ارادہ ہو تو ایسا دلچسپ مجموعہ دیکھکر دو چار خریدنے کو جی للچا آتا ہے ان لوگوں کو نیوز ایجنٹ کہتے ہیں۔ یہ خود بڑے نیوز ایجنٹوں کے ایجنٹ ہوتے ہیں۔ جن کے پاس براہ راست اخباروں اور رسالوں کے دفتروں سے صدہا بلکہ ہزارہا اور لاکھوں پرچے ایک ایک اخبار کے آتے ہیں اور وہ اپنے یہاں سے چھوٹے ایجنٹوں کو تقسیم کرتے ہیں۔ یہ ڈاک میں مختلف ممالک کو روانہ کرتے ہیں کیا انگلستان اور کیا یورپ کے دیگر ممالک ان میں اخبارات براہ راست بذریعہ ڈاک خریداروں کے نام بہت کم جاتے ہیں۔ زیادہ تر پرچے اسی طرح ایجنٹوں اور نیوز پائزو دیکر اخبار بیچنے والے لڑکوں) کے ذریعے

سے انہیں اپنے شہروں یا دوسرے شہروں میں نقد قیمت پر بکتے ہیں اخبار
چھپنے کے وقت اخباروں کے دفتروں سے گاڑیاں لاد کر لوکل یا متفصلات
کے نیوز ایجنٹوں کے پاس اخبار لے جاتے ہیں۔ شہر سے باہر دیگر مقامات کو
اخبار بھیجنے کے لئے لنڈن سے صبح و شام خاص ریلوے ٹرینیں چلتی
ہیں جن کا نام اخباروں کی ٹرین ہوتا ہے ہر اسٹیشن پر ایجنٹ یا ان کے ملازم
حاضر ہوتے ہیں ہر اخبار یا رسالہ کے جتنے جتنے پرچوں کا انہوں نے
آرڈر بھیجا ہوتا ہے اتنے پرچوں کا بنڈل وہ ٹرین پھینکتی ہوئی چلی جاتی
ہے اور یہ ایجنٹ اپنے شہر اور نواح کے دیہات میں پرچے فروخت کر دیتے ہیں
جب تک ہندوستان میں بھی اخبارات کے بھیجنے کا یہی سلسلہ قائم نہ ہوگا اخبارات
کی اشاعتیں بہت زیادہ نہ ہو سکینگی اس میں علاوہ اس بات کے کہ اخبار لوگوں
کے دروازوں تک پہنچ جاتا ہے اور ہر شخص کو اس کے خریدنے کی ترغیب پیدا
ہوتی ہے اخبار کے کارخانہ کے لئے ایک یہ بڑی سہولیت ہے کہ اس کے پاس
ہر روز کی بکری پہنچ جاتی ہے اور ہندوستان کے خراب طریقہ کی طرح کئی کئی
سال کی قیمتیں گاہکوں کے پاس نہیں رہ جاتیں لنڈن میں اخبار بیچنے کے لئے
نیوز بائز بھی ایک بڑا انسٹی ٹیوشن ہیں۔ لہذا شائع ہونے کے وقت یہ چند
سستے اخبارات لیکر ہر طرف بھاگتے پھرتے ہیں۔ جتنی دفعہ کسی اخبار کے دن
میں تازہ ایڈیشن نکلتے ہیں اتنی ہی دفعہ اسے لڑکے بیچتے پھرتے ہیں اور منہ
سے اخبار کا نام یا اس روز کا بڑا واقعہ جس کی نسبت اس اخبار میں تازہ خبر
درج ہوئی ہوتی ہے چلاتے پھرتے ہیں تمام روزانہ اخبارات ہر پرچے کے
تازہ خبروں اور ضروری مضامین کا خلاصہ جلی حروف میں ایک بڑے پوسٹر
پر چھاپتے ہیں بعض نیوز بائز کسی چوک کے کونے یا دکان کے سامنے
ایسے بستے کے پرچوں کو پھیلا کر مختلف اخبارات رکھ کر بیٹھ جاتے ہیں۔
اگر نیوز بائز نہ ہوں تو لنڈن کے اخبارات آدھے بھی نہ بک سکیں کچھ عرصہ
سے لنڈن میں نصف پینی کے اخبارات نکلے ہیں جن میں ڈیلی میل اور
ڈیلی اکسپریس قابل ذکر ہیں گو ڈیلی میرر اور بارمنگھم پوسٹ بھی کم دلکش نہیں

سن اور سٹار اور ایوننگ نیوز اور ایکو بھی نصف پینی کے روزانہ ہیں لیکن
پہلے چار پرچوں سے حجم میں بہت کم ہیں پہلے دو پرچوں یعنی ڈیلی ایکسپریس
اور ڈیلی میل نے تو نصف پینی کی اخبار نویسی میں کمال کر دیا ہے ان میں پڑھنے
کا مصالح اور تار برقیاں بہت زیادہ ہوتی ہیں خصوصاً ڈیلی میل میں اور قیمت
صرف نصف پینی شاید صرف نصف پینی سن کر میرے ہموطن ہنسیں گے
کیونکہ نصف پینی بھی تو نصف آنہ ہے حالانکہ ہندوستان میں پیسہ اخبار بھی
نکلتا ہے جس کی ارزانی پر لنڈن اور برلن کے بعض ایڈیٹروں نے بھی تعجب
کیا ہے لیکن یورپ اور خصوصاً لنڈن میں نصف پینی بہت بے حقیقت چیز ہے
یہاں دولت اتنی زیادہ ہے کہ پینی جو ہندوستان کا ایک آنہ ہے یہاں تھوک کے
برابر عزت نہیں رکھتی ہم ہندوستان میں ایک پیسہ ایسا بے جا خرچ نہیں
کر سکتے جس طرح لنڈن میں ۶ پینی یا ۱۲ پینی کا سکہ خرچ کیا جاتا ہے بہر حال
لنڈن کے اخبارات کے عجائبات نے مجھے وہاں بہت خوش وقت رکھا ہے
میں دن میں دس دس بارہ بارہ اخبارات خریدتا تھا۔ جن کو پڑھ بھی نہیں
سکتا تھا لیکن ان کی شکل و صورت دیکھنے کے لئے لے لیتا یہاں کا ہر شخص
اخبار پڑھتا ہے قلی اور سائیس اور کوچوان اور خدمتگار ہر زن و مرد نصف پینی
کا اخبار لے کر پڑھ لیتا ہے۔ ایک روز میں لنڈن کے ایک نواح کو جا رہا تھا
ٹریموے کے کنڈکٹر نے ایک جگہ گاڑی کھڑی کی اور دوڑ کر اخبار فروش کی دوکان پر جا کر [illegible]
کھانے کی بھوک محسوس ہوتی ہے۔ ایسے ہی ان لوگوں کو اخبار کی اشتہا ر
معلوم ہوتی ہے ان کے ہوٹلوں اور ریسٹورنٹوں میں بھی ہر قسم کے اخبار موجود
رہتے ہیں جو لوگ یہاں کھانا کھانے پر چا پینے آتے ہیں وہ ساتھ ساتھ
اخبار بھی پڑھ لیتے ہیں لیکن اس بارے میں میں نے برلن اور ویانا کے ریسٹورنٹ
لنڈن سے آگے نکلے ہوئے پائے ہیں جہاں نہ صرف جرمنی بلکہ نصف درجن
دوسری زبانوں کے اعلے سے اعلے اخبارات موجود ہوتے ہیں تاکہ جس قوم
کا آدمی آئے اپنی زبان کا اخبار چاہے پڑھے لنڈن میں سستے اخبارات
کی قیمت کے مقابلہ میں مہنگے اخبارات بہت کم بکتے ہیں یہاں تک کہ لنڈن

اخبار ہو دراصل جس کی قیمت ۲ پنس ہے بیچتے ہیں دوکان پر یا ہاکروں کے ہاتھ میں
بکتا ہے نہیں بکتا۔ البتہ پال مال گزٹ سینٹ جیمس گزٹ۔ ڈیلی ٹیلیگراف۔
ڈیلی کرانیکل سٹینڈرڈ گلوب وغیرہ ایک پنی کے پرچے مشہور ہیں تاہم
اتنے نہیں بکتے جتنے کہ نصف پنی کے بکتے ہیں۔ ڈیلی ٹیلیگراف میں گو
اشتہارات بہت ہوتے ہیں تاہم ڈیلی میل کا سب سے بڑا پرچہ لندن کا
ہے اس کا دعوی ہے کہ ہر ایک دوسری صبح کے چھپنے والے اخبار
سے دنیا بھر میں اس کی اشاعت ۵ لاکھ کاپی زیادہ ہے اور اس مطلب
کے بڑے بڑے پوسٹر اور اشتہارات لندن میں چسپاں ہیں لیکن ڈیلی
نیوز کا دعوی ہے کہ وہ سب سے زیادہ چھپتا ہے جہاں تک میرا خیال ہے اب
لندن کے نصف پنی کے اخبارات میں ڈیلی میل سب سے زیادہ چھپتا ہے
اور اس کے ایک ہی وقت میں یکساں ایڈیشن لندن برمنگھم اور پیرس
میں شائع ہوتے ہیں کیونکہ بذریعہ تار برقی تمام مضامین اور خبریں لندن
سے دوسرے مقامات کو بھیج کر یکساں اخبار تیار کیا جاتا ہے جو اخیر
پرانی کی انتہا ہے اور ہفتہ وار پنی کے اخبارات میں السٹرس ویکلی سب سے
آگے ہے گو ٹٹ بٹس ویکلی اور [illegible] بھی اس کے قریب قریب
پہنچ گیا ہے [illegible] ۱۹۰۰ء [illegible] نکلا تھا اس
[illegible]

اخبارات نہیں کرسکتے ہیں روزانہ اخبارات کی حالت ہے رسالجات میں فرانس [illegible]
انگلستان سے کم نہیں گو روزانہ اخبارات میں سب سے زیادہ چھپنے والا اب تک
پیرس کا اخبار "جرنل لا پاٹی" سمجھا جاتا ہے لیکن پیرس ایک بات میں لندن سے
بہت آگے ہے یعنی یہاں قریب ڈیڑھ دو درجن کے ہفتہ وار اخبارات
چھپتے ہیں جن میں رنگین تصاویر ہوتی ہیں جیسے کہ جرنل لا پاٹی کا ہفتہ وار باتصویر
ضمیمہ ڈالا پیرشین کا ہفتہ وار تصویری ضمیمہ لا پیٹشال اور لالا ریہ وغیرہ اور جیسے کہ
پانچ سینٹیم یعنی ایک پیسہ کے پرچے ہیں جو بہت ہی ارزاں ہیں۔

لنڈن کی علمی زندگی میں اس سے پہلے بیان کرچکا ہوں کہ سب سے پہلے جس اتفاق
سے میں اگزجس بازار میں ہوا وہ فلیٹ سٹریٹ اور سٹرینڈ تھا جو لنڈن کے اخبارات
کا معدن اور کتاب فروشی کا مرکز ہے جس کے ہر دریچہ پر کسی نہ کسی اخبار یا رسالہ کا نام
موٹے حروف میں لکھا ہوا آویزاں ہے اور جس کے ہر دروازہ سے کسی نہ کسی پیپر کے [illegible]
کے ڈھیر تازہ چھپے ہوئے اخبارات کے دنیا بھر میں تقسیم ہونے کے لئے بسرعت تمام نکل
رہے ہیں جلی حروف کے پوسٹروں میں چیدہ چیدہ خبریں درج ہیں۔ اور اخبار بیچنے
والے لڑکے سرپٹ دوڑتے ہوئے اخباروں کا گٹھا کندھے پر لئے کوئی خبر
شہر چلاتے جاتے ہیں انگلستان کے مشہور [illegible] ڈاکٹر [illegible]
فیسٹیول پارک کے ایک قہوہ خانہ میں بیٹھے ہوئے ایک شخص کو [illegible] کہہ سکتا ہوں
کہ جہاں ہم اس وقت بیٹھے ہوئے ہیں اس سے دس میل کے دائرہ کے اندر باقی
تمام مملکت سے زیادہ علم و فن موجود ہے اور واقعی ڈاکٹر [illegible] نے درست کہا تھا
لنڈن کے تمام اخبارات اور رسالجات ہر وقت کوشاں رہتے ہیں کہ جہاں سے [illegible]
اور تازہ سے تازہ خبریں حاصل کریں اور وہ اس کام کے لئے تعلیم یافتہ [illegible] والوں کو
معقول اجرتیں بھی دیتے ہیں لنڈن کے ایک [illegible] روزانہ اخبار نے ایک دفعہ
[illegible] کو اطلاع دی تھی کہ اس کے ہر روز کے پرچے [illegible]
ہیں اور یہ [illegible] تعجب نہیں ہے کیونکہ وہ چھپائی اور کاغذ وغیرہ کے خرچ [illegible]
بہت بڑی قیمت مضمون نگاروں اور خبریں پہنچانے والوں کو دی جاتی ہے [illegible]
[illegible] انگریزی اخبارات میں ایک [illegible] خبریں پہنچنے کے [illegible]

کیا معلوم ہے کہ لنڈن کے روزانہ اخبارات میں ان سے دس دس گنی زیادہ تار کی خبریں شائع ہوتی
ہیں جن کا بڑا حصہ انہیں اخبارات کے خاص نامہ نگار دنیا کے ہر حصہ سے بھیجتے ہیں۔

مضمون نگاروں کا معاوضہ جو اجرتیں مضمون نگاری کی لنڈن کے اخبارات اور رسالے
دیتے ہیں وہ بھی کم نہیں ہوتیں ڈیلی میل ڈیلی ایکسپریس اور دوسرے نصف پنس قیمت کے صبح
کے چھپنے والے اخبارات ڈیڑھ گنی (قریباً چوبیس روپیہ) فی کالم کے لئے مضمون کا
معاوضہ دیتے ہیں ڈیلی نیوز اور دوسرے ایک پنی قیمت کے اخبارات دو گنی فی کالم
مگر لنڈن ٹائمز جس کی قیمت فی پرچہ تین پنس ہے ایک آرٹیکل کے عوض میں کبھی دس گنی کا
چک بھیجتا ہے الوننگ سٹینڈرڈ دو گنی ویسٹ منسٹر گزٹ ڈیڑھ گنی فی کالم اور پال مال
گزٹ دو گنی بالاوسط چھوٹے چھوٹے پیراگرافوں کی اجرت بحساب ایک پنس [illegible] یا
ڈیڑھ پنس فی سطر دیجاتی ہے ہفتہ وار اخبار ورلڈ البتہ چھ پنس فی سطر دیتا ہے اور اسیقدر
ٹرتھ بھی دیتا ہے مگر ماہوار رسالوں مثل سٹرینڈ پیرسنز میگزین اور پال مال میگزین کی بڑی
معقول اجرتیں ملتی ہیں جن کا اندازہ کسی آرٹیکل کی خوبی اور مقدار سے کیا جاتا ہے سٹرینڈ
ایک چھوٹی کہانی کے لئے دس گنی تک دیدیتا ہے نائنٹینتھ سنچری اور فورٹ نائیٹلی ریویو
بھی اسی نرخ سے دیتے ہیں ٹمپل بار ایک چھوٹے سے مضمون کے لئے پانچ پونڈ نذر کرتا
ہے رائل میگزین جو چار پنس فی پرچہ ہے اور ہارمس ورتھ بھی اسی قیمت کا ہے دو گنی فی صفحہ کے
حساب سے اجرت دیتے ہیں ٹٹ بٹس اور انسرز جو بہت بڑی اشاعت والے ہفتہ وار
پرچے ہیں جو ہزار لفظوں کے کالم کا معاوضہ ایک گنی دیتے ہیں گرافک السٹریٹڈ لنڈن
نیوز اور دوسرے اسی قسم کے اعلے درجہ کے باتصویر اخبارات اس سے زیادہ اجرت
دیتے ہیں کوئین ایک گنی فی کالم اور لیڈر یا ایڈیٹوریل نصف گنی ہے سپیکٹیٹر یا سپیکر جیسے ریویو
ہیں جو مضمون قبول کیا جائے اسکا معاوضہ پانچ پونڈ ملتا ہے اور جو خوش نصیب لوگ
ان اخباروں اور رسالوں کے منظور شدہ نامہ نگار ہیں انہیں روپیہ پیسہ کی پرواہ نہیں رہتی
بڑے بڑے مشہور لوگوں سے یہ اخبارات اور رسالے التجائیں کرکے مضمون لکھواتے
ہیں مثلاً مسٹر رڈیارڈ کپلنگ یا کونن ڈائل وغیرہ ہم سے مسٹر کپلنگ کو بعض اوقات
اتنی اجرت دیجاتی ہے کہ اسے ایک ایک لفظ کا ایک ایک شلنگ پہنچ جاتا ہے گو انگلستان میں
ایک زمانہ تھا کہ ملٹن جیسے مصنف کو اس کی کتاب پیراڈائز لاسٹ (فردوس [illegible]) کی قیمت

پانچ پونڈ پیش کی گئی تھی کہ جب اس نے اپنی کتاب چھپا دی تھی تاہم غیر مشہور یا مبتدی اہل قلم کو اپنے مضامین مشہور پرچوں میں درج کرانے میں بڑی بڑی دقتیں پیش آتی ہیں اور وہ انہیں بار بار مختلف ایڈیٹروں کے پاس بغرض منظوری بھیجتے ہیں ایک دفعہ ایک نوجوان مضمون نگار نے اپنی مضمون نگاری کی زندگی کے پہلے سال کے تجربات کو اخبار "ویکلی سن" میں اس طرح بیان کیا تھا اپنی فہرست کے حوالہ سے میں بتلا سکتا ہوں کہ میں نے کل ۱۳۴ آرٹیکل لکھے تھے کہ جن میں سے (۳۹) منظور ہوئے اور ۹۵ مسترد کئے گئے منظور شدگان میں سے (۳۳) تو پہلی دفعہ جہاں بھیجے تھے وہاں رکھ لئے گئے (۵) دوسری دفعہ اور (۱) ساتویں دفعہ بھیجنے پر منظور ہوا اس سے یہ تو ظاہر ہے کہ میری ہٹ دھرمی کو اس حقیقت سے کچھ نسبت نہیں ہے کہ جس نے حال ہی میں اخبار آبزرور (مصنف) میں اپنے تجربات میں بیان کیا ہے کہ اس کا ایک مضمون انچاسویں دفعہ بھیجنے پر منظور کیا گیا بعض غریب عورتوں اور مردوں کو جنہیں سوائے علمی پیشہ اختیار کرنے کے اور کوئی راستہ روٹی کمانے کا نظر نہیں آتا خدا جانے اپنے مضامین کو ایڈیٹروں کی نظروں میں قبول کرانے کے لئے کیا کیا تکلیفیں اٹھانی پڑتی ہیں۔

سستا اور دلچسپ لٹریچر گو مسٹر نائٹ اور مسٹر کیسل انگلستان کے دو مشہور پبلشر اپنے اپنے وقتوں میں کتابوں اور رسالوں کے ذریعے سے لٹریچر کو ارزاں کرنے میں بہت کوشش کر گئے ہیں۔ لیکن زمانہ حال میں ایک شخص مسمی جارج نیونس کی قسمت میں یہ لکھا تھا کہ انگلستان بلکہ انگریزی زبان کے لٹریچر پر ارزانی کے مہر لگائے جارج نیونس نے مانچسٹر میں ایک چھوٹا سا ہفتہ وار رسالہ بنام ٹٹ بٹس نکالا اور تھوڑے ہی دنوں میں اس میں اس قدر کامیابی ہوئی کہ اسے لنڈن کی سرزمین میں لاکر بونا پڑا اور جیسا کہ اسکے بعد ساری دنیا نے دیکھا ہے اس ننھے پودے کو یہ زمین نہایت موافق پڑی گو اس سے پہلے انگریزی زبان میں ہر قسم کے اخبار اور رسالے نکلتے تھے۔ بلکہ مسلینی (متفرقات)، کلپنگس (انتخاب)، ہاف آورس ود دی بسٹ آتھرس (بہترین مصنفین کے ساتھ آدھ گھنٹے) وغیرہ متفرق مضامین کے انتخاب بھی چھپتے تھے لیکن ایسے دلچسپ پیرایہ میں معلومات اور دلچسپی کے مضامین کسی نے جمع نہ کئے تھے۔ جیسے کہ جارج نیونس نے اپنے نئے رسالے میں کئے اس رسالہ کو

اس قدر ہردلعزیزی حاصل ہوئی کہ اس کی اشاعت لاکھوں تک پہنچ گئی اور غالباً آجکل
چودہ پندرہ لاکھ سے کم نہ ہوگی اور اس سے اسکے بانی کا حوصلہ اس قدر بڑھا اور اس
کے پاس دولت بھی اس قدر ہوگئی ہے کہ اس نے سٹرینڈ میگزین ماہوار سنڈے
سٹرینڈ ماہوار۔ ویسٹ منسٹر گزٹ روزانہ کنٹری لائف ہفتہ وار لٹل بٹس ہفتہ وار
گرینڈ میگزین ماہوار اور کئی اخبار اور رسالے جاری کر دئے اور کتابیں چھاپیں اور
اب نہایت عزت اور حرمت سے جو دولت سے حاصل ہو سکتی ہے زندگی بسر کرتا ہے
گورنمنٹ نے اسے بصلہ خدمت لٹریچر بیرونٹسی کا درجہ عطا کیا ہے اور ممبر پارلیمنٹ
بھی ہے۔ مسٹر جارج نیونس کے ٹٹ بٹس کے تقلید میں ہامسورتھ برادران نے آنسرز
کے نام سے ایک ہفتہ وار رسالہ جاری کیا۔ یہ دونوں بھائی جوان عمر تھے اور ان میں
سے بڑے نے اسٹریٹڈ لنڈن نیوز کے دفتر میں کچھ کام پریس کا سیکھا ہوا تھا۔
انہیں بھی اپنے رسالہ میں قابل حیرت کامیابی ہوئی اس رسالہ کی اشاعت بھی اب
ٹٹ بٹس کے قریب قریب ہے اس کامیابی نے انہیں ترغیب دی کہ اپنے پیر و
مرشد کی تقلید میں بھی کئی اخبار نکالیں چنانچہ انہوں نے ایوننگ نیوز روزانہ خرید
لیا۔ ڈیلی میل جاری کیا ہامسورتھ میگزین ماہوار پینی پکٹوریل میگزین ہفتہ وار اور
کئی رسالے جاری کر دئے اسی زمانہ میں ایک اور نوجوان پادری کے بیٹے
مسٹر پیرسن نے ٹٹ بٹس کی نائب ایڈیٹری شروع کی اور بتدریج ترقی کر کے
اس پرچہ کا منیجر ہو گیا اور پھر اپنا اخبار پیرسنس ویکلی بالکل انہی اصولوں پر جاری
کر لیا جن پر ٹٹ بٹس اور آنسرز چل رہے تھے اور انگلستان کے پبلک کو
کچھ ایسا شوق پڑھنے کا ہے اور انگریزی زبان انگلستان کے علاوہ امریکہ کنیڈا
آسٹریلیا اور دیگر کئی مقامات میں اس قدر آدمی بولتے اور جانتے ہیں کہ ہر اچھے
اخبار کی خریداری نہایت بڑھ جاتی ہے چنانچہ مسٹر پیرسن کے رسالہ کی خریداری بھی
کئی لاکھ تک پہنچ گئی اور اس نے بھی اپنے سابقین کی طرح ڈیلی ایکسپریس روزانہ
پیرسنس میگزین ماہوار ہوم نوٹس ہفتہ وار ایم۔ اے۔ پی ہفتہ وار اور رائل
ماہوار وغیرہ کئی اخبار اور رسالے جاری کر دئے اور ان دونوں شخصوں کو بھی گورنمنٹ
سے بہت بڑے خطاب عطا کئے۔ ان تینوں اولوالعزم پبلشروں کے اخباروں اور رسالوں

کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ صرف انکے پرچے ارزاں ہیں بلکہ ان میں ایک زندہ روح نظر آتی ہے اور مجھے ہمیشہ انہیں دیکھکر تعجب ہوتا ہے کہ اب اس سے زیادہ عمدہ اور اس سے نئی بات کوئی کیا نکالیگا مگر ہمیشہ کوئی نہ کوئی نئی بات ان لوگوں کو سوجھتی ہی رہتی ہے میں نے آٹھ نو سال گذرے ہیں ٹٹ بٹس ایمسرز اور پیئیرسنس ویکلی کے اصول پر خالص دلچسپ اور پر مذاق لٹریچر کا ایک ہفتہ وار رسالہ انتخاب لاجواب کے نام سے اردو میں جاری کر رکھا ہے۔

مگر اس کی اشاعت بمقابلہ یورپ کے رسالوں کے ہرگز اس قابل نہیں ہے کہ اس کا ذکر بھی کیا جائے گو بمقابلہ اردو زبان کے اخبارات کی اچھی ہے ہمیشہ ہندوستان کے دیسی زبانوں خصوصاً اردو زبان کے اخبارات کی توسیع اشاعت کے متعلق اکثر غور کیا ہے تو ہمیشہ اسی نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ تعلیم کی دقت اور دولت کی قلت دو بڑے باعث ہیں کہ جن کی وجہ سے نہ اچھے اخبار ابھی ہمارے ملک میں تیار ہوتے ہیں۔ اور نہ پبلک انکی زیادہ قدردانی کر سکتی ہے میں نے پیسہ اخبار کو اسی لحاظ سے بہت کم قیمت رکھا اور ہمیشہ اسے اچھا بنانے کی کوشش کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسکی اشاعت اس حد تک پہنچ گئی کہ کبھی کسی اردو اخبار کی اس سے پہلے نہیں پہنچی تھی۔

الف

(ممدودہ)

آبزرور (انگریزی) بیرون دہلی دروازہ

لاہور سے ہر بدھ اور سنیچر کے روز شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ برٹش انڈیا کے لئے ۱۲ روپے۔ برٹش انڈیا سے باہر کے لئے ایک پونڈ۔ مقصد مسلمانوں کی ترقی وغیرہ

آرمینین (انگریزی) کلکتہ سے ۱۵

دن روز نکلتا ہے۔ مقصد ہندوستان کے یوریشینوں کے حقوق کی حفاظت قیمت سالانہ ۹ روپے۔

آرمی نیوز (اردو) ہر دوشنبہ کو شہر لودھیانہ سے شائع ہوتا

ہے قیمت سالانہ ہندوستان۔ برہما۔ عدن اور بلوچستان کے لئے معمولی کاغذ پر ہے۔ ممالک غیر سے اعلیٰ کاغذ پر للعہ۔ مقصد:۔ فوجی اور عام خبریں صنعت و حرفت۔ زراعت اور فوجی اور سول خبریں وغیرہ۔

آرہ:۔ (انگریزی) نمبر ۱ ہیسٹنگز اسٹریٹ کلکتہ

سے ہر مہینہ کی سولہویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۳ روپے آٹھ آنے۔ مقصد آرمینین لٹریچر اور پالٹکس پر بحث۔

آرہ پنچ:۔ (دیکھو اسٹار آف انڈیا آرہ)

آریہ:۔ (انگریزی) مدراس سے ہر مہینہ کے آخری

ہفتہ میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ مقصد۔ مذہب فلسفہ۔ علم ادب اور سائنس کی ترقی۔

آریہ اپدیشک:۔ (اردو) لاہور سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد آریوں کا مذہبی آرگن ہے۔

آریہ پھیپاک بوسرہٹی، کھیت واڑی روڈ بمبئی سے ماہوار

نکلتا ہے۔ مقصد۔ مذہبی سوشل۔ اخلاقی وغیرہ۔

آریہ پتر: - (اردو) یتیم خانہ آریہ سماج بریلی سے ہر ماہ کی ۱۵ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ عـہ یتیم خانہ مذکور میں چندہ دینے والوں کو مفت مقاصد۔ مذہبی۔ سوشل۔ اخلاق وغیرہ۔

آریہ پتریکا: - (انگریزی) لاہور

سے ہر ہفتہ کی شام کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ صہ روپے۔ مقاصد۔ مذہبی سوشل۔ اور اخلاقی وغیرہ۔

آریہ پربھا: - (بنگالی)

بیمن سنگھ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت فی پرچہ ۲ آنے مقصد: - ہندوستان قدیم کی عظمت اور مشاقی فنون کو بالتشریح بیان کرنا۔

آریہ درپن: - (اردو ہندی)

شاہجہان پور سے ماہوار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ عـہ مقصد: - مذہبی سوشل۔ ازدواج بیوگان کی حمایت۔

آریہ دھرم: - (مرہٹی)

ٹیٹرا والے چھاپہ پریس بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ مقصد: - مذہبی سوشل وغیرہ۔

آریہ دھرم پرکاش: - (گجراتی)

بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ عـہ مقصد: - ہندو دھرم اور وید کی مطابقت۔

آریہ سماچار: - (اردو) میرٹھ سے ہر ماہ کی آخیر میں شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ عـہ مقصد: - آریہ سماج کے اصول اور ویدوں کی صداقت کا اظہار۔

آریہ سنیچر: - (انگریزی) لاہور

سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ آریوں کا آرگن ہے۔ قیمت سالانہ ۔۔

آریہ ورشتا: - (ہندی)

کراچی سے ہر شنبہ کو شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ ۔۔ مقصد: - مذہبی

سوشل۔ ہارل وغیرہ۔

آزاد :۔ (اردو) لاہور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ اعلیٰ کاغذ عصہ معمولی کاغذ عہ۔

مقاصد:۔ پولیٹیکل۔ علمی۔ اخلاقی۔ تاریخی وغیرہ۔

آسام :۔ (آسامی اور انگریزی)

گوہٹی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ للعہ۔

مقصد:۔ آسامی لٹریچر کی ترقی رعایا کے حالات سے گورنمنٹ کو آگاہ کرنا۔

آسام سول لسٹ :۔ انگریزی

ہر چار ماہی پر شلانگ سے نکلتی ہے۔ قیمت فی کاپی عصہ

آسام گورنمنٹ گزٹ :۔ انگریزی

ہر ہفتہ کو آسام سکریٹیریٹ شلانگ سے انگریزی بنگالی اور آسامی زبانوں میں چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ اعہ

آصف الاخبار :۔ (اردو) دہلی ہفتہ وار نکلتا ہے قیمت سالانہ عوام سے ہے شعرا سے عیہ۔ مقصد: تاریخی۔ پولیٹیکل۔ سوشل۔ اخلاقی۔ انگریزی افسانوں کے تراجم۔

آفتاب سندھ :۔ (سندھی) سکھر (سندھ) سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:۔ عام خبریں اور مضامین۔

آفتاب ہند :۔ (اردو) شہر جالندھر سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے ہے رئیسان سے لعہ۔

مقصد:۔ عام خبریں اور مضامین۔

آگرہ اخبار : (اردو) آگرہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ رؤسا سے عہ۔ مقصد:۔ ترقی۔ لٹریچر۔ اور عام مضامین اور خبریں۔

آگرہ اینڈ اودھ ٹائمز اینڈ ایجوکیشنل ہیرالڈ :۔ (انگریزی)

چندہ سالانہ صہ روپے مع محصول ڈاک ۔ مقصد :۔ تعلیمی ۔ تجارتی ۔

آگرہ کالج میگزین :۔ (انگریزی)

ہر انگریزی مہینہ کی آخیر میں آگرہ کالج سے شائع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ طلبا سے عـــہ ۔ عوام سے عـــہ ۔ مقصد :۔ علمی و تعلیمی ۔

آگرہ کمرشیل میسنجر :۔ (انگریزی)

ماہ ہر مہینہ کی پانچویں اور بیسویں تاریخ کو پرتاب پور چھاؤنی سے شائع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ عـــہ ۔ مقصد :۔ مذہبی ۔ تجارتی ۔ اور اخلاقی وغیرہ ۔

آگرہ گائڈ اینڈ ڈائرکٹری :۔ (انگریزی)

آگرہ سے شائع ہوتی ہے ۔ چندہ آٹھ آنے یا ایک شلنگ سالانہ ہے ۔ مقصد :۔ آگرہ اور اس کے باشندوں اور بیرونی تاجروں اور سوداگروں کے متعلق دلچسپ واقفیت بہم پہنچانا ۔

آگرہ میڈیکل جرنل :۔ انگریزی و اردو ۔

(وکٹوریہ پریس آگرہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے ۔ سالانہ چندہ دو روپے چار آنہ ۔ مقصد :۔ جراحی ۔ دایہ گری ۔ حفظان صحت وغیرہ ۔

آن گارڈ :۔ (انگریزی) (شملہ سے

ماہوار شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ دو روپے ۔ آرمی ٹمپرنس ایسوسی ایشن کا آرگن ہے ۔

آیورویدک پرچارک :۔ (اردو) لاہور سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ عوام سے عـــہ ۔ طلبہ سے عـــہ ۔ مقصد :۔ طب اور حفظان صحت ۔

الف

(مقصورہ)

ابلہ ہنکارک:۔ (ہندی) دیکھو رفیق نسواں جس کا یہ ہندی ایڈیشن ہے۔

آبا ہرا:۔ بنگالی۔ راجہ نوبو کرشن سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپیہ سالانہ۔ اس میں کہانیاں نظمیں۔ علمی۔ اور سائنٹفک مضامین ہوتے ہیں۔

اپر جمنا گزٹ:۔ (انگریزی) ٹانڈے سے ہر شام کو شائع ہوتا ہے قیمت ماہوار تین روپے بلا محصول۔ مقصد:۔ کونسل و ٹیوخبریں۔

امپیریلسٹ:۔ (انگریزی)
۸۵ و ۸۷ حرم کول سٹریٹ بمبئی سے ہر شنبہ کو شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ ۱۱ روپے۔ مقصد:۔ اینگلو انڈین حقوق کی حفاظت۔

اپنیا زلون:۔ (ہندی) بہار جی پریس بنارس شہر سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیہ پیشگی۔ مقصد خالص قومی۔ مذہبی اور عموماً افسانے بھی اس میں درج ہوتے ہیں۔

اتحاد:۔ (اردو) لکھنؤ سے ہفتہ وار نکلتا ہے شیعوں اور مسلمانوں کا اخبار ہے حمایت اسلام نصیحت مسلمین۔ خصوصاً سنیوں کی مخالفت اس کا مقصد ہے۔

اتحاد مذاہب عالم:۔ (اردو) رنگون سے ماہوار نکلتا رہی بہائی مسلمانوں کا آرگن ہے اور ان ہی کے اصولوں کی اشاعت کرتا ہے قیمت سالانہ عہ ۲ ر

اتفاق (اردو) سانا مورہ سے ہر مہینہ میں چار بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے تین روپیہ۔ مقاصد:۔ عام خبریں اور مختلف واقعات۔

اتفاق:- (اردو) مدراس سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:- عام خبریں اور مختلف واقعات

اٹکل سپیک:- (انگریزی بنگالی) بالاسور سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد: صنعت و حرفت کی ترقی۔

اٹکل سبوک:- (اردو و انگریزی) بالاسور سے ماہوار نکلتا ہے صنعت و حرفت کے مضامین لکھتا ہے۔

اچکنی رنیپک:- مقام گارونیرالہ واقع کوہ گارو آسام سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار آنے۔ مقاصد: مذہبی اور تعلیمی۔

اچنبا و کتا:- (ہندی) کلکتہ سے پانزدہ روز شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے مع محصول ڈاک۔ مقاصد قومی۔ ملکی۔ اور مذہبی۔

اخبار اسلام:- (گجراتی) بمبئی سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپیہ۔ مقصد:- مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت وغیرہ۔

اخبار انجمن ہند:- لکھنؤ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ دس روپے محصول ڈاک ۱۲ آنے مقصد:- سوشل اور ماسل۔

اخبار برہمن:- (اردو) برہمن سبھا لاہور سے برہمنوں کی اصلاح کے لئے پندرہ روزہ نکلتا ہے۔

اخبار تاجر:- (اردو) دہلی سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:- تجارتی اطلاعات۔

اخبار سرحدی:- (اردو) بنوں سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:- عام مضامین اور خبریں۔

اخبار دارالسلطنت واردو گائیڈ:- (اردو) ۱۸۶۴ء سے ہر جمعرات کو نمبر ۱۶ دھرم تولہ لین۔ کولوٹولہ کلکتہ سے شائع ہوتا تھا۔ اب کچھ عرصہ سے بند ہے۔ چندہ سالانہ ۷ روپے۔ مقصد:- حکمرانوں اور رعایا کے درمیان اچھے خیالات پھیلانا۔

اخبار سررشتہ تعلیم اودھ ایجوکیشنل گزٹ

(اردو) ہر مہینے کی پنجم تاریخ کو نول کشور پریس لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ ایک روپیہ دو آنے۔ مقصد: مضامین مفیدہ۔ صیغہ تعلیم کے قواعد وغیرہ۔

اخبار سوداگر:۔ (گجراتی) ہفتہ وار بمبئی سے شائع ہوتا ہے۔

اخبار سوداگر سماچار بمبئی:۔ (گجراتی) بمبئی سے سوائے اتوار کے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل کے خریداروں کے لئے ۱۰ روپیہ اور بیرونی خریداروں کے لئے ۲۰ روپے ۱۴ آنے۔ مقاصد: تجارتی اور عام تعلیم۔

اخبار عام (اردو) ۱۸۶۷ء سے شہر لاہور سے روزانہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ۔ روزانہ ۴ روپیہ۔ ہفتہ وار دو روپے ۸ آنے مقاصد: پولیٹیکل۔ سوشل اور عام خبریں۔

اخبار قیصری:۔ (اردو) جالندھر شہر سے ہفتہ وار شائع ہوتا تھا۔ اب کچھ عرصے سے بند ہے چندہ ۲ روپیہ ۸ آنے اور ۴ روپے ۱۴ آنے مختلف مدارج کے خریداروں کے لئے۔ مقاصد۔ مضامین خبریں اور لوٹ۔

ارلو وصنا:۔ (بنگالی)
۱۸۶۱ رام چندر ترالدین کلکتہ سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ سالانہ چندہ عام

ادوا کا پترکا:۔ (ملیالم)
کٹیام (ڈسٹرکٹ اڈیکور) سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقاصد: عام خبریں۔

ادیب:۔ (اردو) حیدرآباد دکن سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ گورنمنٹ موسول بعقب ڈاکخانہ فوج سے۔ مقصد: علمی۔ ادبی۔

ادیم انگریشا ہینڈ سکسیو:۔ (انگلو مرہٹی)
(دھاپا پرنٹنگ پریس بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔

ارچنا:۔ (بنگالی)

۲۹ عہ پرجتی چرن گھوش لین کلکتہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عہ ہے۔

اردو ڈیلی :۔ (اردو) بمبئی سے دو ورق پر روزانہ نکلتا ہے مقصد: ہر قسم کے مفید مضامین چندہ ۹ روپیہ سال۔

اردوئے معلی :۔ (اردو) علی گڑھ سے ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصول چار روپیہ۔ مقاصد: ۔ لٹریچری تاریخی علمی ۔ اخلاقی وغیرہ ۔ مضامین اور اردو لٹریچر کی ترقی۔

ارکان ٹائمز (انگریزی) اکیاب آرکن پریس اکیاب سے ہر سہ شنبہ پنجشنبہ اور شنبہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے ۱۲ اور بیرون کے خریداروں سے ۱۸ روپے تھے ۔ اس کا مقصد عام خبریں کا بہم پہنچانا ہے۔

ارکان نیوز (انگریزی) اکیاب سے ایک روپیہ ماہوار چندہ پر شائع ہوتا ہے۔

آرتھوڈوکس پرکاش :۔ (اردو) لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ ایک روپیہ ہے مقصد سوشل ریفارم۔

آرتھوڈوکس گزٹ :۔ (اردو) امرتسر سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ مقصد عام خبریں قیمت سالانہ عہ ہے

اسائلم پریس المینک ڈائرکٹری اینڈ کمپینڈیم آف انٹلیجنس :۔ (انگریزی) ہر جنوری کے پہلے ہفتہ میں ماؤنٹ روڈ مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ پانچ سے سات روپے فی کاپی (جلد کے مطابق) مقاصد: ہر قسم کی واقفیت بہم پہنچانا۔

استری بودھ :۔ گجراتی

کاؤس جی پٹیل اسٹریٹ بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے ۔ پارسی لیڈیوں کے لئے اچھا رسالہ ہے

اسٹن گھر بدے بابھا گوت (سنسکرت) پانچ

کارنوالی سٹریٹ کلکتہ سے شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ ۱۲ روپیہ۔ مقصد آریہ ویدک طریقہ سے ادویات کے استعمال پر بحث وغیرہ۔

اسٹار آف انڈیا:۔ (اردو) آرہ (بہار) سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ مقصد:۔ عام خبریں اور مضامین۔ اس کے ساتھ آرہ پنچ بطور ضمیمہ شائع ہوتا ہے قیمت اہل شہر سے عہ بیرونجات سے للعہ طلبا شہر سے ۱۲ آنے طلبا بیرونجات سے عہ

اسٹوڈنٹس فرینڈ:۔ (انگریزی)

دھاراسٹریٹ۔ دھوبی تلاؤ بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپیہ۔ مقاصد:۔ تعلیمی اور دیگر عام دلچسپی کے امور و مضامین کو با تصویر شائع کرنا۔

اسی نام کا ایک ماہوار رسالہ مدراس سے بھی نکلتا ہے۔

اسٹوڈنٹس گزٹ:۔ (انگریزی)

۴ کونسل مرچنٹ اسٹریٹ مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ معہ محصول ڈاک طلبہ کے لئے اچھا رسالہ ہے۔

اسٹوڈنٹس میگزین:۔ انگریزی

۲/۱ ایڈن ہندو ہوسٹل کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے۔ چندہ سالانہ عہ مقصد علمی و اخلاقی مضامین

اسٹیٹسمین اینڈ فرینڈ آف انڈیا:۔ (انگریزی) (کلکتہ سے)

دن میں چار ایڈیشن شائع ہوتے ہیں۔ قیمت سالانہ ۴۲ روپیہ۔

اسٹیٹسمین:۔ انگریزی سنگوئین

اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۱۲ آنے مقصد:۔ استعمال شدہ ٹکٹوں کے حالات۔

اسلام:۔ (اردو) جہلم (پنجاب) سے ماہوار نکلتا ہے قیمت دو روپیہ سال۔ مقصد:۔ مذہبی و ادبی۔

اسلامیہ میگزین:- (انگریزی)
اسلامیہ کالج لاہور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ علمی مضامین جو طلبہ کے لئے مفید ہوں اور تعلیمی خبریں شائع کرنا اس کا مقصد ہے۔ قیمت ۶ سال۔

اسوسیئیٹس اینڈ ٹریولرس گزٹ:- (انگریزی) ہیرہ لال بوجھرف لین کلکتے سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پانچ روپیہ ہے مقصد:- محققوں اور سیاحوں کے انٹرسٹ کو ترقی دینا۔

اصلاح:- (اردو) ماہوار سیالکوٹ سے شائع ہوتا ہے۔ اغراض مذہبی اسلامی۔ خصوصاً اہل شیعہ کی تائید۔ قیمت ۳؍

اصلاح سخن:- (اردو) لاہور سے ماہوار نکلتا ہے مقصد:- اردو زبان اور اردو شاعری کی اصلاح۔ قیمت سالانہ عہ ہے۔

افضل الاخبار:- دہلی سے ہفتہ وار اردو میں شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپیہ۔ مقاصد:- پولیٹکل اور سوشل مضامین۔

ایکسپریس:- انگریزی۔ قیصر باغ لکھنؤ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپیہ لوکل اور آٹھ روپیہ مفصلات مقصد پی۔ آئی۔ ایم۔ سی۔ ایشین اور دوسرے تعلق داروں کا آرگن۔

ایسٹ انڈین پرائس کرنٹ مارکٹ رپورٹ:- (انگریزی) بمبئی سے ہفتہ شائع ہوتی ہے چندہ سالانہ گیارہ روپیہ دس آنے۔ فی کاپی ۴؍ مقاصد:- عام سوداگری خبریں اور نرخ وغیرہ۔

الاحسان:- (اردو) ہر اسلامی مہینہ میں ایک بار کیرانہ ضلع مظفرنگر سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپیہ پیشگی۔ مقاصد:- تصوف اور اخلاق کے متعلق مضامین۔

جلوہ محبوب:۔ (اردو) حیدرآباد دکن سے ہر مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عام سے چھ روپے اور طلباء سے چار روپے۔

جگانتر:۔ (بنگالی) کلکتہ سے ہفتہ وار بنگالی میں نکلنا شروع ہوا تھا مگر غیر معتدل خیالات کی اشاعت کی وجہ سے گورنمنٹ نے اسے بند کر دیا۔ مگر پھر بھی خفیہ طور سے چھپ چھپ کر نکلتا رہتا ہے۔

جگت سماچار:۔ (مرہٹی) تھانہ سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد عام خبریں۔

جناوینودنی:۔ (تامل) مدراس سے ہر مہینے کی بیس تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ لٹریچر۔ آرٹ۔ سائنس۔

جنم بھومی:۔ (بنگالی) ۲۴ اکولوٹولہ سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ آنے۔ مقصد:۔ مذہبی۔ اور سوشل۔ مضامین۔

جین گزٹ:۔ (ہندی) آرہ سے ہر مہینے کی پہلی اور سولہویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے آٹھ آنے۔ مقصد سوشل مذہبی اور تاریخی مضامین۔

جینی:۔ (ناگری) الہ آباد سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ معہ محصول۔ مقصد:۔ سوشل اور مذہبی مضامین۔

جیواتش گزٹ:۔ نوپولک سٹریٹ کلکتے سے ہر جمعے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پندرہ روپے۔ مقدار اشتہار اٹھارہ روپے۔

جیوتر بلد:۔ (بنگالی) ۱۱ ماںکتلہ سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے۔ قیمت سالانہ عہ۔ نجوم وہیئت۔

جیون تت:۔ (اردو) لاہور سے پندرہ روزہ نکلتا ہے مذہبی اخبار ہے۔ دیو سماجی فرقہ کا آرگن ہے۔

جیون پتر:۔ (اردو) بشرح عہ

چ

چارو مہرو:۔ (بنگالی) ہفتہ وار کلکتہ سے نکلتا ہے۔ پولیٹیکل اخبار۔

چارو ورتا:۔ (بنگالی) میمن سنگھ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے چھ آنے سالانہ

چراغ:۔ (گجراتی) منوہر داس سٹریٹ بمبئی سے ماہوار شائع

ہوتا ہے۔ مقصد:- عام دلچسپی کے مضامین۔

چرچ مشنری گلینر:- (انگریزی)
مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ
۱۲ آنے۔ مقصد:- مشنری حالات۔

چشمہ فیض:- (دیکھو وکٹوریا پیپر)

چکتساکا:- (بنگالی) ۱۹۱ اناپن چندر دت سٹریٹ کلکتہ سے
ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ دو روپے۔ مع محصول۔ مقصد:- طبی
سائنس۔

چلڈرنس فرینڈ:- (اردو ہندی) میتھوڈسٹ ہاؤس
لکھنؤ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ چھ آنے مقصد
مذہبی۔

چلڈرنس لمپ:- (بنگالی) کولمبو میں ماہوار چھپ کر مفت
تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- بچوں کو مذہبی تربیت دینا۔

چنتامنی:- (انگریزی)
شہر میسور سے ہفتہ میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:- ہر قسم کے
مفید مضامین پر بحث۔

چندر رودیا:- (کناری) دھارواڑ بمبئی سے ہر ہفتے کو شائع
ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے پانچ آنے مع محصول ڈاک۔ مقصد:-
پولٹیکل۔ اخلاقی۔ اور ملکی مضامین۔

چنسرا پتابوہا:- (بنگالی) بادھما ٹیولا چنسرہ سے اتوار
کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ ہگلی چنسرا اور چندر نگر کے لئے ایک روپیہ
سالانہ مفصلات سے ایک روپیہ بارہ آنے۔ مع محصول۔ مقصد:-
عام واقعات۔ ہندو سوسائٹی کے متعلق۔ مذہب۔ ملکی معاملات
ہر قسم کی ضروری خبریں وغیرہ وغیرہ۔

چوچو:- (گجراتی) نیو مفتر برنگ ایسٹ سے پرنٹنگ پریس بمبئی

سے مہینہ میں دو بار نکلتا ہے۔ مقصد: عام خبریں۔

چوکھمبا سنسکرت سیریز:۔ (سنسکرت) دو یا
بلاس پریس بنارس سے سکرٹری چوکھمبا سنسکرت بک ڈپو کی طرف سے
ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ہندوستان کے لئے
سات روپے آٹھ آنے۔ غیر ممالک پندرہ شلنگ۔ محصول ڈاک معاف
مقصد: سنسکرت کی کمیاب اور قدیمی کتابوں کو شائع کرنا

چھترا:۔ (بنگالی) ۲/۱،۲ الاتک اپر روڈ سے نکلتے سے ہر پندرہ روزہ
کے بعد شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں کے لئے ایک روپیہ
آٹھ آنے اور بیرونجات کے خریداروں کے لئے ایک روپیہ بارہ آنے
محصول۔ مقاصد: خبریں، عام واقعات۔ دلچسپ کہانیاں۔ مضامین اور
شعر و سخن

چھوٹا ناگپور نیوز:۔ (انگریزی)
۲۰ ڈبلیو ڈی جوزف لین گرننگ سٹریٹ کلکتہ میں چھپ کر الن ہیچسن پر ولیہ
سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ چندہ ہندوستان کے لئے سالانہ سات
روپے آٹھ آنے ممالک یورپ کے لئے دس روپے۔

چیمبر آف کامرس بمبئی:۔ (انگریزی)
(۱۸۶۳ء سے جاری ہے قیمت ماہوار
دس روپے۔ مقصد: تجارت برآمد اور درآمد کے تفصیلی حالات۔

چیمبر آف کامرس پرائس کرنٹ مدراس:۔ (انگریزی)
) مدراس
مینل پریس مدراس سے ہر پندرہ روزہ کے بعد شائع ہوتا ہے۔ قیمت
فی کاپی چار آنے اس میں عام تجارتی مضامین ہوتے ہیں۔

چیمبر آف کامرس ڈیلی ارائیولز آف پروڈیوس
(انگریزی)
ٹائمز پریس بمبئی سے روزانہ نکلتی ہے۔ مقصد: بمبئی کی تجارت کی درآمد

کے متعلق ہر قسم کی ضروری اطلاع۔

چیمبر آف کامرس ڈیلی ایڈوائزر آف پروڈیوس

چیمبر آف کامرس ڈیلی سٹریٹ اسپیشنز :- (انگریزی)

ٹائمز پریس بمبئی سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ مقصد: بمبئی کی روزانہ تجارتی کیفیت۔

چیمبر آف کامرس ڈیلی ٹریڈ ریٹرن :- (انگریزی)

ٹائمز آف انڈیا پریس بمبئی سے روزانہ نکلتی ہے۔ مقصد: بمبئی کی تجارت کے متعلق ہر قسم کی اطلاع۔

ح

حبل المتین :- (فارسی) میڈیکل کالج سٹریٹ نمبر ۳ کلکتہ سے ہر دو شنبہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان و برما ۱۲ روپے ایران و افغانستان پچاس قران دولت عثمانی و مصر پانچ مجیدی یورپ و جاپان تیس فرانک روس و ترکستان دس منات۔ مقاصد: علوم و وقائع سیاسی و منافع دولتی و فوائد طبی پر بحث۔

حق پسند :- (اردو) امرتسر سے بتاریخ گیارہ اور اکیس کو ہر مہینے انگریزی کو نکلتا ہے۔ سکول کا آرگن ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے۔

حیدرآباد کرانیکل :- (انگریزی)

ہفتے میں تین بار یعنی سوموار بدھ وار اور جمعہ کو ۱۴۳ براڈوے مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۲۴ روپے ہے۔ مقصد: سوشل اور پولیٹیکل

خبریں۔

خ

خاتون:۔ (اردو) علی گڈھ سے ماہوار نکلتا ہے۔ تعلیم نسواں کو ترقی دینا اس کا مقصد ہے آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے صیغۂ تعلیم نسواں کا آرگن ہے قیمت سالانہ للعہ

خالصہ ایڈووکیٹ:۔ (انگریزی) امرتسر سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سکھوں کا آرگن ہے۔ قیمت سالانہ للعہ روپیہ

خبردار:۔ (گجراتی) بمبئی سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد: عام مضامین اور خبریں

خلاصہ نظائر اور فوجداری ماہوار:۔ (اردو) فتحگڈھ سے ماہوار شائع ہوتا ہے ہر دو کے لئے سالانہ چندہ چار روپیہ تو آنے مقصد قانونی نوٹ اور فوجداری قواعد وغیرہ

خیرخواہ عالم (پیشتر یاشق):۔ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپیہ ہے۔ مقصد: عام و خاص مضامین اور خبریں

خیرخواہ ہند: پرتاب گڈھ سے نکلتا ہے

د

دارجلنگ کرانیکل:- (انگریزی)
دارجلنگ سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مضامین خبریں لکھتا ہے۔

دارجلنگ وزیٹر:- (انگریزی)
دارجلنگ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ چھ روپیہ فی کاپی دو آنے
مقصد:- ضلع دارجلنگ کی عام خبریں تمام سیاحوں اور یورپین باشندوں کے
نام اور تجارتی نرخ۔

دبدبہ آصفی:- (اردو) حیدرآباد سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد:-
مذہبی۔ اخلاقی۔ تاریخی قیمت للعہ سال۔

دبدبہ قیصری:- (اردو) بریلی سے ہر ہفتہ کو شائع ہوتا تھا کچھ
عرصہ سے بند ہے۔ قیمت سات روپیہ مع محصول ڈاک۔ مقصد:- عام خبریں اور
ملکی معاملات۔

دکن جرنل:- (انگریزی)
حیدرآباد دکن سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:- آزاد اور لائٹ کا پولیٹیکل اخبار ہے اس
کا اردو اڈیشن شوکت الاسلام ہے۔

دکن ریویو:- (اردو) حیدرآباد دکن سے ماہوار نکلتا ہے اردو
لٹریچر کا توسیع مقصد ہے قیمت ۱۲ روپیہ سالانہ۔

دکیرو پرکاش:- (بنگالی) کاکینہ رنگپور سے ہر جمعرات کو شائع
ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپیہ۔ مقاصد:- ملکی سوشل اور مذہبی۔

دلوادو یاسما چار:- (مرہٹی) بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔
مقصد عام دلچسپی کے مضامین۔

دلوادو یا مترا:- (مرہٹی) بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد:- عام
دلچسپی کے مضامین۔

دوست ہند:۔ (اردو) ہر جمعہ کو کھیڑہ سے شائع ہوتا ہے قیمت عوام سے چار روپیہ سالانہ۔ مقاصد:۔ ملکی مضامین و خبریں وغیرہ۔

دھرما و سائنگا پیر تیاپاب:۔ (بنگالی) ۱۸۸۱ء میں جاری ہوا۔ سنہارہ مشنری سوسائٹی کانی گھاٹ کلکتہ سے شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ ایک روپیہ۔ محصول ڈاک معاف۔ مقصد:۔ عیسائیت اور ہندو دھرم پر بحث۔

دھرم آنوا:۔ (بنگالی) ۲۳ رومناتھ موزیدار سٹریٹ کلکتہ سے ہر مہینے کی پہلی اور سولہویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے چار آنے مع محصول اور دو روپے آٹھ آنے لوکل خریداروں سے مقصد:۔

دھرم امرت:۔ (اردو) مذکورہ بالا رسالہ کا اردو اڈیشن ہے۔

دھرم امرت:۔ (ہندی) بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد:۔ مذہبی اخلاقی وغیرہ۔

دھرم پرچارک:۔ (بنگالی) بنارس شہر سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:۔ مذہبی اور سوشل

دھرم واچاتن:۔ (پنجابی) لودھیانہ سے ہر چھ مہینے کے بعد شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین کاپیوں کے لئے ۱/۲ آنے آٹھ آنے فی کاپی۔ مقصد:۔ سوشل اور مذہبی خبریں عورتوں اور بچوں کے لئے۔

دہلی پنچ:۔ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے چندہ تین روپے سالانہ یہ ایک ظریف اخبار ہے۔

دیان ورد ھک:۔ (گجراتی) بزارگیٹ سٹریٹ بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے مقصد:۔ مذہبی سوشل اخلاقی وغیرہ۔

ولیس اپکاری:۔ (تامل) منگلور سے ماہوار شائع ہوتا ہے مقصد عام مضامین۔

دلیپتی شترا :۔ (گجراتی) ہر جمعرات کو سوتی فالیہ سورت سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے دو روپے بیرونجات سے دو روپے تیرہ آنے مقصد :۔ عوام الناس کی خیرخواہی۔

دنیان پرکاش :۔ (انگلو مرہٹی) پونا سے ہفتہ وار نکلتا ہے ہوتا ہے چندہ سالانہ ایک روپیہ محصول ڈاک تیرہ آنے۔ مقصد :۔ سوشل ملکی اور تجارتی اصلاح۔

دنیان چکشا :۔ (ورنیکلر) بدھوار پیٹھ۔ پونا شہر سے ہر بدھ وار کو شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ دو روپے ہے۔ مقصد :۔ ملکی معاملات تجارت اور خبریں۔

دنیان ساگر :۔ (مرہٹی) کولھاپور سے ہر سوم وار کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت پانچ روپے تیرہ آنے۔ مقصد :۔ سوشل اور پولیٹیکل۔

دنیانا ڈویا :۔ (انگریزی اور مرہٹی) بمبئی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ ایک روپیہ تیرہ آنے۔ مقصد مذہبی اور سوشل۔

دین مترہ :۔ (مرہٹی) سوامی پرنٹنگ پریس کھیت واڑی روڈ بمبئی سے نکلتا ہے۔ مقصد :۔ عام خبریں۔

ڈ

ڈائجسٹ :۔ (انگریزی) ماہوار لاہور سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ پیشگی چار روپے اور مابعد پانچ روپے ہے۔ مقصد :۔ ہندوستانی مقدمات کے مختصر نوٹ اور دیگر قانونی مضامین۔

ڈائمنڈ :۔ (انگریزی) (منصوری)

سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔

ڈان سوسائٹیز میگزین :- (انگریزی)

۶۶ الو بازار اسٹریٹ کلکتہ سے مہینہ میں تین بار چار بار نکلتا ہے۔ سودیشی وغیرہ کی حمایت کرتا ہے۔

ڈالوسینسر ریکارڈ :- انگریزی

سی۔ ایم۔ ایس پریس کوٹیام سے دو مہینے میں ایک بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت ایک آنہ فی کاپی ولایتوں کے لیے دو آنے فی کاپی۔ پوسٹیوں کے لیے
مقصد: مشنری خبریں وغیرہ۔

ہشیار پور

ڈوریگن :- (انگریزی)

سے ماہوار ۱۲ آنے فی کاپی قیمت پر شائع ہوتا ہے۔

ڈفیوژن آف نالج ایجنسی :- (تامل) ٹریپلیکن مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپے پتلے کاغذ اور پانچ روپے موٹا کاغذ۔ مقاصد: دیہاتی لوگوں میں حفظان صحت کی ترقی کا خیال پھیلانا اور عام واقفیت بہم پہنچانا۔

ڈائنیا ورت :- (مرہٹی) کولہاپور بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ۔ مقصد: سوشل۔ ملکی۔ مذہبی۔ اور دیگر مضامین۔

ڈھاکہ گزٹ :- (بنگلہ و انگلش) ڈھاکہ سے ہر سوموار کو چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ چندہ چھ روپے سالانہ۔ مقصد ملکی اور سوشل مضامین۔

ڈی اے وی کالج میگزین :- (انگریزی)

ریاستہ اینگلو ویدک کالج لاہور سے نکلتا ہے۔ طلبہ کے لئے مفید مضامین اور عام تعلیمی خصوصاً آریہ ہمت کی خبریں شائع ہوتی ہیں۔

ڈیلی پوسٹ :- (انگریزی)

۱۸۹۱ء سے [illegible] بنگلور سے روزانہ شائع ہوتا ہے

سالانہ قیمت چار تین دو روپے حسب مقدرت - مقصد :- خبریں -

ڈیلی ٹیلیگراف اینڈ دکن ہیرلڈ :- (انگریزی) پونا سول لائنز سے روزانہ شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ تیس روپے - مقصد :- آزادانہ رائے

ڈیلی کمرشل سیلز رپورٹ :- (انگریزی) (ایڈ واسٹریٹ بمبئی سے روزانہ نکلتا ہے مقصد بمبئی کی روزانہ تجارت درآمد برآمد و مقامی کے متعلق ضروری

ذ

ذو القرنین :- (اردو) بدایوں سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ تین روپے ہے - مقاصد :- تعلیمی ترقی - سوشل ریفارم - اصلاح رسوم تمدن اور فن زراعت کی ترقی -

---

ر

راجپوتانہ گزٹ :- (اردو) اور ہندی) چراغ راجستان پریس سے بازار پرانی منڈی اجمیر سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے قیمت رئیسوں سے دس روپے اور حکام سے پانچ اور طلباء سے تین روپے آٹھ آنے مقصد :- راجپوتانے کے متعلق اور عام خبریں - سوتی بیگم صاحبہ مولوی مراد علی صاحب ہوشیار مرحوم اس کے مالک ہیں -

راجپوت گزٹ :- (اردو) لاہور سے ہفتہ وار نکلتا ہے خصوصاً راجپوت قوم کا اصلاح اس کا مقصد ہے - قیمت سالانہ تین روپے

راجپوت ہتکاری :- (اردو) مہینے میں دو بار لاہور سے نکلتا ہے قیمت سالانہ دو روپے - مقصد راجپوتوں کی بیشتر و نانسط براداری کی اصلاح

راجستان سماچار:۔ (ہندی) اجمیر سے ہر پیر اور ہفتے کو روزانہ شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ پانچ روپے معہ محصول مقاصد:۔ ملکی قومی مذہبی اور تجارتی خبریں

راجپوتانہ گزٹ:۔ (دیکھو کیپوز تھلہ اخبار)

راواشنڈ و:۔ (بنگالی) کرشن پریس ڈھاکہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت ایک روپیہ سالانہ مقصد:۔ لٹریری اور سوشل ریفارم

راست گفتار و ستیہ پرکاش:۔ (انگریزی و گجراتی) بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے قیمت چھہ روپے سالانہ سات روپے آٹھ آنے معہ محصول ایک ہفتہ وار اینگلو ورنیکلر اخبار ہے۔

راسک مترا:۔ (دیوناگری ہندی) چوک کانپور سے ہر مہینے کی پچیس تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ چار آنے۔ مقاصد:۔ شعر و سخن

رائل کرانیکل:۔ (انگریزی) کلکتے سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ پندرہ روپے ہندوستان کے سفر تاروں وغیرہ کا واحد اور ممتاز اخبار ہے

راوی:۔ (تیلگو) کوکناڈا سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:۔ مذہبی۔

رسالہ خلاصہ نظائر:۔ (اردو) علیگڈھ سے ہر پہلی اور پندرہویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے چار آنے مقصد قانونی مضامین۔

رسالہ ہر ولعزیز:۔ (اردو) علیگڈھ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ دو آنے ناول اور دیگر مفید مضامین مہیا کرنا۔

رشامرت:۔ (انگریزی اور مرہٹی) روزانہ بمبئی سے شائع ہوتا ہے

رشی دیانند: - (اردو) لاہور سے ہفتہ وار نکلتا ہے آریہ سماج کی ایک پارٹی کا آرگن ہے۔

رشی وِدیا: - (سنسکرت و گجراتی) بمبئی سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد: ہندوؤں کا مذہبی علم اخبار ہے۔

رشی وِدیا میگزین ۱۹۰۱ء میں جاری ہوا انگریزی گجراتی میں ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ چار آنے مقصد مذہبی سوشل اور اخلاقی۔

رفیق نسواں: - (اردو و ہندی، الگ الگ) ہندی اڈیشن کا نام ابلا ہتکارک ہے لکھنؤ میتھوڈسٹ مشن پریس سے روزانہ شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ

رفیق پنج: - (اردو) مرادآباد سے ہفتہ وار نکلتا ہے پنچانہ مضامین لکھتا ہے قیمت سالانہ چار روپے۔

رنگ پور دِکپرو کاش: - (بنگال، کالینہ رنگ پور سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے بارہ آنے معہ محصول مقصد: ملکی سوشل اور مذہبی۔

رنگون اڈورٹائزر: - (انگریزی) انتھاوادی پریس رنگون سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت چھ روپے آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد: ہفتہ وار کی خبریں اور اشتہارات۔

رنگون اسپیکٹیٹر: - (انگریزی) رنگون سے ہفتہ وار نکلتا ہے کانگریس سے اپوزیشن پارٹی کا آرگن ہے قیمت سالانہ آٹھ روپے۔

رنگون ٹائمز: - رنگون سے اتوار کے سوا کے ہر روز شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے چالیس روپے مفصلات سے بیالیس روپے۔

رنگون ڈایوسیسن کوارٹرلی پیپر:۔ (انگریزی)

(سہ ماہی) واوی پریس

رنگون سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے سالانہ ایک عیسائی مذہبی رسالہ ہے۔

رنگون کمرشیل اڈورٹائسرز:۔ (انگریزی)

۱۰ مرچنٹ اسٹریٹ

رنگون سے نکلتا ہے مقصد: تجارتی۔

رنگون گزٹ:۔ (انگریزی)

"رنگون گزٹ" پریس رنگون سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ قیمت لوکل چار روپے مفصلات سے پانچ روپے ماہوار ویکلی بجٹ سات روپے سہ ماہی مقصد خبریں۔

رنگون گورنمنٹ ٹیلیگراف گزٹ:۔ (انگریزی)

(روزانہ)

ساڑھے نو بجے صبح بارہ بجے دوپہر ڈھائی بجے بعد دوپہر اور پانچ بجے شام کے اور اتوار کے روز دس بجے صبح اور پانچ بجے شام کے گورنمنٹ ٹیلیگراف پریس رنگون سے شائع ہوتا ہے قیمت بارہ روپے ماہوار مقصد سٹیمروں کی نقل و حرکت ہندوستان اور غیر ممالک کے تار خبروں کی وہرکی اوسطے پیشتر خبروں کی فہرست۔ وغیرہ وغیرہ۔

روہیلکھنڈ گزٹ:۔ (اردو) بریلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان کے لئے تین روپے ممالک غیر چھ روپے مقاصد: ملکی اور سوشل۔

رسٹمیر: (اردو) ۱۸۸۶ء میں جاری ہوا مراد آباد سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ پانچ روپے۔ مقصد: پولیٹکل مضامین۔

ریاض الاخبار: (اردو) گورکھپور سے ہفتہ وار میں دوبار

شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۱۲ روپے۔ مقصد:۔ سوشل۔ ملکی اور علمی۔

ریاض فیض: پہلی طوبت سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد عام خبریں۔

ریسنگ کیلنڈر:۔ کلکتہ ٹرف کلب کے لئے تھیکر سپنک اینڈ کمپنی کے پریس میں پانزدہ روزہ چھپتا ہے۔ قیمت سالانہ ۱۲ روپے اس اخبار کا اینول (سالانہ جلد) بھی چھپتی ہے۔ قیمت پانچ روپے

ریفرنس شیٹ آف کاٹن اسپننگ اینڈ ویونگ ملز ان انڈیا:۔ (انگریزی)

۲۷،

میڈ و اسٹریٹ بمبئی سے سہ ماہی نکلتا ہے۔ مقصد: سوتی پارچہ بافی کے متعلق مضامین۔

ریلوے:۔ (انگریزی) (کلکتے سے

ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت دس روپے سالانہ اس میں ریلوے سڑکوں نہروں اور محکمہ تعمیرات کے متعلق حالات درج ہوتے ہیں۔

ریلوے ٹائمز:۔ (انگریزی)

ایجوکیشن سوسائٹی پریس بمبئی سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:۔ ریلوے کے متعلق مضامین۔

ریویو آف ریلیجنس:۔ (انگریزی اردو)

(قادیان ضلع گورداسپور سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ انگریزی اڈیشن چھ روپے اردو اڈیشن دو روپے۔

ز

زبان:۔ (اردو) دہلی سے ماہوار نکلتا ہے زبان اردو میں مقصد ہو
قیمت دو روپے سالانہ۔

زمانہ:۔ (اردو) ہر مہینے مطبع قیصری بریلی سے شائع ہوتا ہے
چندہ سالانہ اعلیٰ کاغذ تین روپے۔ معمولی کاغذ دو روپے۔ مقصد۔ ملکی۔ اخلاقی
قومی علمی وغیرہ۔

زمیندار:۔ (اردو) ہر مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے قیمت
سالانہ تین روپے۔ مقصد:۔ زراعت کاشتکاری وغیرہ۔

زمیندار کاشتکار:۔ ماہوار بجنور سے نکلتا ہے زمیندار
اور کاشتکاروں کے حقوق اور حفاظت زراعتی کا اشاعت مضامین اس
کا مقصد ہے قیمت سالانہ دو روپے۔

زوراسٹرین کیلنڈر:۔ (گجراتی) (وزنمان پریس بمبئی
سے سالانہ شائع ہوتی ہے۔

س

سادھو:۔ (اردو) لاہور سے ماہوار نکلتا ہے۔ سوشل اور مذہبی
مضامین نکلتے ہیں قیمت سالانہ

سارا سادی سندراریہ۔ (سنگالی) کولمبو سے ہر
منگل اور جمعرات کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھ روپے مقصد ملکی سوشل
علمی اور مذہبی

ساہتھیا سروج:- (ہندی) میرٹھ شہر سے ہر مہینے کی پندرہ تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ چودہ آنے مقصد: ملکی سوشل اور اخلاقی ہے۔

ساوتھ آف انڈیا آبزرور:- (انگریزی) اوٹکمنڈ سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد: زراعت۔ کھیل اور عام خبریں۔

ساوتھ ارکاٹ ڈسٹرکٹ گزٹ:- (انگریزی) کڈلور سے ہفتہ وار نکلتا ہے سرکاری گزٹ ہے۔

سانج مورتمان:- (گجراتی) منٹ روڈ بمبئی سے روزانہ نکلتا ہے مقصد: عام مضامین اور خبریں۔

سبھا سچکا:- (انگلو ورنیکل) ستارہ سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد سوشل و پولٹیکل۔

سبتھ اوینکر:- (برہمی) رنگون سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ نو آنے مقصد: انٹرنیشنل سنڈے سکول کی خبریں۔

سبتھ سکول پیپر:- (سگا کرین پوکرین اور برہمی) مشن پریس رنگون سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ نو روپے مقصد: انٹرنیشنل سنڈے سکول کے اسباق۔

سید ہ پترکا:- (انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے پانچ آنے مع محصول مقصد: مذہبی۔ قومی اور تعلیمی۔

سبک:- (بنگالی) ڈھاکہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ مقصد: مذہبی اور قومی۔

پیپم کورٹ سیسل:- گورنمنٹ پرنٹنگ آفس کولمبو سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھ روپے اور [illegible]

سنٹ ۔

ستارہ ہند:۔ (اردو) مراد آباد سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت عوام سے تیرہ روپے دس آنے مقصد:۔ ملکی اور عام خبریں مضامین۔

ست دھرم پرچارک:۔ (ہندی) آریہ سماج کی پارٹی کا آرگن ہے۔ ہفتہ وار کانگڑی ہردوار سے شائع ہوتا ہے۔ مقصد:۔ مذہبی اور سوشل۔

ست سنگ:۔ (اردو) (متعلق سوک سرامرتسر) پندرہ روزہ نکلتا ہے قیمت سالانہ مقصد:۔ اخلاقی و مذہبی۔

ستوا سدھانی:۔ (تلنگو) مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد:۔ علم ادب۔ سائنس فلسفہ اور مذہب۔

سپیسہ پیکا:۔ (باتصویر، کناری) انگلور سے پانزدہ روزہ شائع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے ایک عیسائی مذہبی رسالہ ہے۔ ملکی۔

ستیہ وانھا پتھو کرالیان:۔ (تامل) جفنہ سے پانزدہ روزہ شائع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ اور پچیس ۲۵ سینٹ مقصد:۔ مذہبی اور ملکی۔

سنتیاوکت:۔ (گجراتی) سرسوتی پرنٹنگ ورکس بمبئی سے مہینہ میں دو بار نکلتا ہے۔ مقصد عام خبریں۔

سچنا پترکا:۔ (تامل) انکلیس پریس ناگاپٹم سے ہر سوم وار کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان کے لئے چار روپے اور نو آبادیوں کے لئے پانچ روپے۔ مقصد:۔ سوشل و اخلاقی۔

سنجا کرنی سدھاکر:۔ (ہندی دیوناگری) اودے پور سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپے محصول ڈاک آٹھ آنہ مقصد اخلاقی تاریخی اور عام مضامین اور خبریں۔

سنجیونی :۔ (بنگالی) ماہوار ۱۳ اسپکناتش اسٹریٹ کلکتہ سے نکلتا ہے قیمت سالانہ عہ

سدھارکا :۔ (مرہٹی) پین ضلع کولابہ سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ تیرہ آنے۔ مقصد :۔ مذہبی اور ملکی خبریں۔

سراج الاخبار :۔ (اردو) ہر دوشنبہ کو جہلم سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے تیرہ آنے۔ مقصد :۔ عام واقعات اور عجیب شائع کرنا۔

سرسد وانارجھی :۔ (ہندی) ۱۶ کراس سٹریٹ کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ پندرہ روپیہ۔

سرسوتی :۔ (تلنگو) کوکنڈا سے ماہوار نکلتا ہے مقصد :۔ علمی واخلاقی۔

سرسوتی مندر :۔ (مرہٹی) بمبئی سے مہینہ میں دو بار شائع ہوتا ہے۔

سفیر روزگار :۔ (اردو) ہر مہینے میں چار بار آگرہ سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت اہل شہر سے چار روپے۔ مفصلات سے پانچ روپے۔ مقاصد :۔ گورنمنٹ کی خیرخواہی اور لٹریچر وغیرہ کی ترقی۔

سری وونی ولاسینی :۔ (تامل) ترچناپلی سے ماہوار نکلتا ہے باتصویر رسالہ ہے۔

سری راجہ یوگی :۔ (انگریزی و تلنگو) کوکنڈا سے ہر سوموار کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے مقصد مذہبی۔ اخلاق، ادب، پالٹیکس۔

سری ونیشر سماچار :۔ (ہندی) ہاڑگام سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے۔ مقصد :۔ ملکی سوشل مذہبی تعلیمی اور اخلاقی۔

ستھرا انگتاوتی :۔ (سنسکرت) کمبھکونم سے ماہوار نکلتا ہے مقصد

مذہبی۔

سفیر برار:۔ (اردو) امراوتی سے ہفتہ وار نکلتا ہے عام خبریں لکھتا ہے قیمت سالانہ ۱۲

سفیر قیصر:۔

سفیر گورنمنٹ:۔ (دیکھو ناظم الہند)

سکا کاری۔ پارسی آرٹیچ پریس بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے

سلاوادینک:۔ (بنگالی) کلکتے سے روزانہ شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے پانچ روپے اور مفصلات سے دس روپے محصول مقصد: ملکی خیرخواہی۔

سلپا و سپنیا۔ (بنگالی) ۱۳۰ ولنگٹن اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے قیمت سالانہ عہ۔ مقصد: آرٹ و لٹریچر کی ترقی۔

سماج:۔ (بنگالی ٹائمز) چار ڈلیس لین کلکتے سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے۔ مقصد:۔ سوشل۔ اخلاقی تجارتی وغیرہ

سمالوچن:۔ (بنگالی) ۲۰ کارنواس اسٹریٹ کلکتے سے ماہوار نکلتا ہے۔ قیمت سالانہ عہ۔ مقصد:۔ لٹریری و سوشل۔

سمارتھ:۔ (ہندی) ریاست کولہاپور (احاطہ بمبئی) سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ ہر قسم کے مفید مضامین پر بحث کرنا اس کا مقصد ہے۔

سملوچک:۔ (گجراتی) زمانا ساگر پریس بمبئی سے مہینے میں تین بار نکلتا ہے

سناتن دھرم گزٹ:۔ (پنجابی) لاہور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے آٹھ آنہ۔ ٹھیک سناتن دھرمی مذہبی رسالہ ہے

سنٹرل پراونشز سول لسٹ۔ سہ ماہی وار

ایک روپیہ بلا محصول ڈاک۔ صوبجات۔ ضلع کے حکام سول کے ناموں کی فہرست ہے۔

سنٹرل پراونسز گورنمنٹ گزٹ:۔ (انگریزی و ہندی) ناگپور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ انگریزی ایڈیشن کے لئے سات روپے چار آنے بلا محصول اور نو روپے مع محصول ہندی اڈیشن کے لئے چار روپے سالانہ۔

سنٹرل پراونسز لا رپورٹس:۔ (انگریزی) ناگپور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپے۔ مقصد: قانون کی اشاعت۔

سنجانی:۔ (گجراتی) جام جمشید پریس بمبئی سے روزانہ نکلتا ہے مقصد: عام خبریں۔

سنجی بنی:۔ (بنگالی) کلکتے سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے سالانہ۔ مقاصد: اخلاقی۔ قومی۔ اور مذہبی اصلاح

سنچری پبلشنگ کمپنی اڈورٹائزر:۔ (انگریزی) بانگلا بمبئی سے ہفتہ وار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے مقصد اشتہارات شائع کرنا۔

سندھ آفیشل گزٹ:۔ (انگریزی و سندھی) کراچی سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ مع محصول ڈاک چھ روپے ۱۲ آنے مقصد: سرکاری احکام شائع کرنا۔

سندھ ٹائمز:۔ (انگریزی) کراچی سے ہر جمعرات اور اتوار کو شائع ہوتا ہے قیمت بارہ روپے سالانہ

مقصد :۔ ملکی و قومی۔

سندھ سدھار :۔ (عربی و سندھی) سندھ گزٹ اور کمرشل پریس کراچی کی طرف سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپے۔ مقصد ملکی اور قومی اور عام معاملات پر رائے زنی۔

سندھ گزٹ :۔ (انگریزی) کراچی سے پیر اور جمعہ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے بیس اور مضافات سے چھبیس روپے۔ مقصد :۔ پولٹیکل اور سوشل۔

سندھ گزٹ :۔ (عربی سندھی) کمرشل پریس کمپنی اور سندھ گزٹ کی طرف سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپے مقصد ملکی اور قومی ترقی۔

سنڈے سکول نوٹس :۔ (تامل) انگرکوئل سے سہ ماہی وار نکلتا ہے عیسائیوں کا مذہبی اخبار ہے۔

سن آف انڈیا :۔ (انگریزی) ہفتہ وار بنارس سے نکلتا ہے۔ مقصد :۔ ہندوستانیوں میں اصلی حب وطن کی روح پیدا کرنا۔

سنسکرت جرنل :۔ (انگلو سنسکرت) کنڈبا کونم سے ماہوار نکلتا ہے۔

سنگبا و پربہا کار :۔ (بنگالی) کلکتے سے روزانہ شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ دس روپے غربا سے صرف تین روپے مقصد مارل سوشل اور پولٹیکل۔

سنگت پاؤ کا شیکا :۔ (بنگالی) ۲۰۹ عل کارنواس اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے۔ قیمت سالانہ ڈھائی روپے۔ مقصد :۔ موسیقی کی تعلیم اور اس کی اشاعت

سمرگا پرو دیپنی :۔ (تلنگو) ہرا دلاپی پلارتی سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے چار آنے مقصد :۔ مذہبی و اخلاقی

ترقی

سوادیشی مترم :- (تامل) مدراس سے ہر شام کو شائع ہوتا ہے قیمت چودہ روپے سالانہ۔ مقصد:۔ ملکی اور قومی مضامین۔

سوادیشی :- (بنگالی) ۹۰ بیڈن اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے مقصد:۔ سودیشی کی ترقی۔

سوتھ انڈین پوسٹ :- (انگریزی) ناگاپٹم سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے قیمت بارہ روپے محصول مقصد:۔ عام

سوتھ انڈین ریلوے گائیڈ :- (انگریزی) از ترچناپلی سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے قیمت دو آنے۔ مقاصد:۔ رہنمائی۔

سوداگر :- (اردو) متھرا سے ہفتہ وار نکلتا ہے زیادہ تر تجارتی خبریں لکھتا ہے قیمت سالانہ ڈھائی روپے۔

سوراسوبندارسیہ :- چلیہ کولمبو سے ہر منگل اور جمعہ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ شہر والوں سے پانچ روپے مفصلات سے چھ روپے۔ مقصد:۔ بدھ مذہب کے معاملات اور سنگالی زبان میں خبریں۔

سورج پرکاش :- (اردو) امرتسر سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپے چھ آنے۔ مقاصد:۔ علمی۔

سول اینڈ ملٹری آرگن :- (اردو) لودیانہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:۔ سوشل پولیٹیکل وغیرہ قیمت تین روپے سال

سول اینڈ ملٹری گزٹ :- (انگریزی) ۱۸۷۲ء سے روزانہ لاہور سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ اڑتالیس روپے ششماہی اٹھائیس روپے اینگلو انڈین اخبار ہے۔

سول اینڈ ملٹری نیوز :- (اردو) لودیانہ پنجاب سے ہفتہ

وار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ چار روپے ۱۲ آنے محصول ڈاک معاف مقصد فوجی اور سوشل خبریں۔

سونری :۔ (تلیگو) کوکناڈا سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد :۔ عورتوں کی تعلیم

سوورنا لیکھا :۔ (تلیگو) آسور۔ سے ماہوار نکلتا ہے

سنجیبا :۔ (بنگالی) ۱۲ اسمبا ہاری سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے۔ قیمت سالانہ ہے

سنجیبا سنجتا :۔ (بنگالی) ۱۰/۶ اکر سے سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے قیمت سالانہ عہ

سیاح الاسلام :۔ (اردو) مدرسۃ الہیات کانپور سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد :۔ اسلام کی حمایت اور اس کے متعلق اعتراضات کا جواب

سیالکوٹ پیپر :۔ (اردو) سیالکوٹ سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے پانچ روپے اور اہل شہر سے چار روپے۔ مقاصد :۔ ملکی سوشل اور نارمل مضامین۔

سیلون ابزرور :۔ (انگریزی) کولمبو سے ہوشنبہ کو ... شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چوبیس روپے بلا محصول ڈاک مقصد تمام قوموں مذہبوں اور فرقوں میں باہم ... پیدا کرنا۔

سیلون اگزامینر :۔ (کولمبو سے ہر شام کو شائع ہوتا ہے چندہ بارہ روپے پچاس سینٹ سالانہ لوکل اٹھارہ روپے پچاس سینٹ دیگر مقامات۔

سیلون سپرائٹ اینڈ ویکلی اڈورٹائزر

انگریزی

جافنا سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ سیلون اور ہندوستان ... روپیہ پیشگی ممالک یورپ سات روپے پانچ آنے مقاصد پولیٹیکل سائنس

اور لٹریچر۔

سیلون چرچ مشنری گلینر :۔ (انگریزی)

(کولمبو سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ پچاس سینٹ ہے مقصد۔ مذہبی اور مشنری خبریں۔

سیلون ریویو :۔ (انگریزی)

کولمبو سے چار روپے سالانہ پیشگی اور پانچ روپے مابعد قیمت پر شائع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی پینتالیس سینٹ معہ محصول ڈاک مقاصد لٹریچر اور ملکی معاملات۔

سیلون کیتھالک میسنجر :۔ (انگریزی)

(سینٹ لوسیا پریس کولمبو کی طرف سے ہر منگل کو اور جمعہ کو شائع ہوتا ہے چندہ آٹھ روپے سالانہ مقصد: سیلون کی مذہبی۔ سوشل اور ملکی حالت پر بحث کرنا

سیلون گورنمنٹ گزٹ :۔ (انگریزی سنگالی تامل)

(گورنمنٹ پرنٹنگ آفس کولمبو سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ روپے مقصد قانونی احکامات اور اشتہارات کا شائع کرنا وغیرہ سنگالی اور تامل کے لئے سالانہ چندہ تین روپے۔

سیلون ہینڈ بک اینڈ ڈائرکٹری :۔ (انگریزی)

(اے ایم اینڈ جے فرگوسن (کولمبو) کے ہاں سے سالانہ نکلتی ہے۔ مقصد (سیلون سے متعلق ہر قسم کی اطلاع۔

سینٹ انڈریو :۔ (انگریزی)

کلکتہ سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت آٹھ آنے مقصد ہندوستان

ایبرسینیوں میں چرچ آف سکاٹ لینڈ کے کام کے حالات وغیرہ۔

سینٹ انیڈرروز کالونسپل ہوم میگزین (انگریزی)

ماہوار کلکتے سے نکلتا ہے۔ گیارہ ہزار کاپیاں ہندوستان میں مفت تقسیم ہوتی ہیں۔

سینٹ متھیاس اپیرچول امیگزین:۔ (انگریزی) ماہواری مدراس سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی تین آنے ایک عیسائی مذہبی رسالہ ہے۔

سیوک:۔

ش

شیاما چنتک:۔ (ہندی) ایک ہفتہ وار اخبار۔ قیمت طلباء اور استادوں سے ایک روپیہ آٹھ آنے معہ محصول ڈاک

شیاما سچکا:۔ (بنگلہ) نیکول سنارا شہر پچھم بھوانی سے ہر جمعہ کی شام کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ ملکی۔ تجارتی اور عام خبروں کا ایک علمی اخبار

شتکاری:۔ (مرہٹی) امراؤتی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے چھ آنے۔ مقصد:۔ زراعت۔

شحنہ ہند و طوطی ہند:۔ (اردو) میرٹھ سے ہر مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپے۔ مقاصد:۔ گورنمنٹ کی

خیر خواہی مسلمانوں کو شرک و بدعت سے بچانا حمایت اسلام

شمس الاخبار :- (اردو) ٹریپلیکین مدراس سے ہر سوموار کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ۲ روپے چودہ آنے - مقاصد :- ملکی سوشل اور مذہبی -

شمس الحکمت :- (اردو) مقام پیر بخش چھر ڈاک خانہ ڈھرہ ضلع لاڑکانہ سندھ سے ماہوار نکلتا ہے

شمس النہار :- اردو پرچہ ماہوار مراد آباد سے نکلتا ہے قیمت عوام سے ۱۲ر - مقاصد :- ملکی و اخلاقی مضامین کی اشاعت کرنا

شمس بنگالہ :- (اردو) کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے - قیمت سالانہ دو روپے ہے سوائے پولیٹیکل ہر قسم کے مفید مضامین کی اشاعت اس کا مقصد ہے -

شملہ بلیٹن :- (انگریزی) شملے سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے اور لوگوں میں مفت تقسیم ہوتا ہے - مقصد :- اشتہارات

شملہ کوریر :- (انگریزی) شملے سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے اور لوگوں میں مفت تقسیم ہوتا ہے - مقاصد :- اشتہارات -

شملہ نیوز :- (انگریزی) شملے سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ سات روپے چار آنے ایک آزاد کنسرویٹو اخبار ہے -

شمیم ہند : جنوبی ہند کے کسی مقام سے نکلتا ہے

شوکت اسلام :- (اردو) حیدر آباد دکن سے سنہ ۱۸۸۱ء سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ بارہ روپے ریاست کے آزادانہ معاملات کو ترقی دینا - اس کا انگریزی ایڈیشن دکن جرنل ہے

شیر ببر :- (اردو) لاہور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے سکھوں کا

ارگن ہے قیمت سالانہ چار روپے۔

ص

صحیفہ:۔ (اردو) بجنور سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چھ روپے اہل شہر اور کم استطاعت لوگوں سے چار روپے مقصد ملکی و اخلاقی اور علمی ترقی۔

صحیفہ:۔ (اردو) حیدرآباد سے ماہوار نکلتا ہے علمی مضامین شائع کرتا ہے۔

صدری ہند و میونسپل گزٹ:۔ (اردو) لاہور ہفتہ وار یک جا نکلتے ہیں۔ میونسپل گزٹ میں سیلوں میونسپلٹیوں کے حالات ہوتے ہیں اور صدائے ہند میں عام مضامین ہوتے ہیں قیمت سالانہ عگا

صلائے عام:۔ (اردو) دہلی سے ماہوار نکلتا ہے عام مذاق کے مضامین لکھتا ہے۔

صبح و بہار:۔ (اردو) میرٹھ ماہوار نکلتا ہے قیمت سالانہ ؏ نظم و نثر مضامین لکھتا ہے۔

ض

ضیاء الاسلام:۔ (اردو) امرتسر سے ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ پیشگی مع محصول ایک روپیہ چار آنے اہل شہر سے ایک روپیہ۔ مقصد:۔ مسلمانوں میں اتفاق

اور بلمی پیدا کرنا۔ مخالفین اسلام کے اعتراضوں کے جواب دینا۔

ط

طب حیوانات: ۔ (اردو) میرٹھ سے آٹھ روپے چاند آنے سالانہ قیمت پر شائع ہوتا ہے۔ مقصد: طب حیوانات۔

طلسم حیرت مدراس پنچ :۔ (اردو) شریف پریس مونٹ روڈ سے مہینے میں تین بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپے پیشگی اور نو روپے مابعد۔ مقصد: عام خبریں اور لٹریچر۔

ع

عروج: ۔ (دیکھو مہر نیمروز بجنور)

عصر جدید: ۔ (اردو) میرٹھ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت مع محصول ڈاک تین روپے سالانہ۔ مقاصد: مسلمانوں کی تمدنی اصلاح اور قومی ترقی۔ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے سکشن اصلاح تمدن کا یہ آرگن ہے۔

عصمت: ۔ (اردو) دہلی سے ماہوار نکلتا ہے زنانہ مذاق کے مضامین شائع کرتا ہے قیمت سالانہ تین روپے

عطرِ فتنہ :- (اردو) فتنہ کے ساتھ گورکھپور سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مختلف شعرا کی چیدہ چیدہ نظمیں شائع کرتا ہے۔ قیمت مع فتنہ کے عسم سال ہے

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ :- (اردو انگریزی) ہر ہفتے کو علی گڈھ سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دس روپیے محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا آرگن ہے مقاصد:- قومی تعلیمی- اخلاقی ملکی وغیرہ-

علی گڈھ منتھلی :- (اردو انگریزی) ماہوار علی گڈھ سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپے ہے۔ محصول ڈاک معاف مقاصد:- اخلاقی- تاریخی- علمی اور قومی مضامین۔

ف

فتنہ :- (اردو) دفتر ریاض [illegible] گورکھپور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ مذاق کا ذرا سا پرچہ ہے۔ قیمت عطر فتنہ کی عسم سال ہے

فرینڈ آف انڈیا :- (انگریزی) سنہ ۱۸۳۰ء سے جاری ہے تین چورنگی روڈ کلکتے سے ہفتے وار شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت دس روپیے مع محصول ڈاک۔

فرینڈ آف برہما :- (برمی) رنگون سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت ماہوار ایک روپیہ محصول ڈاک علاوہ ایک دینکار اخبار ہے۔

فرینڈ آف مالابار (ملایلم) کھٹیام سے ماہوار نکلتا ہے مقصد:- مذہبی۔

فرینڈ آف مسلمین :۔ (انگریزی) بمبئی سے سنہ ۱۸۶۷ء سے جاری ہے ہر ہفتے کو دس روپے سالانہ قیمت پر شائع ہوتا ہے قیمت فی کاپی ۴ آنے ہے۔ مقصد :۔ اشتہار۔ اڈیٹوریل۔ لوکل اور ممالک غیر کی خبریں۔

فصیح الملک :۔ (اردو) مارہرہ ضلع ایٹہ سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد اردو لٹریچر کی توسیع۔ قیمت سالانہ دو روپے۔

فلاور آف کینٹ :۔ (ملایلم) مناٹم (ٹراونکور) سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے رومن کیتھولک مشن کا پرچہ ہے۔

فلٹیلک جرنل آف انڈیا :۔ (انگریزی) ٹھیکر سپنک اینڈ کمپنی کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ پانچ روپے یا چھ شلنگ محصول ڈاک معاف۔ مقصد: پوسٹ ٹکٹوں کے متعلق مضامین

فور آنہ ریلوے گائیڈ :۔ ٹھیکر سپنک اینڈ کمپنی کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔

فورٹ سینٹ جارج گزٹ :۔ (انگریزی) گورنمنٹ پریس مدراس سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی آٹھ آنے اور سالانہ چار روپے مقصد: گورنمنٹ مدراس اور اس کے ماتحت مختلف محکموں کے احکام اور اشتہارات شائع کرنا وغیرہ۔

فورسا :۔ (گجراتی) بمبئی سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے چندہ تین روپے سالانہ ایک علمی رسالہ ہے۔

فیملی فرینڈ :۔ (ملایلم) کھٹیام (ٹراونکور) سے ماہوار نکلتا ہے مقصد: مذہبی

فیملی ڈاکٹر :۔ (اردو) لاہور سے ماہوار نکلتا ہے مقصد: اصول حفظان صحت

فینکس :۔ (انگریزی) کراچی سے ہر بدھ اور ہفتے کے روز شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے بارہ اور بیرونجات سے پندرہ روپے ہے۔ مقصد: عام رائیں

ق

قاسم الاخبار:۔ (بنگلور اردو) چام راج پریس دہ بنگلور سے ہر پیر اور جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت گورنمنٹ سے اٹھارہ روپے عوام سے نو روپے۔ مقصد:۔ ملکی معاملات سوشل اور تجارتی خبریں۔

قریشی میگزین:۔ (اردو) امرتسر سے ماہوار نکلتا ہے قریشی خاندان کی اصلاح مقصد ہے۔ قیمت تین روپے سال۔

قیصر الاخبار:۔ (اردو) کرنال پنجاب سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپے ۱۲ آنے۔ مقصد:۔ پولٹیکل اور سوشل مضامین پر بحث کرنا۔

قیصر ہند:۔ (گجراتی اور انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپے یا پانچ روپے دس آنے مع محصول ایک آزاد ترقی پذیر اخبار ہے۔

قیصری:۔ (مرہٹی) ساوتھ اشولوپا سے ہر منگل وار کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ تیرہ آنے مع محصول۔ مقصد:۔ ملکی تعلیم اور عام معاملات پر آزادانہ بحث کرنا۔

ک

کاٹھیاوار ٹائمز:۔ کاٹھیاوار سے انگریزی میں روزانہ اور گجراتی میں ہفتہ میں دو دفعہ شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ اکیس روپے چار آنے مع محصول ڈاک۔

کار وینشن :- (انگلو گجراتی) سانج ورتمان پریس بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ مقصد عام دلچسپی کے مضامین۔

کاسموپالیٹن :- (انگریزی) اسکول پریس بھوانی پور کے طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپے مقصد:- سائنس اور آزادانہ خیالات کو پھیلانا۔

کاسموپولیٹن ریویو :- (انگریزی) کراؤن پرنٹنگ ورکس بمبئی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:- مفید عام مضامین۔

کاشتکار :- (اردو) جے پور سے ماہوار نکلتا ہے زراعتی میں لکھتا ہے۔ قیمت [illegible] ۱۲ ر سالانہ

کاشف الاخبار :- (اردو) گرگام بمبئی سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ روپے۔ مقصد:- عام اور سیاسی مشغلہ خبریں

کاشی پوربباشی :- (بنگالی) کاشی پور پریس بارلیسال سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ لوکل ایک روپیہ بذریعہ ڈاک ایک روپیہ آٹھ آنے مقصد:- ملک کی خیرخواہی۔ لیکل عدالتوں اور دیگر لوگوں کے اشتہارات فروخت کرنا۔

کال :- (مرہٹی) پونا سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد:- پولیٹیکل ہے قیمت سالانہ چھ روپیہ۔

کانپور ایجنسی گزٹ :- (انگریزی) ۵ چھاؤنی کانپور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے مقصد:- لوکل خبریں اور اشتہارات

کایستھ [illegible] :- (اردو) لکھنؤ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے مقصد کایستھ قوم کی اصلاح۔ قیمت سالانہ کایستھ [illegible] سے [illegible]

کایستھ کانفرنس گزٹ :- (اردو) لکھنؤ سے [illegible]

دو بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے۔ مقصد سوشل اور اخلاقی ترقی کالستھوں کی خصوصاً اور عوام کی عموماً۔

کوئمبٹور گزیٹ:۔ (انگریزی اور تامل) کوئمبٹور سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپے۔ مقاصد:۔ علمی سوشل ملکی اور مذہبی۔

کنیلاتا:۔ (تلیگو) ورنگا ٹیم سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔

کپورتھلہ اخبار:۔ (اردو) باسم دیگر راجندرا گزٹ ریاست کپورتھلہ سے نکلتا ہے۔ عام خبریں اور خصوصاً ریاست کی خبریں لکھتا ہے۔

کڈاپا ڈسٹرکٹ گزٹ:۔ (انگریزی) کڈاپا سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ سرکاری گزٹ ہے۔

کرالانرا نکا (ملایلم) کشیام (ٹراونکور) سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد:۔ عام خبریں۔

کرال کوکل:۔ (مرہٹی) زنانیا ساگر پریس بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔

کرالو پچری:۔ (ملایلم) بنگلور سے ماہوار شائع ہوتا ہے پبلیشن کا مذہبی ہے۔

کرزن گزٹ:۔ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت چار روپے سالانہ۔ مقصد:۔ علمی، مذہبی، تہذیبی۔

کرسچن پیٹر ایٹ:۔ (انگریزی) میتھوڈسٹ ایپسکوپل پبلشنگ ہاؤس مونٹ روڈ مدراس سے کی طرف سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ ہندوستان برہما اور سیلون کے لئے سالانہ چندہ پانچ روپے غیر ممالک کے لئے چھ روپے۔ مقصد:۔ عیسائی مشنریوں اور ہندوستانی عیسائیوں کے حالات۔

کرسچین فرینڈ :۔ (تامل) ریلیجس ٹریکٹ سوسائٹی جافنا واقع سیلون کی طرف سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے۔

کرسچین کالج میگزین :۔ (انگریزی) ۱۸۸۳ء سے جاری ہے ہر مہینے کی دسویں تاریخ کو ایم۔ اے پی پریس مدراس کی طرف سے شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ چار روپے محصول ڈاک ۱۰ آنے مقصد:۔ علم ادب فلسفہ سائنس اور مذہب۔

کرسچین میسنجر :۔ (انگریزی) اگرکوئل سے ماہوار نکلتا ہے مقصد۔ عیسوی تعلیم کی اشاعت۔

کرسٹو بند ہاب :۔ (بنگالی) ہر مہینے کی پچیس تاریخ ہیپٹسٹ مشن پریس کلکتے سے شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ ۱۲ آنے ایک عیسائی مذہبی اخبار ہے۔

کرناٹک پترا :۔ (انگریزی) ادھارواڑ سے ہر پیر کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے۔ علاوہ محصول ڈاک مقصد مذہبی ملکی اور سوشل ہے۔

کرناٹک گرنتھ مالا :۔ (کناری) میسور سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے آٹھ آنے مقصد:۔ علمی۔

کرنٹ انڈکس آف انڈین کیسز :۔ (انگریزی) ترچنا پلی سے سہ ماہی وار نکلتا ہے مقصد قانونی۔

کرنول ڈسٹرکٹ گزٹ :۔ (انگریزی) سرکاری گزٹ ہے جو کرنول سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔

کریا میلا :۔ (سنسکرت) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے مقصد:۔ مذہبی و اخلاقی۔

کریشک :۔ (بنگالی) ۶۲ سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے قیمت سالانہ دو روپے مقصد زراعت و باغبانی۔

کریمنل اجرنل :۔ (انگریزی) لاہور سے ماہوار نکلتا ہے فوجداری

قانون کی نظائر وغیرہ شائع کرتا ہے قیمت سالانہ ۱۲ روپیہ۔

کشمیر درپن:۔ (اردو) سری نگر سے ماہوار نکلتا ہے۔

کشمیری میگزین:۔ لاہور سے ماہوار اردو زبان میں نکلتا ہے کشمیریوں کی اصلاح کے لئے ہر قسم کے مضامین لکھنا اس کا خاص مقصد ہے قیمت سالانہ عہم

ککس اورینٹل ٹریولرس گزٹ اینڈ ہوم اینڈ فارن اڈورٹائزر:۔ (انگریزی) بمبئی سے ماہوار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مسافروں کے لئے ہر قسم کی واقفیت بہم پہنچائی جاتی ہے اور ہندوستانی بندرگاہوں سے جہازوں کی روانگی (دنیا کے ہر چہار طرف) کے متعلق کے حالات اس میں شائع ہوتے ہیں۔

کلاسیفائڈ لسٹ آف دی اگزامینر اینڈ اکونٹس اسٹیبلشمنٹ آف دی پبلک ورکس ملٹری ورکس اینڈ ٹیلیگراف ڈیپارٹمنٹس (انگریزی) انڈین ڈیلی نیوز پریس ۱۹ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتے سے سالانہ شائع ہوتی ہے قیمت دو روپے ہے۔

کلکتہ اڈورٹائزر:۔ (انگریزی) ۷ برٹش انڈین سٹریٹ سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ ماہواری ڈیڑھ روپیہ مقاصد تجارتی ہیں۔

کلکتہ اکسپورٹ ڈیلی لسٹ:۔ (انگریزی) کلکتہ سے ہر روز شائع ہوتی ہے قیمت سالانہ بانچ روپیہ مقاصد تجارتی امداد شائع کرنا۔

کلکتہ اکسپورٹ سمری:۔ (انگریزی) ۲ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتی ہے قیمت سالانہ ۱۰ روپیہ تجارتی

پانچ روپیے۔ مقصد تجارتی۔

کلکتہ امپورٹ ڈیلی لسٹ :۔ (انگریزی) یہ اخبار سرکاری تعطیلوں کے سوائے ہر روز چھپتا ہے۔ چندہ سالانہ پچاس روپیے۔ مقصد: تجارتی شمار و اعداد شائع کرنا۔

کلکتہ امپورٹ سمری :۔ (انگریزی) ۱۰ ہیں برٹش انڈین اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چھتیس روپیے فی کاپی پانچ روپیے۔ مقصد: تجارتی۔

کلکتہ ایکسچینج گزٹ اینڈ ڈیلی اڈورٹائزر :۔ (انگریزی) لیون رینج کلکتہ سے اتوار کے سوائے ہر روز شائع ہوتا ہے اور مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد: کاروبار کے متعلق اشتہارات کا خاص ذریعہ۔

کلکتہ پرائس کرنٹ اینڈ منی مارکٹ رپورٹ (انگریزی) ہر منگل و جمعے کو بنگال چیمبر آف کامرس کی طرف سے چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ چندہ مع محصول ڈاک اکیس روپیے دو آنے۔ مقصد: سوداگری اس میں تجارت درآمد و برآمد کے صحیح اعداد اور قیمتیں دی جاتی ہیں۔

کلکتہ ٹریڈ کو رئیر :۔ (انگریزی) ۲۶ دھرم تلا اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد: نازک اشیا مثلاً زیورات۔ موتی۔ اور دیگر متفرق چیزوں کے اشتہارات

کلکتہ جرنل آف میڈیسن :۔ (انگریزی) ۷۱ سنکاری ٹولہ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پیشگی دس روپیے مابعد بارہ روپیے۔ مقصد: طبی اور دیگر سائنس۔

کلکتہ ریویو :۔ (انگریزی) سٹی پریس ۱۲ بہرا اسٹریٹ کلکتہ سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ سولہ روپیے۔ فی کاپی چار آنے مقصد: تواریخ سوانح عمریاں۔ ملکی معاملات۔ فلسفہ علم ادب۔ فنون نادرہ

زراعت۔ تجارت۔ قانون حالات سلطنت و حکومت اور اعداد و شمار۔

کلکتہ سائنیز آف دی ٹائمز:۔ (انگریزی) ۵۔ ڈی سٹورس لال بازار کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ ایک روپیہ چار آنے مع محصول۔ مقصد:۔ خاص طور سے اپنے کارخانے کے اشتہارات کا شائع کرنا۔

کلکتہ کسٹم ہاؤس ٹریڈز اینڈ نیویگیشن اکونٹس

انگریزی میں کلکتے سے شائع ہوتا ہے پہلی جلد پندرہ اگست کو اور دوسری جلد انیس ستمبر کو چھپتی ہے۔ چندہ سالانہ ہر دو جلد مع سالانہ رپورٹ کے ۲۰ روپے مقاصد بحری تجارت کے حالات۔

کلکتہ کمرشل گزٹ اینڈ ٹریڈ اڈورٹائزر

(انگریزی) ۱۴۱ اپر چیت پور روڈ سے ہفتہ وار شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ اشتہارات کے ذریعے سے ترقی تجارت۔

کلکتہ گزٹ:۔ (انگریزی) بنگال سیکریٹریٹ پریس کلکتے سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ لوکل خریداروں سے پندرہ اور مفصلات کے خریداروں سے بیس روپے۔ مقصد:۔ گورنمنٹ کے احکام اور نوٹسوں کو مشتہر کرنا۔

کلکتہ ویکلی لسٹ آف منیفسٹ آف ویسلز کلیرڈ:۔ (انگریزی) کلکتہ کسٹم ہاؤس سے ہر انگریزی مہینے کے جمعے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۱۰۰ روپے علاوہ محصول ڈاک زائد کاپی بیس ۲۰ روپے۔ مقصد:۔ تجارتی اعداد و شمار۔

کلکتہ ویکلی نوٹس:۔ (انگریزی) تین ہیسٹنگز سٹریٹ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دس روپے ششماہی پانچ روپے آٹھ آنے۔ سہ ماہی تین روپے۔ مقصد:۔ قانونی رپورٹیں اور واقعات وغیرہ۔

کلکتہ ہیرلڈ:- (انگریزی) کلکتہ سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد: عام خبریں قیمت ۱۲ روپیہ سال

کلکتہ یونیورسٹی میگزین:- (انگریزی) یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ کالج سکوئر کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیہ بیرونجات سے دو روپیہ آٹھ آنے سالانہ قیمت۔ تعلیم یونیورسٹی کی ترقی اور مختلف یونیورسٹیوں کے طلباء کا باہمی اتفاق

کمرشل سٹیٹمنٹ آف امپورٹس اینڈ ایکسپورٹس: گورنمنٹ پریس مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیہ آٹھ آنے مقصد تجارتی

کمرشل گزٹ:- (انگریزی) ۱۲ اپر سرکلر روڈ کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:- اشاعت اشتہارات درخواست کرنے پر مفت جاری ہوتا ہے۔

کملا:- (بنگالی) ۶۳ بیچو چٹرجی سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے قیمت سالانہ ۱۲ مقصد:- زراعت - سائنس - اگریکلچر

کوآپریٹو بینکس بلیٹن اینڈ گائیڈ عوام الناس:- ناظر قانون ہند پریس الہ آباد کی طرف سے ہر دو سرے مہینے شائع ہوتا ہے چندہ کو آپریٹو بینکیں (دیہاتی بینک) کے ممبروں کے لئے چودہ آنے اور عوام سے ایک روپیہ دو آنے مقصد: دیہاتی بینکوں سے متعلق تمام حالات کی رپورٹ۔

کوچین آرگس:- (انگریزی) ۱۳ ارنیس ٹویل روڈ کوچین سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ بارہ روپیہ تیرہ آنے مقصد: تاجروں کی اشاعت

کوچین گورنمنٹ گزٹ:- (انگریزی) کوچین سے ہر شنبہ کو نکلتا ہے سرکاری گزٹ ہے

کورگ ڈسٹرکٹ گزٹ:- (انگریزی اور

کناری) جبلپور پریس سرکار کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے محصول ڈاک بارہ آنے۔ مقصد: گورنمنٹ کے احکام کی اشاعت۔

کوکب ہند:۔ (رومن اردو اور انگریزی) لکھنؤ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپے۔ مقصد: مذہبی اور عام خبریں خو ڈسٹ ایپسکوپل چرچ شمالی ہند کا آرگن۔

کونزانیٹ ٹیکنی المیناک:۔ (انگریزی) یہ جنتری والال بازار سٹریٹ کلکتہ سے سالانہ شائع ہوتی ہے قیمت ایک روپیہ فی کاپی۔

کوئمبتور ڈسٹرکٹ گزٹ:۔ (انگریزی) کوئمبتور سے مہینہ میں دو بار نکلتا ہے سرکاری گزٹ ہے۔

کوئمبتور کریسنٹ:۔ (انگریزی اور تامل) کوئمبتور سے مہینہ میں دو بار نکلتا ہے۔ مقصد: پولیٹیکل لٹریری و سوشل

کوہ نور:۔ (گجراتی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپیہ۔ مقصد: عمدہ سے عمدہ فسانے دلچسپ کہانیاں اور مضامین۔

کویاسنگھا:۔ (مرہٹی) نرنایا ساگر پریس بمبئی سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد: مذہبی و اخلاقی۔

کھتری سماچار:۔ (انگریزی ہندی اور اردو) کھتری پریس شہر مرزاپور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ چار آنے۔ مقصد: پولیٹیکل، سوشل، مارل اور مذہبی و تعلیمی

کھیڑا کھتری وادی پترا:۔ (گجراتی) ندیاد کیرا سے ماہوار شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت پندرہ روپیہ معہ محصول ڈاک۔ مقصد: ہندوستانی

زراعت کی ترقی وغیرہ ۔

معاملات **کیپٹل** :۔ (انگریزی) ۹۰ کلائیو سٹریٹ کلکتے سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے تیس روپے اور عوام سے چونتیس روپے۔ مقصد:۔ سوداگری۔ تجارت اور مالی معاملات۔

کیتھولک ہیرلڈ آف انڈیا :۔ (انگریزی) کیتھولک آرفن پریس کلکتے سے ہر بدھ وار کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ خاص شہر کے لئے ۱۰ روپے۔ دیگر مقامات کے لئے بارہ روپے۔ مقاصد:۔ مذہبی اور ملکی

کیپرا و الائر، ٹیکسٹائل اینڈ انجینئرنگ ڈائرکٹری (انگریزی) ہندوستان پریس فورٹ بمبئی سے سالانہ نکلتی ہے۔ مقصد:۔ پارچہ بافی اور انجینئری کے متعلق معلومات

کیسری :۔ (مرہٹی) پونے سے یہ اولاً اخبار مسٹر تلک کے اہتمام سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے سالانہ۔ مقاصد:۔ پولیٹیکل اصلاح قوم۔

گ

گارڈنرس میگزین :۔ (انگریزی) ۱۸۹۹ء میں جاری ہوا۔ اگری اور ہارٹی کلچرل مسٹر سی گوپال ٹخر روڈ علی پور کی طرف سے ہر مہینے کی پندرہ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ پیشگی یا ڈیڑھ روپے معہ محصول ڈاک۔ مقصد:۔ باغبانی۔ زراعت۔ وغیرہ وغیرہ

کاربولو

گارڈننگ میسنجر :۔ (انگریزی) انڈین گارڈننگ ایسو

الشن ۱۰۱ اپر سرکلر روڈ کلکتے سے کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ دو روپے۔ مقاصد: ایک ماہوار رسالہ باغبانی زراعت وغیرہ کے لئے

گارڈین آف ہیلتھ:۔ (اردو) لاہور سے پانزدہ روزہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے بارہ آنے۔ مقصد: حفظان صحت

گپ شپ:۔ (گجراتی) جام جمشید پریس سے مہینہ میں دوبار نکلتا ہے مقصد: ظریفانہ مضامین۔

گجرات:۔ (اینگلو گجراتی) فورٹ بمبئی سے ہفتہ وار نکلتا ہے۔ مقصد: عام خبریں

گجرات مترا و گجرات درپن:۔ (انگریزی و گجراتی) سورت سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپے اور ایک روپیہ دس آنے محصول کے لئے۔ مقصد: پولیٹکل و سوشل۔

گجراتی۔ (اینگلو گجراتی) الفنسٹن سرکل فورٹ بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے قیمت تین روپے سالانہ محصول ایک روپیہ دس آنہ مقصد ملکی۔ معاشرتی مذہبی اور سائنٹفک۔

گجراتی کیلنڈر:۔ (گجراتی) بمبئی سماچار پریس سے سالانہ نکلتی ہے۔

گرانٹ میڈیکل کالج میگزین:۔ (انگریزی) استری پرنٹنگ ورکس بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ مقصد: طبی مضامین

گریٹ انڈین پنینسولا ریلوے گائڈ:۔ (انگریزی) ۱۸۵۸ء میں جاری ہوا۔ چار مہینے کے بعد لکسٹن پرنٹنگ ورکس میں چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو آنے فی کاپی مقصد: ریلوے ٹائم ٹیبل و نقشہ انضباط اوقات ریلوے۔

گزٹ:۔ (انگریزی) ۱۲ ڈائریکٹر سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے

چندہ سالانہ ۶ روپے - مقصد :- ریلوے افسروں کے لئے انجنیری اور عام معلومات کا رسالہ ہے -

گزٹ آف انڈیا :- (انگریزی) گورنمنٹ سنٹرل پریس ہیسٹنگز سٹریٹ کلکتے سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ پندرہ روپے لوکل اور بیس روپے آٹھ آنے مفصلات -

گلینر :- (انگریزی) نگر کوئل سے ماہوار نکلتا ہے - مقصد - عام مضامین -

گنٹر ڈسٹرکٹ گزٹ :- (انگریزی) گنٹر سے ہفتہ وار نکلتا ہے سرکاری گزٹ ہے -

گنگا :- (اردو) جالندھر سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپے - مقصد :- پولیٹیکل و لٹریری -

گوالیار گزٹ :- (اینگلو ورنیکلر) لشکر گوالیار سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ آٹھ روپے محصول ڈاک ایک روپیہ دس آنے مقاصد :- دوباری احکام اور عام اشتہارات وغیرہ -

گورکھی :- (مرہٹی) گرگام بمبئی سے روزانہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - روزانہ کی قیمت تین روپے سالانہ اور ہفتے وار کی نو آنے - مقصد :- پولیٹیکل سوشل وغیرہ -

گوہر ہند

گیر واشتکار نگینتی :- (سنسکرت) دھاوار سے پانزدہ روزہ شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ ایک روپیہ - مقصد :- سنسکرت زبان کی ترقی -

ل

لا جرنل :- (انگریزی) اسپلینڈ مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے
چندہ دس روپیہ۔ مقصد:- قانون پر بحث اور نکتہ چینی۔

لائٹ آف دی ایسٹ :- (انگریزی) ہر مہینے شام بازار کلکتہ سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپے۔ مقصد:- ہند فلسفہ اور مذہب پر بحث

لا پیر :- (انگریزی) احمد آباد سے ہر ماہ کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپے۔ مقصد:- قانونی معاملات تازہ مقدمات۔

لا پیر زکمپینین :- (انگریزی) ترچنا پلی سے مہینے میں دو بار نکلتا ہے
مقصد:- وکلا۔ مفید قانونی مضامین اور اطلاعیں۔

لائف لائن :- (انگریزی) ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو رنگون سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ ایک روپیہ چھ آنے۔ مقصد:- پرہیزگاری اور اصلاح

لائل پور گزٹ :-

لبرل :- (اردو) اعظم گڈھ سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت اہل شہر سے بلا محصول دو روپے آٹھ آنے بیرونجات سے معہ محصول پیشگی تین روپیہ۔ مقاصد:- گورنمنٹ اور رعایا کی خیر خواہی اور انشا پردازی کی

لٹن گزٹ :- (اردو) دہلی سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد:- خبریں
قیمت سالانہ دو روپیہ۔

لڈ لا ویکلی :- (انگریزی) ہر جمعہ کو الہ آباد سے شائع ہوتا ہے
چندہ پانچ روپے معہ محصول مقصد:- دلچسپی رسالہ ہفتے بھر کی خبریں۔ سوشل

ارٹیکل اور قصے۔

لکر لو بحرانا:- (سنگالی) ۱۳۹ مالیبان سٹریٹ پٹیہ کولمبو سے روزانہ اور ہفتے میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۱۶ اور ۱۳ روپے بالترتیب بلا محصول۔ مقصد:۔ تجارت۔ زراعت۔ سائنس وغیرہ۔

لنکا سناہن:۔ ہفتہ وار تامل اور انگریزی میں کولمبو سے شائع ہوتا ہے ۱۷ جنوری ۱۸۷۷ء سے جاری ہوا چندہ چار روپیہ۔ مقصد:۔ دیسیوں کے فوائد کو آزادی سے تحریک دینا۔

لوک متر:۔ (گجراتی) ہر جمعہ و اتوار کو بمبئی سے شائع ہوتا ہے ۱۸۷۰ء سے جاری ہے چندہ سالانہ تین روپے مقصد:۔ سوشل پولیٹیکل اور تجارتی۔

لی پیٹیٹ بنگالی:۔ (فرانسیسی) چندنگر سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے چندہ چار روپے مع محصول پانچ روپے اگست ۱۸۸۰ء سے جاری ہے۔ مقصد:۔ ہندوستان میں فرانسیسیوں کے فوائد کو ترقی دینا۔

لیک زلفائر:۔ (انگریزی) نینی تال سے ہر بدھ وار کو شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ لوکل خبریں اور اشتہارات۔

لیگل کمپینین:۔ (انگریزی) کوناگر کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپے آٹھ آنے بلا محصول۔ مقصد:۔ مفصلات کے وکلاء کے لئے قانونی امداد بہم پہنچانا۔

لبرٹی:۔ (انگریزی) ہفتہ وار لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے چندہ شہر والوں سے چار روپے اور مفصلات سے پانچ روپے ۱۰ آنے مقصد:۔ سوشل آزادی کی وکالت۔

م

مانزی بھومی :- (بنگالی) چندر نگر سے نکلتا ہے۔ مقصد:- پولٹیکل وسوشل وغیرہ۔

ماڈرن ریویو :- (انگریزی) کلکتہ سے ماہوار نکلتا ہے۔ مقصد:- ہر قسم کے اعلیٰ مضامین کی اشاعت ہے۔ قیمت چھ روپے سال۔

مارننگ :- (اردو) لاہور سے ماہوار نکلتا ہے عام دلچسپی کے مضامین لکھتا ہے۔ قیمت سالانہ دس آنے۔

مارکٹ رپورٹ اینڈ ٹریڈ جرنل :- (انگریزی) مارچی روڈ بمبئی سے ہفتہ وار نکلتا ہے مقصد: تجارت۔

مارننگ پوسٹ :- (انگریزی) دہلی سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چالیس روپے۔ مقاصد:- کنسرویٹیو اور امپیریلسٹ۔

مارننگ سٹار :- (سگاپورین) رنگون سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ۔ مقاصد:- مذہبی اور عام خبریں۔

مارننگ سٹار :- (تامل) جافنا سیلون سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ اور پچیس سینٹ۔ مقصد: پروٹسٹنٹ فرقہ کا ارگن ہے۔

مارواڑی گزٹ :- (مارواڑی) ہفتہ وار روزانہ شب ٹولہ کلکتے سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ۔ مقصد:- مارل سوشل۔

مالابار ڈسٹرکٹ گزٹ :- (انگریزی) گورنمنٹ پریس کالی

ہفتے میں دو بار نکلتا ہے۔

مالا بار ڈیلی نیوز (انگریزی) ٹریوانڈرم (ٹراونکور) سے دن میں دو بار نکلتا ہے مقصد:۔ عام خبریں۔

بانی نروا:۔ (اردو) امرتسر سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک ایک روپیہ چار آنے ہے۔ مقاصد: علمی۔ اخلاقی مجلسی تجارتی۔ زراعتی اور تاریخی مضامین۔

مترا:۔ (ہندی) بابو گنگا پرشاد گپتا نیپالی کھپرا بنارس شہر کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:۔ ہندی ناولوں کا شائع کرنا۔

منتر ولاس:۔ (ہندی) ہر بدھ وار کو لاہور سے شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:۔ ہندو مذہب اور فلسفہ

منتھ بھنی:۔ (تامل) ٹرکوئل سے ماہوار نکلتا ہے

